جامعۂ عثمانیہ سرکارِ عالی

شبستان ، ۱۲

جامعۂ عثمانیہ سرکار عالی

پرچہ ہائے امتحان

سنہ ۱۳۳۷ ف

مطبوعہ دار الطبع جامعۂ عثمانیہ سرکار عالی

امتحان میٹریکیولیشن شعبۂ دینیات سنہ ۱۳۴۷ف م ۱۹۲۸ء

۱۶ ار تیر   یک تا ۲ ساعت

عقائد و منطق   نشانات (۱۰۰)

ہر حصہ میں سے صرف پانچ پانچ سوالوں کے جواب لکھے جائیں۔

الف

(۱) اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور احدیت کے کیا معنی ہیں بیان کرو اور بتلاؤ کہ وہ کس لحاظ سے واحد ہے اور کس لحاظ سے احد ہے۔ (۱۰)

(۲) اللہ تعالیٰ کی صفت علم کے متعلق جو کچھ تمہاری کتاب میں لکھا ہے وہ لکھو۔ (۱۰)

(۳) کلام اللہ قدیم ہے یا حادث اس کے متعلق اہل حق کا عقیدہ بیان کرو (۱۰)

(۴) میثاق الست بربکم کی تشریح کرو۔ (۱۰)

(۵) مرتکب گناہ کبیرہ کے بارے میں اہل سنت کا کیا عقیدہ ہے اور معتزلہ کا کیا اعتقاد ہے بیان کرو۔ (۱۰)

(۶) ایمان میں زیادتی اور کمی ہوتی ہے یا نہیں جو عقیدہ درست ہو اس کو ثابت کرو۔ (۱۰)

(۷) جنت اور دوزخ کے بارے میں کیا اعتقاد رکھنا چاہیے مفصل بیان کرو (۱۰)

ب

(۸) لفظ مفرد و مرکب کی تعریف کرو اور اس کے اقسام بتلاؤ اور لکھو کہ

ذیل کے الفاظ کس کس قسم میں داخل ہیں۔ (۱۰)

"اِضْرِبْ عبد اللہ مَلَکٌ۔ کَتَبْتُ۔ نَصَرَ"

(۹) کلی ذاتی کی تعریف کرو اور اس کے اقسام مع امثلہ بیان کرو۔ (۱۰)

(۱۰) قضیہ شرطیہ کی تعریف کرو اور اس کی قسمیں مع امثلہ کے بیان کرو (۱۰)

(۱۱) تناقض کے شرائط بیان کرو اور تبلاؤ کہ حسب ذیل قضیوں کے کیا نقائض ہیں۔ (۱۰)

ہر نارنگی تُرش ہے۔ بعض پھل میٹھے نہیں ہیں، بعض آم بے ریشہ ہیں، کوئی نشہ حلال نہیں ہے، معصوم جنتی ہے۔

(۱۲) ہر پرندہ حیوان ہے، بعض پرندے کبوتر نہیں ہیں، تبلاؤ یہ کس شکل کا قیاس ہے اور اس کا نتیجہ نکال کر ثابت کرو۔ (۱۰)

(۱۳) قیاس استثنائی کی تعریف کرو اور مثالوں سے اس کی توضیح کرو (۱۰)

(۱۴) ہر پانی شراب ہے، ہر شراب حرام ہے۔ اس قیاس کے مقدمے سچے ہیں پھر نتیجہ کیوں غلط ہے، وجہ بیان کرو۔ (۱۰)

امتحان میٹریکیولیشن شعبۂ دینیات بابت ۱۳۳۷ف مطابق ۱۹۲۸ء

۱۸ تیسر　　　　یک تا ۴ ساعت

فقہ و حدیث　　　　نشانات (۱۰۰)

ہدایت۔ ہر حصہ سے پچاس پچاس نشانات کے سوالات کے جواب لکھے جائیں۔

فقہ

(۱) کن کن اشیاء پر زکوٰۃ ہے مع نصاب و مقدار زکوٰۃ کے بیان کرو۔ (۱۰)

(۲) واجبات و سنن صلوٰۃ کیا کیا ہیں۔ (۲۰)

(۳) ترک فرض کا کیا حکم ہے اور ترک واجب کا کیا حکم (۴)

(۴) مصاہرت سے کونسے رشتے حرام ہوجاتے ہیں (۱۰)

(۵) حج کے کیا فرائض ہیں (۱۰)

(۶) قربانی کے جانوروں کے لئے کیا کیا شرائط ہیں (۶)

حدیث

(۱) احادیث ذیل کا ترجمہ کرو۔ (۱۰)

لم یکن النبی صلی اللہ علیہ وسلم بالطویل ولا بالقصیر شثن الکفین والقدمین ضخم الکرادیس طویل المسربۃ اذا مشی تکفأ تکفأ کانما ینحط من صبب لم ار قبلہ ولا بعدہ مثلہ صلی اللہ علیہ وسلم

(۲) کان لنعل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبالان مثنی شراکھما۔ (۵)

(۳) قالت اتیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم بقناع من رطب واجر زغب فاعطانی ملأ کفہ حلیا او قالت ذھبا۔ (۱۰)

(۴) کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم متواصل الاحزان دائم الفکرۃ لیس بالجافی ولا المھین ولا تغضبہ الدنیا ولا ما کان لھا فاذا تعدی الحق لم یقم لغضبہ شیٔ حتی ینتصر لہ لا یغضب لنفسہ ولا ینتصر لھا اذا غضب اعرض واشاح واذا فرح غض طرفہ جل ضحکہ التبسم یفتر عن مثل حب الغمام۔ (۲۰)

(۵) کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دائم البشر سھل الخلق لین الجانب لیس بفظ ولا غلیظ ولا صخاب ولا فحاش ولا عیاب ولا مشاح واذا تکلم اطرق جلسائہ کانما علی روسھم الطیر۔

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبۂ دینیات ۱۳۴۳ف مطابق سنہ ۱۹۲۸ء

۹ ستمبر — ۱۰ تا ایک ساعت

اصول فقہ و منطق — نشانات (۱۰۰)

اصول فقہ

(۱) ظاہر اور نص کی تعریف لکھو پھر دو ایک آیۃ کلام پاک بطور مثال لکھ کر تعریف اور مثال میں تطبیق دو۔ (۱۰)

(۲) متعلقات نصوص کی توضیح کرو اور کسی آیت کو لکھکر اس سے ان کی تشریح کرو (۱۰)

(۳) صیغۂ امر سے جب کسی کام کرنے کا حکم دیا جائے تو مامور پر تعمیل واجب ہو گی یا نہیں، بہ تقدیر اوّل آیۃ کریمہ "اذا حللتم فاصطادوا" کے بموجب محرم جب احرام سے فارغ ہو تو شکار کرنا واجب ہوگا حالانکہ اسکا کوئی قائل نہیں اور بر تقدیر ثانی واجبات شرعیہ مباح ہوئے جاتے ہیں۔ (۱۰)

(۴) امر مقتضی تکرار کا ہوتا ہے یا نہیں بر تقدیر ثانی نماز پنجگانہ ہر روز کیوں ادا کی جاتی ہے سلیس عبارت میں اس کا جواب لکھو (۱۰)

(۵) صحت قیاس کے شرائط کیا ہیں واضح طور پر بیان کرو۔ (۱۰)

منطق

(۱) جزئی حقیقی اور جزئی اضافی میں نسب اربعہ میں سے کونسی نسبت پائی جاتی ہے مثال دیکر اس نسبت کو واضح کرو۔ (۱۰)

(۲) کیا منطقی کلمہ مفرد کے اوسی قسم کو کہتے ہیں جسے نحوی فعل کہتے ہیں اسکا۔ جواب ایجابی ہو یا سلبی دلیل و مثال کے ساتھ لکھو۔ (۱۰)

(۳) برہان انیّ اور برہان لمّی کی تعریف مع مثال لکھو۔ (۱۰)

(۴) عکس نقیض اور عکس مستوی کی تعریف مع مثال لکھو۔ (۱۰)

(۵) قیاس خلف کی تعریف بیان کرو اور کوئی مثال دیکر اوس تعریف کی توضیح کرو۔ (۱۰)

*

امتحان انٹرمیڈیٹ (شعبۂ دینیات) ۱۳۴۵ف مطابق ۱۹۲۶ء

وقت تین پہر ۲ تا ۵ ساعت

فقہ و فرائض نشانات (۱۰۰)

فقہ

اطلاع ۔ ۵ سوالات کے جواب مطلوب ہیں ۔

(۱) دو برتنوں میں پانی بھرا ہوا ہے ۔ ان میں سے ایک کا پانی پاک ہے اور دوسرے کا نجس ۔ مصلی نہیں جانتا کہ ان میں سے نجس کون ہے اور پاک کون ۔ پس اس صورت میں وضو کرے یا تیمم ۔ اس میں ائمہ کا اختلاف کیا ہے مع وجہ بیان کرو ۔ ۱۰

(۲) خف ۔ جرموق ۔ جورب میں کیا فرق ہے اور ان پر مسح کرنے کا کیا حکم ہے ۱۰

(۳) کن نمازوں میں تاخیر مستحب ہے اور کن شرائط سے اور تاخیر و تعجیل کا معیار کیا ہے ۔ ۱۰

(۴) فرائض صلواۃ اور شرائط صلواۃ میں کیا فرق ہے اور وہ کیا کیا ہیں ۔ ۱۰

(۵) کونسے نسبی قرابتدار ہیں جن سے نکاح صحیح نہیں ۔ ۱۰

(۶) نسب ولد معتدہ رجعی کس قدر زمانے تک اور کس شرط سے ثابت ہوسکتا ہے ۔ مع دلیل لکھو ۔ ۱۰

(۷) لعان کن شرائط سے صحیح ہے اور اسکی صورت کیا ہے ۔ ۱۰

(۸) خلع کی تعریف کیا ہے اور اس میں اور طلاق بالمال میں کیا فرق ہے اور وہ فسخ ہے یا طلاق ۔ طلاق ہے تو کس قسم کی ۔ ۱۰

فرائض

اطلاع ـ ۴ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں ـ سوال نشان (۷) لازمی ہے

(۱) وہ کونسے امور ہیں جو تقسیم میں ورثہ سے مقدم ہیں مع وجہ لکھو ـ ۱۰

(۲) موانع ارث کیا کیا ہیں مع تفصیل لکھو ـ

(۳) اب کے احوال کیا کیا ہیں ـ ۱۰

(۴) ولا یرثن مع الصلبیتین الا ان یکون بحذائهن او اسفل منهن

غلام فیعصبهن والباقی بینهم للذکر مثل حظ الانثیین

اس عبارت کا مطلب صاف طور سے بیان کیجے ـ نقشہ کھینچ کر توضیح کیجے ـ ۱۰

(۵) اخوت علاتیہ کے احوال کیا کیا ہیں ـ ۱۰

(۶) عصبہ بنفسہ کی تعریف اور اقسام بیان کیجے ـ ۱۰

۷ کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلے میں کہ ایک عورت مرگئی اور اس نے یہ وارث چھوڑے ـ زوج ـ بنت ـ اور ام ـ پھر زوج مرگیا اور ایک زوجہ اور ماں باپ چھوڑ مرے ـ پھر بیٹی بھی مرگئی اور یہ وارث چھوڑے دو ابن ایک بنت اور جدہ ـ پھر جدہ بھی مرگئی اور یہ وارث چھوڑے ـ زوج اور اخوین بینوا توجروا ـ

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبۂ دینیات ۱۳۴۷ھ م ۱۹۲۸ء

۱۰ مارچ تیسرا　　　　۱۰ تا ایک ساعت

تفسیر　　　　نشانات (۱۰۰)

نمبر مساوی ہیں۔ پانچ سوالوں کا جواب لکھنا لازم ہے۔

(۱) "وقاتلوھم حتی لا تکون فتنۃ ویکون الدین للہ فان انتھوا فلا عدوان الا علی الظالمین"۔ اس آیت کا حاصل لکھو اور بتاؤ کہ اس میں کیا حکم دیا گیا ہے۔ فتنہ اور یکون الدین للہ سے کیا مراد ہے مخالفین یہ شبہ کرتے ہیں کہ قرآن نے تلوار سے اسلام کی اشاعت کرائی اور ثبوت میں یہ آیت پیش کرتے ہیں، آیا یہ صحیح ہے؟

(۲) "ورفعنا فوقکم الطور خذوا ما اتینا کم بقوۃ واذکروا ما فیہ لعلکم تتقون"۔ طور کے معنی اور رفع طور سے جو غرض ہے لکھو۔ خذوا ما اتینا کم میں کون مخاطب ہیں اور ما اتینا سے کیا مراد ہے اور اس کے اخذ کے کیا معنی ہیں، یہ آیت لا اکراہ فی الدین کے مناقض ہے ان دونوں آیتوں میں وجہ توافق کیا ہے؟

(۳) "ومن یرغب عن ملۃ ابراھیم الا من سفہ نفسہ ولقد اصطفیناہ فی الدنیا وانہ فی الاخرۃ لمن الصالحین"۔ اس آیت کا ترجمہ لکھکر بتاؤ کہ رغب کا کیا محاورہ ہے۔ ملۃ ابراہیم سے کیا مراد ہے سفہ نفسہ سے کیا مقصود ہے اصطفاء کے معنی اور اس کو

دنیا سے مخصوص کرنے اور اصلاح کو آخرۃ سے مخصوص کرنے کی کیا وجہ ہے اور جملہ لقد اصطفینا کو ماسبق سے کیا ربط ہے اور اس پوری آیت کو ماقبل کلام سے کیا تعلق ہے؟

(۴) "وعلی الذین یطیقونہ فدیۃ طعام مسکین"۔ اس آیت کی ترکیب کے بعد جو حکم اس میں دیا گیا ہے بیان کرو اور اس میں جو مفسرین کا اختلاف ہے اسے بھی بتاؤ تمہارے نزدیک اس آیت کے صحیح معنی کیا ہیں اور الذین سے کیا مُراد ہے؟

(۵) "ولا تجعلوا اللہ عرضۃ لایمانکم ان تبروا وتتقوا وتصلحوا بین الناس"۔ عرضۃ کے کیا معنی اللہ کو ایمان کے عرضہ بنانیکا کیا مطلب ہے ان تبروا کا کس سے تعلق ہے اور نیز بتاؤ کہ اس سے کیا حکم معلوم ہوا؟

(۶) "لاجناح علیکم ان طلقتم النساء ما لم تمسوھن او تفرضوا لھن فریضۃ ومتعوھن علی الموسع قدرہ وعلی المقتر قدرہ" جناح۔ لمس النساء۔ فریضہ۔ متعہ۔ موسع۔ مقتر کے یہاں کیا معنی ہیں اور نیز جو امر یہاں سے ثابت ہوتا ہے اسے لکھو۔

(۷) "وامنوا بما انزلت مصدقا لما معکم ولا تکونوا اول کافر بہ"۔ ما انزلت۔ اور لما معکم۔ اور اول کافر سے کیا مُراد ہے اور ما انزلت کے مصدق ہونے کے کیا معنی ہیں اور اس آیت میں کس کی طرف خطاب ہے؟

(۸) "والارض مددنٰھا والقینا فیھا رواسی وانبتنا فیھا من کل زوج بھیج تبصرۃ وذکری لکل عبد منیب"۔ والارض ترکیب میں کیا ہے۔ رواسی مفرد ہے یا جمع۔ جمع ہے تو مفرد کیا ہے۔

رواسی۔ بہیج۔ تبصرہ۔ ذکری۔ منیب۔ کے معنی کیا ہیں اور آیت کا بامحاورہ ترجمہ کیا ہوگا؟

(۹) "فی سموم وحمیم وظل من یحموم لا بارد ولا کریم انہم کانوا قبل ذالک مترفین وکانوا یصرون علی الحنث العظیم"

سموم۔ حمیم۔ ظل۔ یحموم۔ بارد۔ کریم۔ اتراف۔ اصرار۔ حنث۔ کے معنی لکھئے۔ اور بتائیے کہ ذالک کا اشارہ کس طرف ہے اور آیت کا ترجمہ بامحاورہ کیا ہوگا؟

(۱۰) "کلا انہا لظی نزاعۃ للشوی تدعوا من ادبر وتولی وجمع فاوعی ان الانسان خلق ھلوعا اذا مسہ الشر جزوعا واذا مسہ الخیر منوعا"۔ پہلے اس آیت کے الفاظ کا حل کرو پھر اس کا ترجمہ کرو۔

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبۂ دینیات بابت ۱۳۴۷ف م ۱۹۲۸ء

۱۰ ؍ تیر ۲ تا ۵ ساعت

حدیث و اصول حدیث نشانات (۱۰۰)

(ا) احادیث ذیل کا اُردو میں بامحاورہ ترجمہ کرو۔ (۱۵)

(۱) ید الله ملای لا تغیضها نفقة سحاء اللیل والنهار ارائتم ما انفق منذ خلق السماء والارض فانه لم یغض ما فی یده وکان عرشه علی الماء وبیده المیزان یخفض ویرفع۔

(۲) مثل المنافق کالشاة العائرة بین الغنمین تعیر الی هذه مرة والی هذه مرة۔

(۳) انما مثلی ومثل ما بعثنی الله به کمثل رجل اتی قوما فقال یاقوم انی رائیت الجیش بعینی وانی انا النذیر العریان فالنجاء النجاء فاطاعه طائفة من قومه فادلجوا فانطلقوا علی مهلهم فنجوا اوکذبت طائفة منهم فاصبحوا مکانهم فصبحهم الجیش فاهلکهم واجتاحهم۔

(۲) ذیل کی حدیث میں جو مشکل لغات آئے ہیں ان کے معانی بتاؤ۔

لم یکن بالطویل الممغط ولا بالقصیر المتردد وکان ربعة من القوم ولم یکن بالجعد القطط ولا بالسبط کان جعدا رجلا ولم یکن بالمطهم ولا بالمکلثم وکان فی الوجه

تدویر ابیض مشرب اذعج العینین اهدب الاشفار جلیل المشاش والکتد اجرد ذو مسربة شثن الکفین والقدمین اذا مشی یتقلع کانما یمشی فی الصبب۔ (۱۵)

(۳) قال یهودی لصاحبہ اذهب بنا الی هذا النبی فقال له صاحبه لا تقل نبی انه لو سمعك لکان له اربع اعین فاتیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فسالاہ عن آیات بینات الخ

اس حدیث میں "لکان اربع اعین" کا کیا مطلب ہے؟ اور آیات بینات سے کیا مراد ہے؟ کیا اس حدیث میں ان کی تفصیل ہے؟ (۱۰)

(۴) عن ابی هریرة قال حفظت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعائین فاما احدهما فبثثته فیکم واما الاخر فلو بثثته قطع هذا البلعوم۔

یہ دوسرے قسم کا علم جس کی اشاعت پر حضرت ابوہریرہؓ کو گلا کاٹے جانے کا خوف تھا کیا ہے؟ (۱۰)

(۵) قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعطیت خمسا لم یعطهن احد قبلی الخ (۱۰)

رسول اللہ صلعم کے ان مختصات خمسہ کی تفصیل کرو کہ وہ کیا ہیں؟

(۶) معلق، مرسل اور معضل میں باہم کیا فرق ہے؟ (۱۰)

(۷) متابع اور شاہد کس کو کہتے ہیں؟ (۱۰)

(۸) عدالت کی تعریف کرو اور بتاؤ کہ شاہد اور راوی کی عدالت میں کیا نسبت ہے؟ (۱۰)

(۹) حدیث غریب و عزیز کی تعریف کرو۔ (۱۰)

امتحان انٹرمیڈیٹ (شعبہ دینیات) ۱۳۴۷ ف مطابق ۱۹۲۸ء

۸ ر تیر ۲ تا ۵ ساعت

کلام و فلسفہ نشانات (۱۰۰)

شرح عقائد

(۱) کلام ۔ فقہ ۔ اصول فقہ ۔ ہر ایک کی تعریف قابل فہم عبارت میں لکھو ۔ ان کا امتیاز ذاتی یعنی ہر ایک کا موضوع بیان کرو ۔

(۲) معتزلہ کی وجہ تسمیہ کیا ہے ۔ رئیس المعتزلہ واصل بن عطاء ارتکاب کبیرہ کی نسبت کیا کہتا ہے ۔ "المنزلۃ بین المنزلتین" سے مراد کیا جنت اور دوزخ کا درمیانی درجہ ہے جسے اعراف کہتے ہیں ۔ معتزلہ نے خود اپنا نام کیا رکھا ہے اوسکی وجہ تسمیہ بھی بتانا ۔

(۳) (حقائق الاشیاء ثابتہ) کی دونوں دلیلیں تحقیقی اور الزامی لکھو ۔

(۴) علم کے اسباب کتنے ہیں اور کیا کیا ہیں ۔ شارح نے اس مقام پر علم کے کیا معنی بیان کئے ہیں ۔

(۵) شارح نے اسکے کونسے دلائل پیش کئے ہیں کہ واجب تعالیٰ کے صفات زاید علی الذات ہیں اور اوسکی ذات کے ساتھ قائم اور منضم ہیں ۔

ہدایۃ الحکمۃ

(۶) جزء لایتجزیٰ کی صحیح تعریف کرو ۔ اوس کے بطلان کی دونوں دلیلیں بیان کرو

(۷) بادِ تند یعنی آندھی کے کیا اسباب ہیں مفصل بیان کرو۔

(۸) مقولۂ کم کی تعریف کیا ہے۔ اوس کے اقسام کونسے بیان کیے گئے ہیں۔ تعریفات اور مثالوں سے سمجھاؤ۔

امتحان بی اے شعبہ دینیات ۳۳۷ا فم سنہ ۱۹۲۸ء

۱۱ مارچ ۱۱ تا ۲ ساعت

فقہ نشانات (۱۰۰)

ہدایت۔ صرف چھ سوالوں کے جواب لکھے جائیں مگر سوال نہم لازم ہے۔

۱) تبلائیے کہ کن کن صورتوں میں مشتری خیار عیب کی بنا پر مبیع بائع کو واپس نہیں کرسکتا ہے اور کیوں۔ نیز ان میں سے کن کن صورتوں میں اسکو رجوع بالنقصان کا حق حاصل ہے۔ اور کن کن صورتوں میں اُسکا یہ حق بھی ساقط ہوجاتا ہے۔ جواب مدلل ہونا چاہیئے۔ (۱۶)

۲) بیع باطل اور بیع فاسد کی تعریفیں کیجئے اور ان دونوں کے احکام بیان کیجئے اور احکام میں امام صاحب اور صاحبین میں جو اختلاف ہو اُسکی توضیح مع دلائل کیجئے۔ (۱۶)

۳) ربٰا کی تعریف کیجئے اور اُسکی علت حرمت میں جو اختلاف ہے اُس کو مع دلائل بیان کیجئے اور دوسرے ائمہ کے دلائل کے جواب دیتے ہوئے مذہب حنفی کو ثابت کیجئے۔ (۱۶)

۴) (ولو قال مالی فی المساکین صدقۃ فھو علی ما فیہ الزکوٰۃ وان اوصی بثلث مالہ فھو علی ثلث کل شیٔ۔) اصول تعبیر و اطلاق کے رو سے دونوں جگہ مال کے معنے جداجدا کیوں لئے گئے ہیں مدلل بیان کیجئے اور اس مسئلہ میں جو اختلاف ہے وہ بھی مدلل لکھئے۔ (۱۶)

(۵) کن مقدمات میں گواہوں کا تزکیہ ضروری ہے اور کن مقدمات میں ضروری نہیں ہے بیان کیجئے اور بتلائیے کہ اس مسئلہ میں کیا اختلاف ہے اور وجہ اختلاف کیا ہے۔ نیز تزکیہ کے دونوں قسموں کی توضیح کیجئے۔ اور بتلائیے کہ ان میں سے کونسی قسم اس زمانہ کے مناسب ہے۔ (۱۶)

(۶) کن کن دعووں میں منکر سے حلف نہیں لیا جائیگا اور کیوں مفصل لکھئے۔ (۱۶)

(۷) ایک شخص کے پاس ہزار روپیہ ہیں اور دو آدمی مدعی ہیں ہر ایک دعوی کرتا ہے کہ اس کے پاس یہ ہزار روپیہ میرے ہیں ثبوت دونوں میں سے کسی کے پاس بھی نہیں ہے مدعی علیہ دونوں کے دعوں سے منکر ہے اس مقدمہ میں قاضی کسطرح فیصلہ کریگا اور کس ثبوت پر کیا فیصلہ ہوگا۔ مدلل لکھئے۔ (۱۶)

(۸) کن کن صورتوں میں شفیع کا شفعہ باطل ہوجاتا ہے شرح بیان کیجئے۔ (۱۶)

(۹) زید کا انتقال ہو گیا اُسکا بھائی عمرو زید کی جائداد پر قابض ہے ایک شخص خالد جو زید سے پچیس سال کم عمر ہے مدعی ہے کہ میں زید کا فرزند ہوں لہذا زید کا ترکہ مجھے ملنا چاہیئے عمر اُسکی فرزندی سے انکار کرتا ہے۔ خالد ولید اور حمید دو گواہ اپنے دعوے کے ثبوت میں پیش کرتا ہے۔ یہ دونوں خالد سے کم عمر ہیں۔ گواہ اپنے بیان میں لکھاتے ہیں کہ خالد زید کا فرزند ہے اور اسکی ماں کا نکاح زید کے ساتھ ہوا تھا نکاح کے ایک سال بعد زید پیدا ہوا۔ تزکیہ میں گواہ مجروح نہیں قرار پاتے۔ اس مقدمہ کا مدلل فیصلہ لکھئے۔ (۲۰)

امتحان بی۔اے (شعبۂ دینیات) ۱۳۴۶ف مطابق ۱۹۲۸ء

۱۶ ماہ تیر ۱۱ تا ۲ ساعت

اصول فقہ نشانات ۱۰۰

۱ عام کے الفاظ کس قدر ہیں؟ ایک ایک مثال کے ساتھ بتاؤ۔ ۱۰

۲ لفظ مشترک ایک ساتھ ایک سے زائد معنی میں کیوں نہیں استعمال کیا جاسکتا؟ اور جو لوگ اسکو جائز سمجھتے ہیں اونکی دلیل کیا ہے؟ ۱۰

۳ مفہوم مخالف کی تعریف کرو، اور اوسکے اقسام و شرائط بتاؤ۔ ۲۰

۴ قدرت کی کتنی قسمیں ہیں؟ اور ان میں بقار واجب کے لئے کس کی بقار ضروری ہے؟ ۱۰

۵ ادار کامل، ادار قاصر، ادار شبیہ بالقضار کی تعریف کرو اور اون کی ایک ایک مثال دو۔ ۱۰

۶ انقطاع ظاہر اور انقطاع باطن کی تعریف کرو اور اسکی مثالیں بھی دو۔ ۱۰

۷ علت قیاس کی تعریف کرو، اور بتاؤ کہ کن طریقوں سے علت کی شناخت ہوسکتی ہے؟ ۲۰

۸ استحسان کی تعریف کرو اور اوسکی کوئی مثال پیش کرو۔ ۱۰

امتحان بی۔ اے (شعبۂ دینیات) ۱۳۴۷ھ م ۱۹۲۸ء

(۱)

۱۷؍ ستمبر ۱۱ تا ۲ ساعت

تفسیر۔ بیضاوی شریف نشانات (۱۰۰)

(۱) سورۂ فاتحہ کے اسماء میں السبع المثانی بھی ہے اس تسمیہ کی وجہ خصوصاً المثانی کے وجوہ لکھو نیز یہ بھی بتاؤ کہ سورۂ فاتحہ مکی ہے یا مدنی۔

(۲) قرار مکہ اور مدینہ کا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں کیا اختلاف ہے امام ابوحنیفہ اور امام محمد اور امام شافعی رحمہم اللہ کی اس بارے میں جو رائے ہے وہ مع ہر ایک کی دلیل کے بیان کرو۔

(۳) حمد۔ مدح۔ شکر۔ ذم کے معانی مع وجوہ فرق کے لکھو اور ان کے موارد استعمال کو بھی ظاہر کرو۔

(۴) انّ الذین کفروا الخ اس جملہ کو سابق سے کیا ربط ہے اور اس کے ماسبق پر عطف نہ کرنے کی کیا وجہ۔ اِنّ کے فعل کے مشابہ ہونے کی وجہ اور اس کے ایراد کے فوائد کیا ہیں۔ کَفَر بالفتح کے اصل میں کیا معنی ہیں اور اہل لغت کس معنی میں استعمال کرتے ہیں اور اہل شرع کس میں دونوں میں کیا فرق ہے معتزلہ اس آیت سے حدوث قرآن پر جو دلیل پیش کرتے ہیں اس کو مع اس جواب کے جو اشاعرہ کا ہے لکھو۔

(۵) ویمدھم فی طغیانھم یعمھون ۔ مدا لجیش۔ امدہ مددت السراج والارض۔ مدلہ۔ ان جملوں کے معانی اور ان میں فرق ظاہر

کرو۔ اور نیز عمہ۔ عمی میں جو فرق ہے وہ بھی بتاؤ۔ اشاعرہ اس آیت سے معتزلہ پر کیا شبہ کرتے ہیں مع اس کے جواب کے لکھو۔

(۶) (فسواھن) عدلھن و خلقھن مصونة من العوج والفطور وھن ضمیر السماء ان فسرت بالاجرام لانه جمع او ھو فی معنی الجمع والا فمبھم یفسرہ ما بعدہ کقولھم ربه رجلا (سبع سموات) بدل او تفسیر۔ اس عبارت کا ترجمہ کرو اور حاصل لکھو۔

(۷) والذین ھادوا والنصاری والصابئین۔ ہاد اور تہود کا فرق اور موقع استعمال کیا ہے۔ النصاری مفرد ہے یا جمع۔ مفرد ہے تو جمع اور جمع ہے تو اس کا مفرد کیا ہے۔ نصرانی کی یٰ کس معنی کیلئے ہے اور نصرانی کی وجہ تسمیہ کیا ہے۔ صابی کے معنی اور لفظ کی تحقیق اور اس کا مورد استعمال کیا ہے۔

(۸) واللہ مخرج ما کنتم تکتمون۔ مظھرہ لا محالة واعمل مخرج لانه حکایة مستقبل کما اعمل باسط ذراعیه لانه حکایة حال ماضیة۔ اس کا لفظی ترجمہ اور مطلب کیا ہے۔

(۹) ربنا وابعث فیھم رسولا منھم یتلوا علیھم ایاتك ویعلمھم الکتاب والحکمة ویزکیھم انك انت العزیز الحکیم۔ اس آیت کے الفاظ کی تفسیر صاحب بیضاوی نے جو کی ہے لکھو۔

(۱۰) لاجناح علیکم فیما عرضتم به من خطبة النساء او اکننتم فی انفسکم علم اللہ انکم ستذکرونھن ولکن لا تواعدوھن سرا ولا تعزموا عقدة النساء۔ اس آیت کا ترجمہ لفظی پھر اس کا حاصل اور وہ احکام جو اس سے معلوم ہوئے لکھو۔

امتحان بی۔اے شعبہ دینیات ۱۳۴۷ھ م ۱۹۲۸ء

۱۰ ستمبر ـــــــ ۱ تا ۴ ساعت

تفسیر پرچہ دوم۔ قرآن مجید ـــــــ نشانات (۱۰۰)

ہدایت۔ صرف پانچ سوالوں کا جواب دو۔ سوالات کے نشان مساوی ہیں۔ حق انتخاب تم کو ہے۔

(۱) (سورۂ ذاریات پارہ ۲۶) یوم ھو علی النار یفتنون ٥ ذوقوا فتنتکم ھذا الذی کنتم بہ تستعجلون ٥

اس آیت کے متعلق حسب ذیل سوالوں کا جواب دو۔

(الف) یہ بتاؤ کہ اس آیت میں یفتنون یا فتنہ سے کیا مراد ہے۔

(ب) ذوقوا فتنتکم میں کیا بلاغت ہے؟ کیا فتنہ اس محل میں کسی خاص معنی میں استعمال کیا گیا ہے، وہ کیا ہیں۔

(ج) الذی کنتم بہ تستعجلون یہ کب اور کس وقت ہوا؟ کیا یہ حقیقت تھی یا اون کا مقصود کچھ اور تھا، وہ کیا۔

(د) ذوقوا الآیہ اس کا قائل کون ہوگا

(۲) (سورۂ حدید پارہ ۲۷) ورھبانیۃ ابتدعوھا ما کتبناھا علیھم الا ابتغاء رضوان اللہ فما رعوھا حق رعایتھا،

اس آیت کے متعلق حسب ذیل سوالوں کا جواب دو،

(الف) رھبانیۃ غیر معروف چیز تھی اسکے سوا قرآن میں اسکا کہیں ذکر نہیں،

غیر معلوم چیز کا کیوں اسطرح پر ذکر ہوا؟

(ب) ما کتبنا ہا علیہم کتابت سے کیا مراد ہے؟ اس لفظ کا قرآن مجید کے دیگر مقامات میں کس معنے میں استعمال ہوا ہے؟

(ج) الا ابتغاء رضوان اللہ یہ استثناء کس سے ہے؟ جس سے بھی استثناء ہو اس کے معنے کیا ہوں گے؟

(د) ابتدعوہا کیا بتاتا ہے؟ فما رعوہا حق رعایتہا رعایت حقہ کیا تھی جو نہیں کی گئی۔

(۳) (سورۂ حشر پارۂ ۲۸) ما افاء اللہ علی رسولہ من اہل القریٰ فللہ وللرسول ولذی القربیٰ والیتمیٰ والمساکین وابن السبیل کی لا یکون دولۃ بین الاغنیاء منکم۔

اس آیت کے متعلق حسب ذیل سوالوں کا جواب دو۔

(الف) یہ فے (غنیمت) کیوں اللہ ورسول ودیگر مذکورین فی الآیۃ کے لئے مخصوص ہوا؟ عام مومنین شریک نہیں کئے گئے۔

(ب) کی لا یکون دولۃ بین الاغنیاء منکم تخصیص کا ہونا صاف ہو گیا؟ دولۃ کے معنے کیا ہیں؟ اغنیا کی تخصیص نفی کیوں ہوئی؟ اس سے کیا ثابت ہوا؟

(ج) کی کون حرف ہے۔ اس سے خدا کے فعل کا معلل بالغرض ہونا لازم آتا ہے؟ حالانکہ یہ باطل ہے؟ نیز یہ غایۃ کس کی ہے؟

(۴) (سورۂ حشر) والذین تبوؤا الدار والایمان من قبلہم یحبون من ہاجر الیہم ولا یجدون فی صدورہم حاجۃ مما اوتوا ویؤثرون علیٰ انفسہم ولو کان بہم خصاصۃ۔

اس آیت کے متعلق حسب ذیل سوالوں کا جواب لکھو؟

(الف) اس آیۃ کا معنی خیز ترجمہ لکھو، شان نزول معلوم ہو تو بتاؤ۔
(ب) دار سے کیا مراد ہے، عام یا خاص، تبوء دار کے معنی کیا ہوں گے۔
(ج) یحبون من ہاجر الیہم کس گروہ کیطرف اس سے اشارہ ہوتا ہے
یہ محبت کونسی محبت ہے،
(د) ایمان کے تبوء کے کیا معنی ہوئے کیا ایمان ذو مادہ و مجسم چیز ہے
(۵) (پارہ ۲۸ سورہ جمعہ) وآخرین منھم لما یلحقوا بھم وھو العزیز الحکیم
اس آیۃ کے متعلق حسب ذیل سوالات کا جواب لکھو،
(الف) اس کا تعلق ماقبل سے ظاہر کرو، اور معطوف علیہ بتاؤ،
(ب) آخرین ترکیب نحوی میں کیا واقع ہے، دو ہی احتمال ہیں اور صحیح
کون ہے۔
(ج) لما یلحقوا بھم ترکیب میں کیا ہے، نون اعرابی کہاں گیا۔
(د) اس بشارت کا زمانہ کب تک ہے،
(ہ) وھو العزیز الحکیم، یہ اور دیگر مقاطع آیات ماسبق سے تعلق مفید
رکھتے ہیں یا غیر مفید، اس کا فائدہ ماسبق پر ظاہر کرو،
(۶) (پارہ ۲۹ سورہ قلم) افنجعل المسلمین کالمجرمین ٥ ما لکم کیف تحکمون ٥ ام لکم
کتٰب فیہ تدرسون ٥ ان لکم فیہ لما تخیرون ٥ ام لکم ایمان
علینا بالغۃ الی یوم القیٰمۃ ان لکم لما تحکمون۔
حسب ذیل سوالوں کا جواب دو۔
(الف) افنجعل المسلمین کالمجرمین، اس سے کس قسم کی مماثلت مراد ہے جس کا
استفہام انکاری کیا گیا ہے، یہ مماثلت دنیاوی ہے یا اخروی یا دونوں موجب
تصریح کرو۔

(ب) ءالکم کیف تحکمون، کم کا مخاطب کون گروہ ہے۔ اونکا حکم کیا تھا۔
(ج) ام لکم کتب فیہ تدرسون، اگر ہوگی تو کونسی کتاب ہوگی، فیہ کا مرجع بتاؤ،
تدرسون سے خاص کیا فائدہ ہوا۔
(د) تخیر کے معنی لکھو اور فیہ کا مرجع بتاؤ۔
(۷) آیات مندرجہ سوال ششم کی جو ترتیب ہے اوسکا حسن ظاہر کرو، اگر
ترتیب بدل دی جائے تو کیا قبح ہو سکتا ہے۔ بالغۃ ترکیب میں کیا ہے،
اور ترجمہ فصیح جس سے آیات کی ہر بات سمجھی جا سکے لکھو۔

امتحان بی۔ اے (شعبۂ دینیات) ۱۳۴۷ھ مطابق ۱۹۲۸ء

۱۷ ستمبر — ۱۱ تا ۲ ساعت

حدیث (موطا) — نشانات (۱۰۰)

(۱) عن ابن عمر انه کان یقول عدة ام الولد اذا توفی عنها سیدها حیضة۔

عن علی بن ابی طالب انه قال عدة ام الولد ثلث حیض۔

عن رجاء بن حیوة ان عمرو بن العاص سئل عن عدة ام الولد فقال لا تلبسوا علینا فی دیننا ان تک امة فان عدتها عدة حرة۔

بتاؤ کہ ان آثار میں وجہ ترجیح کیا ہے؟ عدت ام ولد میں امام ابو حنیفہ کا مذہب کیا ہے اور ان کی حجت کیا ہے؟ (۱۲)

(۲) ان عمر بن عبید اللہ ارسل الی ابان بن عثمان وابان امیر المدینة وهما محرمان فقال عمر انی اردت ان انکح طلحة بن عمر ابنة شیبة بن جبیر واردت ان تحضر ذلک فانکر علیه ابان وقال انی سمعت عثمان بن عفان قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم لا ینکح المحرم ولا یخطب ولا ینکح اور روایت کیا ہے ابن عباس نے کہ نکاح کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میمونہ بنت الحارث (ان کی خالہ) سے احرام میں۔ یہ حدیث صحیحین میں ہے۔ نیز روایت کیا ہے ابو داؤد و ترمذی و مسلم و ابو یعلی وغیرہ محدثین نے خود بی بی میمونہ سے کہ

نکاح کیا ان سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حلال ہوکر۔ مسئلہ نکاح محرم میں ائمہ کا کیا اختلاف ہے۔ اور امام اعظمؒ کا مذہب کیا ہے اور ان مختلف احادیث میں توفیق کس طرح ہے۔ اور مذہب امام اعظمؒ کی ترجیح کس طرح۔ (۲۲)

(۳) اتجروا فی اموال الیتامی لا تاکلها الزکوٰة اخرجه الطبرانی۔

عن عائشة کانت تلی بنات اخیها یتامی فی حجرها لهن حلی فلا تخرج من حلیهن الزکوٰة اخرجه مالک۔ زکوٰۃ مال یتیم میں ائمہ کا کیا اختلاف ہے تفصیل سے لکھو اور امام اعظم کا مذہب کیا ہے۔ مع وجہ ترجیح بیان کرو۔ (۱۴)

(۴) عن ابن عمر انه قال لا تبکوا علی موتاکم فان المیت یعذب ببکاء اهله علیه۔

اس مسئلہ میں بی بی عائشہ کا کیا مذہب ہے مع استدلال بیان کرو۔ اور اس حدیث کا کیا مطلب ہے۔ (۱۲)

(۵) کان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یجمع بین الظهر والعصر فی سفرة الی تبوک۔ اخرجه مالک بلغنا عن عمر بن الخطاب انه کتب فی الافاق ینهاهم ان یجمعوا بین الصلوتین ویخبرهم ان الجمع بین الصلاتین فی وقت واحد کبیرة من الکبائر۔

جمع بین الصلاتین میں ائمہ کا کیا اختلاف ہے اور امام اعظمؒ کا کیا مذہب ہے مع وجوہ بیان کرو۔ (۱۵)

(۶) عن عبد الرحمن بن عبد القاری انه خرج مع عمر بن الخطاب لیلة رمضان فاذا الناس اوزاع متفرقون یصلی الرجل فیصلی

بصلاته الرھط فقال عمر واللہ انی لاظننی لوجمعت ھولاء علی قارئ واحد لکان امثل ثم عزم فجمعھم علی ابی بن کعب قال ثم خرجت معہ لیلۃ اخری والناس یصلون بصلوۃ قارئھم فقال نعمت البدعۃ ھذہٖ والتی ینامون عنھا افضل من التی یقومون فیھا۔

(ا) اس حدیث کا واضح ترجمہ کرو۔

(ب) عبد القاری۔ قاری تو خدا کا نام نہیں ہے۔ پھر اس نام کی تحقیق کرو۔

(ج) کیا تراویح سنت نہیں؟ پھر نعمت البدعۃ ھٰذہٖ حضرت عمر نے کیوں کہا۔

(د) والتی ینامون عنھا افضل الخ کا واضح مطلب بیان کرو۔

(ہ) تعداد رکعات تراویح کے متعلق بی بی عائشہ فرماتی ہیں ماکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یزید فی رمضان ولا غیرہ علی احدی عشر رکعۃ پھر بیس رکعات کا ماخذ کون سی حدیث ہے اور اس پر عمل کیوں ہے؟

امتحان بی۔ اے (شعبہ دینیات) ۱۳۴۷ھ م ۱۹۲۸ء

۱۸ اپریل　　　　۱۱ تا ۲ ساعت

حدیث۔ پرچہ دوم (ترمذی)　　　　نشانات (۱۰۰)

ہدایت:۔ صرف نو نمبروں کے سوالات کا جواب دو۔

(۱) عن عائشة ان رجلا قعد بين يدی رسول الله صلی الله وسلم فقال يارسول الله ان لی مملوكين يكذبوننی ويخونوننی ويعصوننی واشتمهم واضربهم فكيف انا منهم قال يحسب ماخانوك وعصوك وكذبوك عقابك اياهم فان كان عقابك اياهم بقدر ذنوبهم كان كفافا لالك ولا عليك وان كان عقابك اياهم دون ذنوبهم كان فضلا لك وان كان عقابك اياهم فوق ذنوبهم اقتص لهم منك الفضل قال فتنحى الرجل فجعل يبكی ويهتف فقال رسول الله صلی الله عليه وسلم ما تقرأ كتاب الله ونضع الموازين بالقسط ليوم القيمة فلا تظلم نفس شيئا الاية

اس حدیث کا با محاورہ ترجمہ اور مطلب کیا ہے اور کیا یہ حکم تمام غلام کو شامل ہے یا مملوکین کے ساتھ مخصوص ہے۔ (۱۰)

(۲) قال رسول الله صلی الله عليه وسلم بركة الطعام الوضوء قبله والوضوء بعده۔ اس حدیث شریف سے کھانے کے پہلے اور بعد وضو کرنا ثابت ہے اور اس کے بعد والی حدیث عن ابن عباس ان رسول الله

صلی اللہ علیہ وسلم خرج من الخلاء فقرب الیہ طعام فقالوا الا ناتیک بوضوء قال انما امرت بالوضوء اذا قمت الی الصلوٰۃ سے ظاہر ہے کہ وضوء نماز کے لئے ہے کھانے کے لیے نہیں ہے۔ ان دونوں حدیثوں کا تعارض رفع کرکے دونوں میں تطبیق دی جائے۔ (۱۰)

(۳) عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الشیطان حساس لحاس فاحذروہ علی انفسکم من بات وفی یدہ ریح غمر فاصابہ شیئ فلا یلومن الا نفسہ۔ اس حدیث شریف کا ترجمہ لکھو اور یہ بتاؤ کہ ہاتھ صاف نہ کرکے سو جانے میں شیطان کس طرح ایذاء پہنچا سکتا ہے (۵)

(۴) عن انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نہی ان یشرب الرجل قائما اس حدیث شریف سے پانی کھڑے ہو کر پینے کی ممانعت ثابت ہے۔ اور اس کے بعد والی حدیث عن ابن عمر قال کنا ناکل علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ونحن نمشی ونشرب ونحن قیام سے اس کا جواز ثابت ہے اس اختلاف کا جواب کیا ہے اور کونسی چیز قابلِ عمل ہے۔ کیا کوئی پانی ایسا بھی ہے جس کو کھڑے ہو کر پینا چاہیئے۔ (۱۰)

(۵) عن عائشۃ قالت استأذن رجل علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وانا عندہ فقال بئس ابن العشیرۃ واخو العشیرۃ ثم اذن لہ فالان لہ القول فلما خرج قلت لہ یارسول اللہ قلت لہ ما قلت ثم النت لہ القول قال یا عائشۃ ان من شر الناس من ترکہ الناس او ودعہ الناس اتقاء فحشہ اس حدیث شریف کا ترجمہ اور مطلب کیا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان بئس ابن العشیرۃ کیا یہ غیبت ہے اگر ہے تو آپ نے کس مصلحت کی بناء پر اس کو جائز رکھا ہے۔ (۱۰)

(۶) عن ابی ذر قال قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتق اللہ حیث ما کنت واتبع السیئۃ الحسنۃ تمحھا وخالق الناس بخلق حسن۔ اس حدیث شریف کا مطلب اور اس پر عمل کرنے کا طریقہ بتایا جائے (۵)

(۷) عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ایاکم والظن فان الظن اکذب الحدیث اس حدیث شریف کا مطلب کیا ہے حضرت سفیان کے بعض اصحاب نے جو بعض ظن کو اثم یعنی گناہ بتایا ہے اس کی تفصیل کیا ہے اور اس کے مقابلہ میں الحزم سوء الظن جو وارد ہے اس کا کیا مطلب ہے۔ (۱۵)

(۸) عن انس بن مالک ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لہ یاذا الاذنین قال محمود قال ابو اسامۃ انما یعنی بہ انہ یمازحہ اس حدیث شریف سے ثابت ہے کہ آنحضرتؐ نے بعض اصحاب سے مزاح فرمایا ہے اور حدیث عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تمار اخاک ولا تمازحہ سے مزاح کی ممانعت ثابت ہے اس اختلاف وتعارض کا کیا جواب ہے اور کونسی چیز قابل عمل ہے (۱۰)

(۹) عن حدیث ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی السد قال یحفرونہ کل یوم حتی اذا کادوا یخرقونہ قال الذی علیھم ارجعوا فستخرقونہ غداً قال فیعیدہ اللہ کامثل ما کان حتی اذا بلغ مدتھم واراد اللہ ان یبعثھم علی الناس قال الذی علیھم ارجعوا فستخرقونہ غداً ان شاء اللہ واستثنی قال فیرجعون فیجدونہ کھیئتہ حین ترکوہ فیخرقونہ ویخرجون علی الناس فیستقون المیاہ ویفر الناس منھم فیرمون بسھامھم الی السماء

فترجع مخضبة بالدماء فيقولون قهرنا من فی الارض وعلونا من فی السماء قسوة وعلوا فيبعث الله عليهم نغفا فی اقفائهم فيهلكون قال فوالذی نفس محمد بيده ان دواب الارض تسمن وتبطر وتشكر شكرا من لحومهم اس حدیث شریف کا ترجمہ اور مطلب کیا ہے۔ سد سے کیا مراد ہے اور کن اشخاص کے بارے میں یہ حدیث وارد ہے۔ (۱۰)

(۱۰) حدثنا محمد بن بشار نا محمد بن جعفر نا شعبة عن فراس عن الشعبي عن عبد الله بن عمرو عن النبي صلی الله عليه وسلم قال الكبائر الاشراك بالله وعقوق الوالدين او قال اليمين الغموس شك شعبة هذا حديث حسن صحيح اس حدیث شریف کی سند میں دو جگہ نا کا لفظ ہے اس کے کیا معنی ہیں اور بعض جگہ انا آتا ہے ان دونوں میں کیا فرق ہے۔ شك شعبة کا کیا مطلب ہے۔ حدیث حسن اور صحیح میں کیا فرق ہے یہ دونوں وصف اس حدیث میں کس طرح جمع ہیں۔ (۱۰)

(۱۱) عن علقمة قال قال عبد الله امرنی رسول الله صلی الله عليه وسلم ان اقرأ عليه وهو علی المنبر فقرأت عليه من سورة النساء حتی اذا بلغت فكيف اذا جئنا من كل امة بشهيد وجئنا بك علی هؤلاء شهيدا غمزنی رسول الله صلی الله عليه وسلم بيده فنظرت اليه وعيناه تدمعان۔ اس حدیث شریف میں غمزنی کے کیا معنی ہیں اور اس فعل سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کیا مطلب تھا اور آپ کے رونے کا کیا سبب تھا۔ (۵)

امتحان بی اے شعبۂ دینیات ۱۳۴۷ف م ۱۹۲۸ء

۱۷ تیر ۱۱ تا ۲ ساعت

کلام شرح طوالع نشانات (۱۰۰)

(۱) احساس، تخیل، توہم، تعقل، یہ سب کس کے اقسام ہیں؟ انکا باہمی فرق کیا ہے؟ تصور تصدیق میں تعقل ہی کیوں لیا گیا؟ ۱۴

(۲) کل تصورات یا کل تصدیقات کے نظری ہونے کا بطلان کس دلیل سے کیا گیا ہے؟ اس دلیل پر کیا اعتراض ہے؟ اعتراض کا جواب بھی دو۔ ۱۵

(۳) شکل رابع میں شروط انتاج کیا ہیں؟ اوس کے ضروب منتجہ کتنے ہیں؟ کیا اس شکل میں کسی ضرب کا نتیجہ کلیہ بھی ہوتا ہے اگر ہے تو بتاؤ کہ کونسی ضرب ہے؟ ۱۴

(۴) سمنیہ نے اپنے اس دعوی پر کہ نظر مفید یقین نہیں ہے، تین دلیلیں پیش کی ہیں۔ اون میں سے کسی ایک کو بالوضاحت لکھو جواب بھی دو۔ ۱۴

(۵) خدا کی معرفت حاصل کرنے کے لئے نظر فکر واجب ہے۔ جو لوگ اس وجوب کو عقلی کہتے ہیں، بتاؤ وہ کس طرح اس وجوب کو عقل سے ثابت کرتے ہیں؟ ۱۵

(۶) دور کیوں باطل ہے؟ تسلسل کے بطلان کی کوئی دلیل بہ تفصیل لکھو۔ ۱۴

۲

(۷) ذاتِ واجب کی معرفت حکماء کہتے ہیں کہ نہیں ہو سکتی۔ وہ اس کا کیا ثبوت پیش کرتے ہیں، متکلمین کیا جواب دیتے ہیں؟ ۱۴

امتحان بی اے ۔ شعبۂ دینیات ۔ ۱۳۴۷ف م ۱۹۲۸ء

۱۸ ستمبر　　　　　　۱۱ تا ۲ ساعت

کلام و اصول دین ۔ پرچہ دوم (حجۃ اللہ البالغہ) نشانات ۱۰۰

ہدایت ۔ صرف پانچ سوالوں کا جواب دو ۔ نمبر ہر ایک کے مساوی ہیں ۔

(۱) مختصر و مطلب خیز عبارت میں ان گناہوں کو لکھو جن کا تعلق نفس کی حالت سے ہے ۔ ہاں جواب میں اس کا ثبوت ضرور دیا جائے کہ ان گناہوں کا تعلق نفس کی سلامتی کو تباہ کر دیتا ہے ۔

(۲) سعادت کی حقیقت کیا ہے اس کا مدلل بیان لکھو ۔

(۳) حق سبحانہ کی صفت ابداع، خلق اور تدبیر کو محققانہ طور پر لکھو ۔

(۴) عالم برزخ کونسا عالم ہے کیا دلیل عقلی و نقلی سے عالم برزخ کا وجود ثابت کیا جا سکتا ہے؟ اس کا جواب دلیل کے ساتھ لکھو ۔

(۵) شریعت اور مصلحت میں کیا فرق ہے؟ آجکل اہل یورپ نے اپنا نصب العین اصول افادہ کو قرار دیا ہے اور کہتے ہیں کہ اسکے ہوتے ہوئے شریعت کی کوئی حاجت نہیں کیا اونکا دعویٰ صحیح ہے؟

(۶) قرآن مجید یا احادیث شریفہ سے احکام شرعیہ کیونکر سمجھے جاتے ہیں؟

(۷) جب دو حدیثوں میں اختلاف واقع ہو تو فیصلہ کیونکر کریں گے؟

(۸) بعض مسائل شرعیہ میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا اختلاف کیوں پایا جاتا ہے؟ اہل تحقیق کے اسلوب پر اس کا جواب لکھو ۔

امتحان ایم۔ اے (شعبۂ دینیات) ۱۳۴۷ف مطابق ۱۹۲۸ء

(۴)

۷؍ تیر — ۱۱ تا ۲ ساعت

کلام (مبادی و امور عامہ شرح مقاصد) — نشانات (۱۰۰)

ہدایت :۔ پہلا سوال لازمی ہے باقی پانچ کا انتخاب کیا جائے۔

(۱) کہا جاتا ہے کہ علوم مدونہ کا تمایز ذاتی صرف موضوع سے ہوتا ہے بخلاف تعریفات وغیرہ کے کہ اُن سے تمایز مفہومی ہوتا ہے اس فرق کو اچھی طرح سے سمجھاؤ تمایز ذاتی اور مفہومی کے کیا معنی ہیں ثابت کرو کہ علم کا موضوع علم کا ممیز ذاتی ہے یہ بھی بتاؤ کہ علوم مدونہ کا تباین یا تناسب۔ تداخل کیا ہے۔ بجائے موضوع کے اگر اُس کے عوارض ذاتیہ کو مدار امتیاز قرار دیں تو یہ امتیاز بھی ذاتی ہوگا یا نہیں۔ وجہ بھی بیان کرو۔ محمولات اور عوارض ذاتیہ کو مدار امتیاز کیوں نہیں ٹھیرایا۔ (۲۰)

(۲) مقدمات علم اور مبادی علم میں کیا فرق ہے۔ اس کی کیا توجیہ ہے کہ موضوع علم کو کبھی تو مقدمات علم میں شمار کرتے ہیں کبھی جزء علم کہتے ہیں کبھی مبادی تصوریہ میں داخل کرتے ہیں۔ وجود موضوع کی تصدیق کو مبادی تصدیقیہ میں کیوں نہیں شمار کیا (۱۶)

(۳) خدا کی معرفت تو واجب ہے وجوب عقلی ہو یا شرعی لیکن نظر فی معرفۃ اللہ کا وجوب کس طریقہ سے ثابت ہے۔ معتزلہ کی وہ دلیل عقلی بیان کرو کہ جس سے اس وجوب کو ثابت کیا ہے۔ اس کا جواب بھی دو۔ (۱۶)

(۴) تصور وجود کی بداہت پر امام رازی نے تین دلیلیں بیان کی ہیں ان میں سے کسی ایک دلیل کو مشرح مالہ و ما علیہ کے ساتھ لکھو۔ (۱۶)

(۵) تعین اور تشخص کے اعتباری اور انتزاعی ہونے کی دونوں دلیلیں شرح اور بسط کے ساتھ سمجھاؤ۔ تشخص کے اطلاقات بھی بتاؤ۔ (۲۱)

(۶) جو لوگ اس کے قائل ہیں کہ ممکنات کا وجود بلا سبب مؤثر ممتنع نہیں ہے کونسے دلائل پیش کرتے ہیں جو دلیل قوی خیال کی جاتی ہے اس کو باوضاحت مع الجواب لکھو۔ (۱۶)

(۷) اس کی کیا دلیل ہے کہ وجود اور عدم بخیال ذات ممکن بالکل مساوی ہیں کسی کو اس خیال میں اولویۃ اور افضلیۃ نہیں ہے۔ اس دلیل پر کیا اعتراض ہے اسکو بھی لکھو۔ (۱۶)

(۸) قدیم بالذات کسے کہتے ہیں۔ یہ بھی کہتے ہیں کہ (لاقدیم بالذات سوی اللہ تعالےٰ) اور انہیں لوگوں کی عبارات میں یہ بھی ہے کہ صفات اللہ قدیم بالذات ہیں۔ اس کی کیا توجیہ ہے۔ قدیم بالزمان کسی فاعل مختار کا معلول ہو سکتا ہے یا نہیں۔ مدلل لکھو۔ (۱۶)

امتحان ایم۔ اے (شعبۂ دینیات) ۱۳۴۷ف مطابق ۱۹۲۸ء

۸ تیر ۱۱ تا ۲ ساعت

کلام (جواہر و اعراض) نشانات (۱۰۰)

ہدایت سات سوالوں میں سے صرف پانچ کا جواب لکھنا چاہئے
نمبر مساوی ہیں۔

(۱) زمانہ کی تعریف بیان کرنے میں نہ صرف گروہ حکما اور متکلمین میں اختلاف ہے بلکہ خود حکماء بھی اپنے تحقیق میں متفق اللسان نہیں ہیں۔

ارسطو زمانہ کی حقیقت عرض بتاتا ہے اور مقدار حرکت فلک اعظم کو زمانہ قرار دیتا ہے لیکن فلاسفہ قدیم کا یہ مسلک ہے کہ زمانہ جوہر مستقل بلکہ واجب بالذات ہے فلاطون کا گروہ زمانہ کو مرتبہ امکان میں رکھتا ہے۔

تم ہر ایک کے دلائل مختصر اور سلیس عبارت میں لکھکر قول فیصل بتاؤ کہ کیا ہے نیز یہ بھی لکھو کہ اگر زمانہ کا وجود تسلیم کر لیا جائے یا اسے جوہر قرار دیا جائے تو کیا قواعد شرعیہ سے اس کا تصادم ہوگا؟ اگر ایسا نہیں ہے تو متکلمین نے اسکے وجود سے کیوں انکار کیا۔

(۲) متکلمین اعراض نسبیہ کے وجود سے انکار کرتے ہیں لیکن این کے وجود کا اقرار کرتے ہیں لیکن باوجود اقرار متکلمین کا طریقہ حکما کے طریقہ سے جداگانہ ہے تم متکلمین اور حکما دونوں کے مسلک کو بیان کرو اور یہ بتاؤ کہ متکلمین نے دیگر اعراض نسبیہ کا کیوں انکار کیا اور این کا کیوں اقرار کیا۔

(۳) فلک اور فلکیات سے متعلق مسائل مثل دوائر و بروج حکماء اور متکلمین میں متفق علیہ ہیں نیز ان امور کے تسلیم کرنے سے جنھیں حکما ثابت کرتے ہیں قواعد شرعیہ میں خلل بھی نہیں آتا ہے تو بتاؤ مسائل سماویات میں حکما اور متکلمین کی تحقیق کی بنا ایک ہی بنیاد پر ہے یا مسائل میں اتفاق اور مبنیٰ میں اختلاف ہے تفصیل کے ساتھ لکھو۔

(۴) اس مسئلہ میں کہ انسان میں مدرک جزئیات کون ہے حکماء اور متکلمین کا اختلاف ہے دونوں گروہ کے دلائل لکھ کر مسلک تحقیق لکھو۔

(۵) نفس مجردہ کلیات کا ادراک کرنیوالا سوا انسان کے حیوان غیر ناطق میں بھی موجود ہے یا نہیں؟ جواب میں یہ بھی لکھنا چاہیئے کہ جو کچھ لکھا جارہا ہے وہ جواب متفق علیہ ہے یا مختلف فیہ اگر مختلف فیہ ہے تو ہر گروہ کا مسلک مع اون کے دلائل کے لکھنا چاہیئے۔

(۶) کیا یہ صحیح مسلک ہے کہ عالم محسوس اور عالم معقول کے مابین ایک عالم مثال ہے تمھاری جو تحقیق ہو اوسے دلیل کے ساتھ لکھو۔

(۷) حکماء اسکے قائل ہیں کہ نفوس انسانیہ سے غرائب احوال و افعال کا ظہور ہوسکتا ہے پھر اپنے اس دعوی پر دلیل بھی لاتے ہیں تم اون کے دلائل لکھ کر یہ بتاؤ کہ اونکے طریقہ استدلال سے قواعد شرعیہ کی بنیاد تو مضمحل نہیں ہوتی؟

امتحان ایم۔ اے (شعبۂ دینیات) ۱۳۴۷ھ مطابق ۱۹۲۸ء

۹ تیر ۱۱ تا ۲ ساعت

کلام سمعیات نشانات (۱۰۰)

ہدایت۔ صرف سو نمبروں کے سوالات کا جواب دو۔

(۱) نبوت کے حکم و مصالح کیا ہیں، ثابت کرو، کہ ان اغراض کی تکمیل، صرف عقل کے ذریعہ سے ناممکن ہے۔ ۲۰

(۲) کیا نبوت فطری ہے یا کسبی۔ نبی کے لئے شرائط کیا کیا ہیں۔ ۱۰

(۳) کیا فرق ہے معجزہ۔ کرامت۔ استدراج۔ و معونت و سحر میں اور کیا معجزہ دلیل نبوت ہے۔ اور کیا نبوت کو معجزہ لازم ہے۔ ۲۰

(۴) محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم النبیئین ہونے کو دلائل واضحہ سے ثابت کرو کیا خاتم النبیئین کے معنے افضل النبیئین ہو سکتے ہیں یا نہیں۔ تمھارا جواب با دلیل ہو۔ ۱۵

(۵) حشر اجساد کو دلائل قویہ سے ثابت کرو۔ ۱۵

(۶) کیا امامت کی بھی اتنی ہی ضرورت ہے جتنی نبوّت کی ہے۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت ابو بکر صدیقؓ کس طرح خلیفہ منتخب کئے گئے۔ حضرت ابو بکرؓ کے افضل الصحابہ و احق بالخلافہ ہونے کو ثابت کرو۔ مخالفین کے شبہات کے جوابات دو۔ ۲۰

(۷) "و معنی کون الثواب والعقاب غیر مستحق" اس معنی کی تشریح

صاحب مقاصد نے کیا کی ہے۔

(۸) اعادہ معدوم کے استحالہ کے دلائل مخالفین کیا بیان کرتے ہیں۔ ہر دلیل کی تردید شافی کرو۔

امتحان ایم۔اے (شعبۂ دینیات) ۱۳۳۷ف م ۱۹۲۸ء

۱۰ تیر ۱۱ تا ۲ ساعت

کلام ؛ الہیات شرح مقاصد) نشانات (۱۰۰)

ان میں سے چھ سوالوں کا جواب مطلوب ہے۔

(۱) شارح مقاصد نے واجب تعالیٰ کے مرکب نہونے پر جو دلائل پیش کئے ہیں منجملہ اون دلائل کے یہ بھی ایک دلیل قائم کی ہے

وبانه اما ان یحتاج احد الجزئین الی الاخر فیکون ممکنا ویلزم امکان الواجب اولا فلا یلتئم منہما حقیقة واحدة کالحجر الموضوع بجنب الانسان۔

اس دلیل کے متعلق اول امور ذیل کو بیان کرو بعد میں دلیل کا حاصل لکھو۔

الف۔ ممکن۔ واجب کے معنی اور انکا باہمی فرق۔

ب۔ امکان اجزاء اور امکان واجب میں لزوم کی وجہ۔

د۔ حقیقت واحدہ سے یہاں کیا مراد ہے۔

ہ۔ کیا ایسے مرکبات نہیں ہیں کہ اونکی اجزاء میں علاقہ افتقار نہیں ہے اور وہ حقائق واحدہ ہیں اور مرتب الآثار ہیں اس امر کو دلیل سے روشن کرو کہ حقیقت واحدہ کے اجزاء میں افتقار کی کیا وجہ ہے۔

(۲) دعوی کیا جاتا ہے کہ واجب تعالیٰ متحیز نہیں اور اس دعوے کے ثبوت میں کہتے ہیں۔ واجب متحیز ہوگا تو حیز قدیم ہوگا حالانکہ حیز قدیم نہیں کیونکہ واجب تعالیٰ

صاحب مقاصد نے کیا کی ہے۔

(۸) اعادہ معدوم کے استحالہ کے دلائل مخالفین کیا بیان کرتے ہیں۔ ہر دلیل کی تردید شافی کرو۔

امتحان ایم۔ اے (شعبۂ دینیات) ۱۳۴۷ف مطابق ۱۹۲۸ء

۱۰ ستمبر ۱۱ تا ۲ ساعت

کلام، الہیات (شرح مقاصد) نشانات (۱۰۰)

ان میں سے چھ سوالوں کا جواب مطلوب ہے۔

(۱) شارح مقاصد نے واجب تعالیٰ کے مرکب نہونے پر جو دلائل پیش کئے ہیں منجملہ اون دلائل کے یہ بھی ایک دلیل قائم کی ہے

وبانه اما ان یحتاج احد الجزئین الی الاخر فیکون ممکنا ویلزم امکان الواجب اولا فلا یلتئم منہما حقیقۃ واحدۃ کالحجر الموضوع بجنب الانسان۔

اس دلیل کے متعلق اول امور ذیل کو بیان کرو بعد میں دلیل کا حاصل لکھو۔

الف۔ ممکن۔ واجب کے معنی اور انکا باہمی فرق۔

ب۔ امکان اجزاء اور امکان واجب میں لزوم کی وجہ۔

د۔ حقیقت واحدہ سے یہاں کیا مراد ہے۔

۸۔ کیا ایسے مرکبات نہیں ہیں کہ اونکی اجزاء میں علاقہ افتقار نہیں ہے اور وہ حقائق واحدہ ہیں اور مرتب الآثار ہیں اس امر کو دلیل سے روشن کرو کہ حقیقت واحدۃ کے اجزاء میں افتقار کی کیا وجہ ہے۔

(۲) دعویٰ کیا جاتا ہے کہ واجب تعالیٰ متحیز نہیں اور اس دعوے کے ثبوت میں کہتے ہیں۔ واجب متحیز ہوگا تو حیز قدیم ہوگا حالانکہ حیز قدیم نہیں کیونکہ واجب تعالیٰ

اور اوسکی صفات کے سوا کوئی اور شئے قدیم نہیں ہے یہاں یہ امر بیان طلب ہے کہ واجب تعالیٰ اگر متحیز ہو تو حیز اوسکی صفت ہوگا اب اگر حیز قدیم ہو تو واجب تعالیٰ کی صفت کا قدم لازم ہوگا جو کہ باطل نہیں اس دلیل کی ایسی تقریر کرو جن میں اس قسم کے شبہات کی گنجایش نہو۔

(۳) آیات اور احادیث سے واجب تعالیٰ کی جسمیۃ اور حیز اور جہت کا ثبوت ہوتا ہے ان تمام کے جواب میں شارح مقاصد کہتے ہیں والجواب انہا ظنیات سمعیۃ فی معارضۃ قطعیات عقلیۃ فیقطع بانہا لیس علی ظواہرہا۔

اگر اس جواب میں یہ کہا جائے کہ ادلۂ عقلیہ بچند وجوہ نہ قطعی ہیں اور نہ قابل وثوق تو اس کا کیا جواب ہے۔

(۱) غور فکر سے انسانی عقل جن نتائج پر منتہی ہوتی ہے وہ باہم متناقض ہوتی ہیں بلکہ ایک ہی شخص مختلف اوقات میں متضاد نتائج کا معتقد ہوتا ہے اب ایسی حالت میں یہ نتائج کسی طرح قابل وثوق نہیں ہو سکتے۔

(۲) عقل انسانی اگر کافی ہوتی تو پھر انبیا کے آنے کی کیا ضرورت تھی۔

(۳) عقل انسانی متہم ہے کیونکہ یہ خطا سے مبرا نہیں بخلاف شارع علیہ السلام کے کہ وہاں خطا کا امکان نہیں اب ایسی حالت میں ادلۂ سمعیۃ قطعی ہونگے نہ عقلیہ۔

(۴) امام رازی مطالب عالیہ میں لکھتے ہیں واما نحن فلا نثبت الا امرین الذات والنسبۃ المسماۃ بالعالمیۃ وندعی انہا امر زائد علی الذات موجود فیہ۔

اس عبارت کا کیا مطلب ہے بیان کرو اور کیا یہ صحیح ہے کہ اس عبارت سے امام رازی کا میلان اعتزال کی جانب معلوم ہوتا ہے جیسا کہ شارح کا دعویٰ ہے

یہاں معتزلہ کے مذہب کی توضیح کرکے بتاؤ کہ اس عبارت میں کونسا جملہ ایسا ہے جو اعتزال کا موہم ہے حالانکہ امام موصوف کی عبارت میں یہ جملہ ہے انھا زائد علی الذات موجود فیہ اور یہی اشاعرہ کا مذہب ہے پھر ایسی حالت میں اعتزال کا الزام کہانتک صحیح ہوسکتا ہے۔

(۵) واجب تعالیٰ کے عالم ہونے پر کتاب و سنت سے استدلال میں کیا نقص ہے تفصیل سے اس استدلال اور مقدمات اور ایسے شبہات کو لکھو اور متکلمین اس پر جو دلیل لاتے ہیں اوسے مع اون شبہات کے بیان کرو جو اس پر ہوتے ہیں اگر تمھارے نزدیک ان شبہات کا کچھ جواب ہے لکھو۔

(۶) واجب تعالیٰ متکلم ہے اسپر جو دلیل ہے لکھو اور اس دلیل کی نوعیت یعنی عقلی ہے یا سمعی بیان کرو اگر کوئی نقلی دلیل پیش کرے تو یہ صحیح ہے یا نہیں جواب میں نقصان ہو اوس کی صاف عام فہم تقریر کرو۔

۱۶

(۷) قال امام الحرمین لا یمکن التمسک فی تنزیہ الرب عن الکذب بکونہ نقصا لان الکذب عندنا لا یقبح بعینہ وقال صاحب التلخیص الحکم بان الکذب نقص ان کان عقلیا کان قولا بحسن الاشیاء وقبحھا عقلا وان کان سمعیا لزوم الدور وھذا مبنی علی ان مرجع الادلۃ السمعیۃ الی کلام اللہ تعالیٰ وصدقہ وان تصدیق النبی علیہ الصلوٰۃ والسلام بالمعجزات اخبار خاص وقد عرفت ما فیہ۔

یہاں پہلے امور ذیل کو بتاؤ پھر اس عبارت کا جو حاصل ہے لکھو۔

الف۔ اشیاء کے حسن و قبح عقلی اور شرعی کے کیا معنی ہیں۔

ب۔ اس بارے میں اشاعرہ اور معتزلہ کا محل نزاع متعین کرکے بتاؤ کہ یہ نزاع لفظی ہے یا معنوی۔

ج - دور کے معنی اور اوسکے استحالہ کی وجہ اور بیان دور کے لزوم کی تقریر کرو۔

د - قد عرفت مافیہ سے کیا مراد ہے۔

ه - امام الحرمین اور صاحب تلخیص کے کلام میں کیا فرق ہے۔

(۸) واجب تعالی کی حقیقت کے علم میں جو اختلاف ہے اوسے مع ہر فریق کی دلیل کے بیان کرو اور اکثر محققین کی اسمیں کیا رائے ہے اور اونکی کیا دلیل ہے جو فریق محققین کے مقابل ہے اوسکی کیا دلیل ہے اور محققین کے نزدیک اوسکا کیا جواب ہے۔

امتحانِ ایم۔اے شعبۂ دینیات ۱۳۴۷ف مطابق ۱۹۲۸ء

اا تیر   ۱۱ تا ۲ ساعت

کلام محصل   نشانات (۱۰۰)

صرف چھ سوالوں کے جواب لکھے جائیں مگر سوال دوم لازم ہے۔

(۱) تمام تصورات کی بداہت پر امام رازی نے جو دلائل بیان کیے ہیں ان کو لکھیے اور محقق نے ان دلائل پر جو اعتراض کیے ہیں ان کو بیان کر کے فیصلہ کیجیے کہ امام کا مذہب درست ہے یا نہیں   ۱۶

(۲) علم بالمقدمات سے نتیجہ کا علم کیونکر حاصل ہوتا ہے اس مسئلہ میں حکماء، معتزلہ، اشاعرہ، امام رازی، کے چاروں مذہب مدلل لکھیے اور بتلائیے کہ یہ اختلاف علم کلام کے کن اصولی مسائل پر متفرع ہے نیز یہ بھی بتلائیے کہ امام رازی اور حکماء کے مذہب میں کیا فرق ہے۔   ۲۰

(۳) ثابت کیجیے کہ واجب بالذات کا وجود زائد علی المھیۃ نہیں ہے اور اس مسئلہ پر امام رازی کے دلائل ذکر کر کے انکی تنقید کیجیے۔   ۱۶

(۴) متکلمین عوارض نسبیہ کے وجود کا انکار کرتے ہیں اور فلاسفہ اس کا اثبات۔ آپ دونوں کے دلائل بیان کر کے ان میں محاکمہ کیجیے۔   ۱۶

(۵) زمانہ کے موجود نہ ہونے پر امام نے جو دلائل بیان کیے ہیں انکو لکھیے اور محقق کے اعتراض کا ذکر کر کے بتلائیے کہ وہ کس حد تک درست ہیں۔   ۱۶

(۶) جوہر فرد (جزء لایتجزیٰ) یا خلاء پر امام رازی کے کیا دلائل ہیں انکو بیان کر کے ہر دلیل کی تنقید کیجیے۔   ۱۶

(۷) ابدیۃ عالم پر کرامیہ کے کیا دلائل ہیں اور امام نے ان کے کیا جواب دیے ہیں مفصّل بیان کیجیے
۱۶

(۸) ارادہ الٰہی کے کیا معنی ہیں اس میں کیا اختلاف ہے مذاہب بیان کرکے امام رازی کی دلیل تحریر کیجیے۔
۱۶

(۹) کلام اللہ تعالیٰ کے قدیم ہونے کے متعلق اہل سنۃ معتزلہ کرامیہ میں کیا اختلاف ہے محل نزاع کا تعیّن کرکے اختلاف بیان کیجیے اور مذہب اہل سنۃ کو دلائل سے ثابت کیجیے۔
۱۶

امتحان ایم۔اے شعبۂ دینیات ۱۳۴۷ھ م ۱۹۲۸ء

۱۲؍ دسمبر   ۱۱ تا ۲ ساعت

کلام دین و دانش   نشانات ۱۰۰

(۱) جو لوگ مذہب کو غیر فطری کہتے ہیں اُن کے نزدیک اُسکی تولید کیونکر ہوئی ہے؟ ۱۰

(۲) احکام شریعت کے فوائد کے معلوم کرنے کا بہترین طریقہ کیا ہے؟ ۱۰

(۳) روحانی طریقہ پر معراج جسمانی کی توجیہ کیا ہوسکتی ہے؟ ۲۰

(۴) کیا معجزہ مذہب کا اندرونی اور دائمی ثبوت ہوسکتا ہے اور معجزہ سے جو ہدایت حاصل ہوتی ہے کیا وہ کال کھی جاسکتی ہے؟ ۱۰

(۵) مادہ اور خیالی صورتوں میں کیا مشابہت ہے اور اس مشابہت کی بنا پر علم خدا کو مادہ کے وجود و عدم سے کیا تعلق ہے؟ ۱۰

(۶) خیر و شر کے متعلق مختلف رائیں کیا ہیں اور ان میں کس رائے کو ترجیح حاصل ہے؟ ۱۰

(۷) کیا قانون قدرت کے مطابق دعا میں اثر ہے؟ اگر ہے تو اس قانون کو اُس پر منطبق کرو۔ ۱۰

(۸) کیا تناسخ سے روحانی پاکیزگی حاصل ہوسکتی ہے؟ ۱۰

(۹) ختم نبوت کا معیار کیا ہے؟ اور اس معیار کے رو سے کونسا مذہب دنیا کا آخری مذہب ہے؟ ۱۰

امتحان ایم۔اے (شعبہ دینیات) سنہ ۱۳۴۷ف م سنہ ۱۹۲۸ع

---

۱۴ / ۱ / تیر ۔۔۔ ۱۱ تا ۲ ساعت

کلام ۔ ا ۔ التفرقہ و تاریخ علم کلام ۔ نشانات ۱۰۰

ہدایت :۔ ذیل کے سوالات سے پانچ سوالوں کا جواب چاہیئے، لیکن یکم، اور پنجم کا جواب ضروری ہے، اور بقیہ تین کا تم خود انتخاب کر سکتے ہو،

۱ امام غزالی علیہ الرحمتہ کہتے ہیں کہ "شریعت میں جن چیزوں کے وجود کی خبر دی گئی ہے، اون کے وجود کا مطلقاً انکار کرنا کفر ہے، لیکن اگر وجود کے مراتب خمسہ میں سے کسی مرتبہ میں اوسکا وجود تسلیم کرلیا جائے، تو یہ کفر نہیں" ملحدین کو سب سے زیادہ خود خدا کے وجود میں شک ہے، اس بنا پر اگر کوئی شخص خدا کا محض "وجودِ خیالی" تسلیم کرے، تو وہ کافر تو نہ ہو گا ؟

۲ اگر کسی شخص کا یہ خیال ہو، کہ حضرت موسیٰ اور فرعون جنکی قرآن پاک میں خبر دی گئی ہے، وہ انسانی شخصیتیں نہ تھیں، بلکہ ہر انسان کے اندر خیر و شر کی دو قوتیں ہیں، جن میں قوت خیر موسیٰ، اور قوتِ شر فرعون ہے، تو کیا یہ قول مستوجب کفر ہو گا ؟

۳ یاجوج و ماجوج جن کے خروج کی خبر دی گئی ہے، اون کے متعلق بعضوں کا یہ خیال کہ وہ انسانوں ہی کی (مثلاً روس و اقوام ایشیائے وسطیٰ و تاتار) کی ایک خونخوار و سفاک، جماعت ہوگی، کیا ایسا کہنا کفر ہوگا؟ جو پہلو بھی اختیار کرو اوسکے دلائل دو۔

۴ امام صاحب نے تاویل کی حقیقت اور اوس کے اصول کیا بتائے ہیں، اور کیا یہ تمہارے خیال میں صحیح ہیں؟

۵ عموماً جو لوگ شریعت کی کسی بات میں تاویل کرتے ہیں، اوسکی وجہ یہ ہوتی ہے کہ اوسکے ظاہری معنی کی صحت پر اون کو یقین نہیں ہوتا، اس لئے وہ پھیر کر اوسکے کچھ ایسے معنی قرار دینا چاہتے ہیں جس سے اون کو تسلی ہو، کیا یہ طریقۂ ایمان صحیح ہے؟ اور کیوں ایسے شخص کو منکر و کافر، نہ کہا جائے؟ اس وسعت تاویل کی بنا پر تو شاید ہی کوئی بدبخت اسلام سے خارج ہو سکے۔

۶ مسلمانوں میں مختلف فرقوں کے پیدا ہونے کے کیا اسباب ہوئے؟

۷ اشاعرہ اور ماتریدیہ کن عقائد میں باہم مختلف ہیں؟

۸ کچھ اس کی وجہ بتا سکتے ہو کہ اہل سنت کے مختلف فرقوں میں سے اشعریت کیوں دنیائے اسلام پر

غالب آگئی، حالانکہ کسی زمانہ میں کسی حنفی کا اشعری ہونا تعجب انگیز سمجھتا تھا، ایک مورخ ایک حنفی عالم کی نسبت جو اشعری تھے، نہایت حیرت سے لکھتا ہے، وَالعجب ان یکون الحنفی اشعریًّا،

امتحان ایم۔ اے شعبۂ دینیات ۱۳۴۷ف مطابق ۱۹۲۸ء

۱۵ اپریل ۔۔۔ ۱۱ تا ۲ ساعت

کلام ۔ مضمون نویسی ۔۔۔ نشانات (۱۰۰)

ہدایت ۔ حسب ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر ایک مضمون لکھو جو

۱ ۔ ۱۶ سطروں کے ۲۰ صفحوں سے کم اور ۴۰ صفحوں سے زیادہ نہ ہو

۲ ۔ جہانتک ممکن ہو عبارت صاف اور شستہ ہو اور طریقۂ ادا میں الجھاؤ نہ ہو

۳ ۔ دلائل کے بیان اور مضامین کی ترتیب سے قوت بیان ظاہر ہو

عنوانات

(۱) علم کلام کے آغاز و ترقی و تدوین کی تاریخ اور اساطین متکلمین کے کارنامے۔

(۲) انسانوں کی ہدایت کیلئے نبوت کی ضرورت، اور حقیقت نبوت کی متکلمانہ تشریح اور اوسکے طرق اثبات ۔

(۳) معاد کے اثبات پر متکلمین کا طرز استدلال اور قرآن پاک کا طریقۂ استدلال اور ان دونوں میں فرق ۔

(۴) کیا اس عہد میں کسی نئے علم کلام کی ضرورت ہے ؟ اگر نہیں ہے تو کیوں؟ اگر ہے تو اوس کا کیا نظام ہونا چاہئے جو موجودہ ضرورت کو پورا کرسکے۔

امتحان میٹریکیولیشن شعبہ فنون
سنہ ۱۳۳۷ ف مطابق سنہ ۱۹۲۸ ع

---

۱۶ تیر ۱ تا ۴ ساعت

دینیات اسلامی نشانات ۱۰۰

ھدایت

نشانات

صرف دوسرا اور ساتواں سوال لازمی ھی -

باقی سوالات میں کسی پانچ سوالوں کے جواب دو -

۱ - اسلامی توحید کے وہ اصول جن پر اعتقاد رکھنا فرض ھی وہ کیا ھیں اور ذات و صفات میں خدا کے واحد ھونیکا کیا مطلب ھی - ۱۶

۲ - نماز یا روزہ یا زکوۃ یا حج کے روحانی اور اخلاقی اثرات بیان کرو - ۱۰

۳ - نکاح کے فائدے اور اس کی شرعی تعریف بیان کرو - ۱۶

۴ - جن عورتوں سے ھمیشہ کے لئے نکاح حرام ھی اور جن سے عارضی طور پر حرام ھی ' دونوں کی تفصیل کرو - ۱۶

۵ - اگر کسی مرد اور عورت کے درمیان دو گواھوں کے روبرو مذاق اور دل لگی میں ایجاب و قبول ھوگیا اور یا مذاق ھی میں کسی نے اپنی بیوی کو طلاق دیدی تو کیا یہ نکاح صحیح اور یہ طلاق واقع ھو جائیگی ؟ ۱۶

۶ - نکاح میں ولی کی اجازت کس حالت میں ضروری ھی اور ولی سے مراد کون لوگ ھیں - ۱۶

۷ - حاملہ اور غیر حاملہ کو بحالت طلاق یا بصورت وفات شوھر کتنے روز اور کہاں اور کس طرح عدت بسر کرنی چاھئے - ۱۰

نشانات

۸ - اگر کوئی مسجد بنا کر اس میں خود نماز پڑھنے لگے اور عام لوگوں کے نماز پڑھنے کی اسمیں کوئی سبیل نہ ہو تو کیا وہ موقوفہ سمجھی جا سکتی ھی ؟ ۱۶

۹ - قسم توڑنے کا کیا کفارہ ھی اور کس حالت میں کفارہ ادا کر کے قسم کا توڑنا ضروری یا بہتر سمجھا گیا ھی - ۱۶

۱۰ - اگر کسی نے قسم کھائی کہ میں زیور نہ پہنونگا یا زمین پر نہ بیٹھونگا اور اسنے چاندی کی انگوٹھی پہن لی یا زمین پر فرش بچھا کر بیٹھ گیا تو وہ حانث ھوگا یا نہیں - ۱۶

امتحان میٹریکیولیشن شعبہ فنون
سنہ ۱۳۳۷ ف مطابق سنہ ۱۹۲۸ ع

۱۲ تیر ۱ تا ۴ ساعت

اخلاق نشانات ۱۰۰

نشانات

ہدایت — صرف پانچ سوالوں کے جواب لکھو - چھٹا سوال لازمی ہے -

۱ — دور اندیشی کیوں اچھی چیز ہے ؟ اور وہ کیا عادات ہیں جنکی بنا پر تم کسی شخص کو دور اندیش کہہ سکتے ہو ؟ ۱۹

۲ — یہ کس طرح ثابت کروگے کہ ایک جاہل آدمی علاوہ اپنی ذات کو نقصان پہونچانیکے اون لوگوں کو بھی نقصان پہونچاتا ہے جو اوس کے گرد و پیش ہوتے ہیں - ۱۹

۳ — ایران کے بادشاہ کیکاؤس کے قصہ کے حوالہ سے غرور اور خود پسندی کے برے نتائج پر بحث کرو - ۱۹

۴ — تم اس پیر مرد کے قصہ کو نہ بہولے ہوگے جو خلیفہ ہارون الرشید کے دربار میں اس الزام میں لایا گیا تھا کہ در پردہ برمکیوں کا مداح تھا - اس قصہ کا خلاصہ لکھکر بتاو کہ اس سے کیا سبق حاصل کیا جا سکتا ہے ؟ ۱۹

۵ — تمہاری اپنے وطن کے ساتھ وفاداری کے کیا معنی ہیں ؟ تفصیل کے ساتھ لکھو - ۱۹

۶ — مندرجہ ذیل اکابر و مشاہیر پر مختصر نوٹ لکھو —

حضرت محمد (صلعم) - مہاتما بدھ - گشتاسپ - حاتم طائی - تروالور - ابو عثمان - ۲۴

امتحان میٹریکیولیشن شعبہ فنون
سنہ ۱۳۳۷ ف مطابق سنہ ۱۹۲۸ ع

---

۱۵ تیر ۱۰ تا ۱۲ ساعت

اردو پرچہ اول نشانات ۵۰

ہدایات

۱ – ذیل کے الفاظ اور محاورات کے معنے ایسی مثالوں کے ساتھ لکھو جن سے اُن کا محل استعمال معلوم ہو سکے - ۱۰

باسی - جل تھل - آنکھیں دیکھنا - لچھن جھڑنا - کٹ پتلی - کھیت پڑنا - طوفان اٹھانا - صلح جگت - عالم مثال - رب النوع -

۲ – ذیل کے فقروں میں سے صرف پانچ کا مطلب سلیس زبان میں لکھو - ۱۰

(۱) وقت کے ازلی ابدی ہونے پر خیال کرتے ہیں تو انسان کی ہستی ایسی بے ثبات دکھای دیتی ہی جیسے دن رات میں ایک طرفۃ العین -

(۲) اس کو آج کل کے حضرات کی طرح اپنے تئیں لوازم بشریت سے بالکل پاک ظاہر کرنا اور بہ تکلف مقدس فرشتوں کی صورت میں جلوہ گر ہونا ہرگز نہ آتا تھا -

'' صلح کل ہونا '' اگر اس کے یہ معنے ہیں کہ سب سے اس طرح ملیں کہ ہر شخص جانے ہمارے بڑے دوست ہیں' تو یہ نفاق اکبر ہی -

(۴) ایک چینی جس کا رنگ سرخ سفید تھا' ایک رنگی پر ہنسا تو زنگی نے جواب دیا کہ میرا ایک نقطہ تیرے چہرے کے لئے زیب ہی اور تیرا ایک نقطہ میرے لئے عیب -

نشانات

(۵) رشک جو تلامیذ الرحمن کے آئنوں کا جوھر ھی ' استاد شاگردوں کو چمکانے لگا -

(٦) دنیا کے لوگ جسے جادو طلسم کہتے ھیں وہ درحقیقت روپے کے حرفوں میں بند ھی -

(۷) حسد تو معلم الملکوت سے علم کے ساتھ ساتھ چلا آتا ھی - ان اھل علم نے مباحثوں کے مجادلے بنادئے -

۳ - ذیل کے اشعار میں سے صرف پانچ کا مطلب صاف طور سے بیان کرو - ۱۰

۱ - سچ ھی پرای آگ میں پڑتا نہیں کوی
همراہ کوہ طور کے مرسل نہ جل گیا *

۲ - تم مرے پاس ھوتے ھو گویا
جب کوی دوسرا نہیں ھوتا *

۳ - ھیں آج کیوں دلیل کہ کل تک نہ تھی پسند
گستاخی فرشتہ ھماری جناب میں *

۴ - نظارہ کروں دھرکی کیا جلوہ گری کا
یاں عمر کو وقفہ ھی چراغ سحری کا *

۵ - گرم سفر رھے ھم منزل کو پر نہ پہنچے
آوارگی نے ھم کو رنگ رواں بنایا *

٦ - کیا غیر کھٹکا ھی کہ میں کچھ نہیں کہتا
یہ سہم مجھے تیرا ھی کہ میں کچھ نہیں کہتا *

۷ - جب کوندتی ھی بجلی تب سوے گلستاں
رکھتی ھی چھیڑ میرے خاشاک آشیاں سے *

۸ - ترغیب سخاوت کی ھی اب قوم کو ایسی
پرواز کی ھی چیونٹیوں کو جیسے ھدایت *
پیچھے ڈالی ھی سر رشتۂ اوقات میں گانٹھ
پہلے ٹھونکی ھی بن ناخن تدبیر میں کیل *

۴ - ان تلمیحات و استعارات کی تشریح کرو - ۱۰

(۱) چند متواتر فتحوں سے ھندوستان میں دھاک بندھ گئی تھی کہ اکبر نے تسخیر آفتاب کا عمل کیا ھی

مشابہات

(۲) تنور فلک چارم کی چھاتی سرد تھی -

(۳) دماغ جھڑ گیا آخر نہ تیرا آی نمرود !

چلا نہ پشہ سے کچھ بس تری حدای کا -

(۴) یہاں تک جاڑے کا زور شور تھا کہ کرۂ نار زمہریر تھا -

(۱) انگریزی تجارتی کمپنی کو فرانسیسی تجارتی کمپنی کے مقابلے میں ہندوستان میں کیوں کامیابی ہوئی؟ یہ بھی بتاؤ کہ انگریزی بحری قوت اس سیادت کے قیام میں کس حد تک معاون ہوئی؟

(۲) نواب میر قاسم اور کمپنی کے باہمی اختلافات وضاحت سے بیان کرو اور بتاؤ کہ وین سیٹارٹ اور وارن ہیسٹنگز نے ان اختلافات کو دور کرنے کے لئے کس قسم کی کوششیں کیں۔

(۳) دوامی بندوبست کو تفصیل سے بیان کرو اور یہ بتاؤ کہ اس کے قائم کرنے میں لارڈ کارنوالس کے پیش نظر کیا فوائد تھے؟

(۴) عہد معاونت سے کیا مراد ہے؟ کس کس گورنر جنرل کے زمانے میں اسے کن کن صورتوں میں اختیار کیا گیا؟ تفصیل سے بیان کرو۔

(۵) لارڈ آکلینڈ نے افغانستان کے خلاف جارحانہ ذرائع کیوں اختیار کئے اور اس حکمت عملی کا کیا نتیجہ ہوا؟

(۶) مندرجہ ذیل عہدناموں پر مختصر نوٹ لکھو اور جو حکمت عملی برطانوی حکومت نے ان میں اختیار کی اُس پر تبصرہ کرو۔

(۱) الہ آباد (۲) بسین (۳) سرنگا پٹم (۴) بندیو

حصۂ دُوم

(۷) وائسرائے ہند کی مجلس عاملہ کا ارتقا بیان کرو۔

(۸) ۱۹۱۹ء کی اصلاحات سے مرکزی مجلس مقننہ میں کیا تغیرات پیدا ہوئے اور یہ بتاؤ کہ موجودہ صورت میں یہ مجلس کن امور پر بحث نہیں کر سکتی؟

(۹) وزیر ہند کی دستوری حیثیت بیان کرو اور بتاؤ کہ ہندوستان کے امور انتظامی میں اسے کیا دخل حاصل ہے؟

(۱۰) محکمہ جات منتقلہ سے کیا مراد ہے؟ یہ بھی بتاؤ کہ صوبہ واری کونسلوں میں وزرا کی کیا حیثیت ہے؟

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبۂ فنون ۱۳۴۷ ف مطابق ۱۹۲۸ء

۱۴ ارتیر ۱۰ تا ایک ساعت

تاریخ اسلام نشانات ۱۰۰

ھدایات (۱) صرف چھ سوالات کا جواب مطلوب ہے۔ تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

(۲) واقعات بقید سنین بیان کئے جائیں۔

(۱) مکہ معظمہ میں قریش نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جو مخالفت کی اوس کے اسباب بوضاحت بیان کرو۔

(۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مدینہ منورہ میں کن مشکلات کا سامنا ہوا اور اون کا تدارک کسطرح فرمایا گیا؟

(۳) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی اسلامی خدمات کا حال اختصار سے لکھو۔

(۴) خلیفہ ہونے پر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے سلطنت اسلام کو کس حالت میں پایا اور خرابیوں کے انسداد کے لئے آپ نے کیا حکمت عملی اختیار کی؟

(۵) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے مصر و عراق کی ناراضگی کے اسباب کیا تھے؟

(۶) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد کی فتح ایران و شام میں ایسی دو جنگوں کا ذکر کرو جن کا اثر ان دونوں ملکوں کی فتح پر سب سے زیادہ پڑا ہو۔

(۷) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دیوان اور خراج کے حالات مفصل لکھو۔

(۸) حضرت عمرؓ بن عبد العزیزؒ اور دیگر خلفاء بنی امیہ کی حکمت عملی میں کیا فرق تھا؟

(۹) پہلی صدی ہجری میں یورپ کی اسلامی فتوحات ایک نقشہ کے ذریعہ سے دکھاؤ۔

(۱۰) حضرت عبد اللہؓ بن زبیرؓ اور بنی امیہ میں جو واقعات گزرے اون کو بیان کرو اور بتاؤ حضرت عبد اللہؓ بن زبیرؓ کیوں ناکام رہے +

(۱۱) خلفاء راشدین اور خلفاء امیہ کے زمانے کی سیاسیات کا فرق اس طرح بیان کرو کہ حضرت امیر معاویہؓ کے اس قول کی تشریح ہو جائے کہ "میں اسلام کا پہلا بادشاہ ہوں"۔

(۱۲) یہ کہنا کہاں تک درست ہے کہ اسلامی علوم و فنون کی ترقی بنی امیہ کے زمانے سے شروع ہوئی تھی۔ واقعات بیان کرکے اس امر کی تصدیق یا تردید کرو۔

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبۂ فنون ۱۳۴۷ف مطابق ۱۹۲۸ء

۴ ارنبیر ۲ تا ۵ ساعت

تاریخ اسلام پرچہ دوم نشانات (۱۰۰)

ہدایت۔ صرف چھ سوالوں کا جواب مطلوب ہے۔

(۱) کہا جاتا ہے کہ منصور عباسی نے اپنی سلطنت کے استحکام کیلئے بہت سے ناجائز وسائل بھی استعمال کئے۔ اسکی تائید یا تردید کرو۔

(۲) خلافت عباسیہ کے ابتدائی دور میں ادب فلسفہ اور سائنس کی ترقی کا حال لکھو۔

(۳) متوکل باللہ کے عہد سلطنت کا حال لکھو اور بتاؤ کہ خلافت عباسیہ کے زوال کیلئے اس خلیفہ کو کس حدتک ذمہ وار قرار دیا جاسکتا ہے۔

(۴) خاندان فاطمیہ کے عروج کا حال ناقدانہ طور پر لکھو۔

(۵) احمد بن طولون یا ابن ابی عامر المنصور کا حال مختصر طور پر بیان کرو۔

(۶) ایرانی وزرائے عباسیہ مثل برامکہ اور فضل بن سہل کی تباہی کو کس حدتک خود اونکی کسی خاص پالیسی کا نتیجہ قرار دے سکتے ہیں؟

(۷) خاندان سامانیہ کا حال مختصر طور پر بیان کرو۔

(۸) تیرھویں صدی میں خلافت عباسیہ کن حالات میں قاہرہ میں قائم ہوئی؟ مسلمانوں کی سیاسی تاریخ میں اس خلافت کو کیا اہمیت حاصل ہے؟

(۹) مفصلہ ذیل میں سے تین پر تاریخی نوٹ لکھو

اخوان الصفا، بابک، عمرو بن لیث، صاحب الزنج۔ عماد الدین زنگی

(۱۰) عبدالرحمٰن ثالث کو کس بنا پر اسپین کے اموی بادشاہوں میں سے بہترین قرار دیا جاسکتا ہے؟ نقشہ کھینچ کر بتاؤ کہ اس زمانہ میں جزیرہ نمائے اسپین و پرتگال کی پولیٹکل تقسیم کیونکر ہوئی تھی؟

امتحان انٹرمیڈیٹ (شعبۂ فنون) سنہ ۳۷ فام سنہ ۱۹۲۸ء

۲۴ ستمبر ۱۰ تا ایک ساعت

تاریخ یونان نشانات ۱۰۰

ھدایات۔ صرف چھ سوالوں کے جواب دئے جائیں۔

(۱) ھومر کی رزمیہ نظموں میں یونانیوں کی طرز حکومت، معاشری تنظیم اور اخلاق کے بارے میں جو حالات درج ھیں انکی کیفیت بیان کرو۔

(۲) ایتھنز اور اسپارٹا میں عمال کے اختیارات پر جو قیود عائد کئے گئے تھے انھیں تفصیل سے بیان کرو۔

(۳) سولن سے پیشتر ایتھنز کی معاشری حالت کیا تھی؟ سولن نے اس میں کیا تبدیلیاں کیں اور اس رد و بدل سے کیا نتائج پیدا ہوئے؟

(۴) زرکسیز نے یونان پر جو حملہ کیا تھا اس کے اسباب پر بحث کرو۔

(۵) دیلوس کے وفاقیہ سے کیا مراد ہے؟ تاریخ یونان پر اس کے اثرات بیان کرو؟

(۶) سسلی کی تاریخ سے اس امر کا ثبوت دو کہ اس جزیرے میں خودسرانہ حکومت کیوں اسقدر اہم اور دیرپا ثابت ہوئی؟

(۷) "حالانکہ ایتھنز میں بظاہر جمہوری طرز حکومت تھی مگر دراصل وہاں کا ممتاز ترین شہری اسپر پوری طرح سے حاوی تھا" پیرکلیز کے متعلق یہ رائے کس حد تک درست ہے؟

(۸) یونان کی خاص خاص ریاستوں پر جنگ لیوکٹرا کا جو اثر پڑا اسے وضاحت سے بیان کرو۔

(۹) سکندر اعظم کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ اس نے مشرق و مغرب کے حد فاصل کو توڑ دیا۔ تمھارے نزدیک یہ دعوے کہاں تک واقعات پر مبنی ہے؟

ا

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبہ فنون ۱۳۳۷ف مطابق ۱۹۲۸ء

---

۱۴ ار تیر   ۲ تا ۵ ساعت

تاریخ روما   نشانات (۱۰۰)

ہدایت۔ صرف چھ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ سوال نمبر (۱) لازمی ہے۔

(۱) بحیرۂ روم اور اس کے ملحق ملکوں کا نقشہ کھینچو اور اس میں پہلی فینقی جنگ کے زمانے میں قرطاجنہ کے مقبوضات دکھاؤ۔

(۲) ادارات ذیل میں سے کسی دو پر ایک تاریخی نوٹ لکھو۔

سینیٹ، مجلس سنتوریہ، پریٹر، ٹری بیون۔

(۳) روما اور یونان دونوں یورپ کے ایک ہی گوشہ میں واقع ہیں اور دونوں کے باشندے آریائی نسل سے تھے۔ وہ کیا اسباب ہیں جنکی بدولت یونان کی آزادی کا خاتمہ ہو گیا اور روما کو دیار مغرب میں سیادت حاصل ہوئی۔

(۴) مقدونیہ اور یونان کی رومن فتح کا حال بیان کرو۔

(۵) روما کا سلوک مفتوح قوموں کے ساتھ (۱) اطالیہ اور (۲) دیگر ممالک میں کس قسم کا تھا۔

(۶) دوسری فینقی جنگ کے حالات اور نتائج بیان کرو۔

(۷) سولا کی اصلاحات بیان کرو اور بتاؤ کہ یہ اصلاحات دیرپا کیوں ثابت نہ ہوئیں؟

(۸) متھرا ڈائیس یا جگرتھا کے حالات بیان کرو اور روما سے انکی نزاعونکا ذکر کرو۔

(۹) غالیہ (Gaul) میں جولیس قیصر کی معرکہ آرائیوں کو مختصر طور سے بیان کرو۔

(۱۰) آگسٹس کے طرز حکومت پر ایک نوٹ لکھو اور بتاؤ کہ جمہوریت کے پردے میں اسنے شخصی حکومت کس طرح قایم کی۔

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبہ فنون ۱۳۳۷ف م ۱۹۲۸ء

۱۶- تیر ۔ ۱۰ تا ایک ساعت

تاریخ انگلستان - پرچۂ اول ۔ نشانات (۱۰۰)

ہدایت - صرف چھ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں - سوال نمبر (۸) لازمی ہے -

(۱) فتح نارمن کا انگلستان کی سیاسی و دستوری ترقی پر کیا اثر پڑا - واضح طور پر بیان کرو -

(۲) ہنری دوم کی خارجی حکمت عملی کو وضاحت کیساتھ بیان کرو اور ایک نقشے کے ذریعے سے اس کے فرانسیسی مقبوضات دکھاؤ -

(۳) ہنری سوم کے زمانے میں فرائرز (Friars) کی علمی اور معاشری اہمیت کیا تھی ؟

(۴) اسکاٹلینڈ کی نسبت ایڈورڈ اول کی حکمت عملی بیان کرو -

(۵) اچھے پارلیمنٹ کو پیش نظر رکھکر ایڈورڈ سوم کے زمانہ کی دستوری ترقی بیان کرو -

(۶) ہنری پنجم کو فرانس کے تخت و تاج پر کیا دعویٰ تھا اور اسنے اپنے مقصد کو حاصل کرنے کیلئے کیا طریقہ اختیار کیا ؟

(۷) کیا تم جان رچرڈ گرین کی اس رائے سے متفق ہو کہ ایڈورڈ چہارم ایک "جدید شاہی" کا بانی تھا ؟ گلابوں والی لڑائی کا اس جدید شاہی پر کیا اثر پڑا ؟

(۸) مفصلہ ذیل پر مختصر نوٹ لکھو اور یہ بتاؤ کہ تاریخ انگلستان میں انہیں کیا اہمیت حاصل ہے؟

(۱) وٹنجموٹ (۲) ڈومزڈے بک (۳) منشور اعظم
(۴) سائمن ڈی ماںٹفورٹ۔ (۵) نمونے کی پارلیمنٹ

(۹) نظام جاگیرداری سے کیا مراد ہے۔ اور جان کے دور حکومت میں اس نظام کی جو خرابیاں نمودار ہوئیں انکے کیا خاص اسباب تھے؟

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبۂ فنون ۱۳۳۷ف م ۱۹۲۸ء

---

۱۶ اترتیر   ۲ تا ۵ ساعت

تاریخ انگلستان پرچہ دوم   نشانات (۱۰۰)

ہدایت ۔ صرف چھ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں ۔

(۱) مندرجۂ ذیل مقولہ پر بحث کرو۔

"Under Walpole the ruling principles of the cabinet system were first fixed in Parliamentary Government."

(۲) اعلان رعایت ۱۶۸۷ء کی صراحت کرو اور اس کی سیاسی اہمیت بتلاؤ۔

(۳) یہ بتلاؤ کہ ہنری ہفتم نے کس طرح اپنی مرکزی حکومت کو مستحکم کیا ۔

(۴) ہیمپٹن کورٹ کی مجلس شوریٰ کے انعقاد کے اسباب و نتائج بیان کرو۔

(۵) آلیور کرامویل کی خارجی حکمت عملی کو وضاحت کے ساتھ بیان کرو۔

(۶) خانقاہوں کی بربادی کے کیا اسباب تھے ۔ تفصیل سے بیان کرو۔

(۷) جنگ انگلستان اور ہسپانیہ (۱۵۸۸ء) کے اسباب و نتائج لکھو۔

(۸) ملکہ الزبتھ کے دور کے خصوصیات کیا تھے ؟ مفصل بیان کرو۔

(۹) برطانیہ میں وزیر اعظم کی ۱۸۳۷ء اور ۱۹۱۰ء میں جو دستوری حیثیت رہی ہے ۔ اس کا مقابلہ کرو۔

(۱۰) مندرجۂ ذیل پر مختصر نوٹ لکھو : ۔

(۱) زر زسغینہ۔ (۲) سر والٹر رالے۔ (۳) سنہ ۱۷۰۷ء
(۴) ڈیوک آف بکنگھم۔ (۵) مسٹر گلیڈسٹون۔

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبۂ فنون سنہ ۱۳۳۷ف م سنہ ۱۹۲۸ء

---

۹ رتیر ۱۰ تا ایک ساعت

معاشیات پرچہ اول نشانات (۱۰۰)

صرف چھ سوالوں کے جواب دئے جائیں۔

(۱) قانون تقلیل حاصل کو وضاحت کے ساتھ مثالیں دیکر بیان کرو اور بتاؤ کہ لگان پر اس قانون کا کس کس طرح اثر پڑتا ہے؟

(۲) ذات پات کے طریق کا معاشی زندگی کے مختلف شعبوں پر ہندوستان میں کیا اثر پڑتا ہے؟ مثالیں دیکر واضح کرو۔

(۳) پیدایش دولت میں انجنوں اور کلوں کے استعمال سے کیا فواید حاصل ہوتے ہیں؟ کیا تمہاری رائے میں انجنوں اور کلوں کا استعمال مزدوروں کے حق میں مضر ہے؟

(۴) مصارف پیدایش میں کیا کیا مدیں داخل ہیں؟ مثالیں دیکر بتاؤ کہ مصارف پیدایش اور قیمت میں کیا تعلق ہے۔

(۵) سود خالص اور سود خام میں کیا فرق ہے! اور سودِ خالص کی شرح کیونکر قرار پاتی ہے؟

(۶) دولت کا معاشی مفہوم اور اس کی مختلف قسمیں مثالیں دے کر بیان کرو۔

(۷) محنت کی کارکردگی سے کیا مراد ہے اور اس کو ترقی دینے کی کیا

تدابیر ہیں۔ ہندوستان کے حوالے سے بیان کرو۔

(۸) اُجرت صحیحہ اور اُجرت متعارفہ میں کیا فرق ہے؟ موٹر چلانیوالے (شوفر) کی مثال دیکر بتاؤ کہ اُجرت صحیحہ دریافت کرنے کے لئے کن امور کا لحاظ ضروری ہے۔

(۹) مندرجہ ذیل امور میں سے صرف چار کی توضیح کرو:-
مشترک سرمایہ دار کمپنی۔ تحصیر ضلائع۔ سیونگ بنک۔
تخمین۔ ہنڈی۔ مزدوروں کی ہڑتال۔

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبۂ فنون ۱۳۴۷ف م ۱۹۲۸ء

۹ ر تیر ۲ تا ۵ ساعت

معاشیات۔ پرچہ دوم نشانات (۱۰۰)

ہدایت: ۔ صرف چھ سوالوں کا جواب دیا جائے ۔ آخری دو سوال لازمی ہیں ۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں ۔

(۱) زمانۂ موجودہ کے حالات کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے ملکی ترقی کے لئے معاشیات ہند کے مطالعہ کی ضرورت ثابت کرو ۔

(۲) ہندوستان کے قدرتی وسائل انگلستان سے کہیں زیادہ ہیں ۔ باوجود اس کے انگلستان میں تو عام طور پر دولتمندی اور خوشحالی پھیلی ہوئی ہے اور ہندوستان پر انتہا درجہ کا افلاس مسلّط ہے ۔ معاشی نقطۂ نظر سے اِس فرق کے اسباب واضح کرو ۔

(۳) ہندوستان میں آج کل جو زرعی کمیشن کام کر رہا ہے اگر تمہیں اُس کے سامنے شہادت دینے کا موقع ملے تو کن خاص امور کی طرف تم کمیشن کی توجہ منعطف کراؤ گے ؟

(۴) ہندوستان میں حقیت اراضی کے مروجہ طریقوں کی کیفیت بیان کرو اور یہ بھی واضح کرو کہ کِن مصلحتوں کی وجہ سے حکومت زمینداروں اور کاشتکاروں کے باہمی معاملات میں مداخلت کرتی ہے ۔

(۵) ہندوستان میں صنعت وحرفت کی ترقی کے لئے اصل کی بہت کمی ہے

اس حالت میں اگر دوسرے ممالک سے اصل حاصل کر کے صنعتیں جاری کی جائیں تو اس میں کیا ہرج ہے؟ تفصیل کے ساتھ بیان کرو۔

(۶) امتیازی تا بینِ تجارت سے کیا مُراد ہے؟ ہندوستان کے لئے یہ مسلک مفید ہے یا مُضر مع وجوہ بیان کرو۔

(۷) ہندوستان میں جدید طرز پر بنک کے کاروبار کا آغاز کب اور کیونکر ہوا؟ اس کے نشو ونما کی مختصر کیفیت بیان کرو۔

(۸) معیار مبادلہ طلا سے کیا مُراد ہے؟ اس طریق کی مفصل کیفیت تحریر کرو۔

یا

ہندوستان میں زر کاغذی کے رواج کی مختصر تاریخ لکھو۔

(۹) ریاست حیدرآباد کے ذرائع آمدنی بیان کرو اور بتاؤ کہ اُن میں کون سے محاصل بلاواسطہ ہیں اور کون سے بالواسطہ۔

یا

انتظامی نقطہ نظر سے ہندوستانی ریلوں کے مالیات میں جو تبدیلیاں کی گئی ہیں اُن کی مفصل کیفیت تحریر کرو۔

امتحان انٹرمیڈیٹ (شعبۂ فنون) ۱۳۴۷ف مطابق ۱۹۳۸ء

۱۰ اپریل — ۱۰ تا ایک ساعت

منطق — پرچہ اول — نشانات ۱۰۰

(صرف پانچ سوالات حل کیے جائیں۔ آخری سوال لازمی ہے۔ سب سوالوں کے نشانات مساوی ہیں)

۱ "تعریف کے ہر عمل میں تقسیم، اور تقسیم کے ہر عمل میں تعریف داخل ہوتی ہے" اس قول کی تنقید کرو، اور ذیل کی تعریفوں اور تقسیموں کو جانچو:-

(ا) کتابوں کی تقسیم سستی، تاریخی اور چھپی ہوئی کتابوں میں

(ب) علم ایک قوت ہے

(ج) منطق نام ہے فکر انسانی کے قوانین ناظمہ کا

۲ استناج بدیہی کے مختلف عملوں سے جتنے ممکن استناجات ذیل کے بیانات سے حاصل ہوسکتے ہوں، کرو:-

(ا) ہر زلغوں والا ولی نہیں ہوتا

(ب) پارہ وزنی ہوتا ہے

۳ قضایائے ذیل کو صحیح منطقی شکل میں تحویل کرو، ہر ایک کا موضوع (محکوم علیہ)، رابطہ، اور محمول (یا محکوم بہ) بتاؤ، نیز ہر قضیہ کی کیفیت اور کمیت ظاہر کرو:-

(ا) ہر متعلم محقق نہیں ہوتا

(ب) ہر شخص ایسی مصیبت کو برداشت نہیں کر سکتا

(ج) سانپ کاٹا رسی سے ڈرتا ہے

(د) بہت کم لوگ ایسے ہیں جو لالچ میں نہ آئیں

(ہ) تقریباً سب باشندوں نے بلدہ چھوڑ دیا ہے

۴ تحویل کی اہمیت اور ماہیت ظاہر کرو، حروف ذیل کو شکل اول میں تحویل کرو

(ا) کی تحویل غیر مستقیم ہونی چاہیئے

(ا) تمام ایماندار آدمی قابل اعتبار ہوتے ہیں

بعض ذہین آدمی قابل اعتبار نہیں ہوتے

∴ بعض ذہین آدمی ایماندار نہیں ہوتے

(ب) بعض تاجر خوش پوش ہوتے ہیں

سب تاجر ذی اثر ہوتے ہیں

بعض ذی اثر لوگ خوش پوش ہوتے ہیں

۵ "سب ممتحن سخت ہوتے ہیں

زید ایک ممتحن ہے

زید بھی سخت ہے

"قیاس بالا میں اگر مقدمہ کبریٰ کے ایجاب سے پہلے زید کے متعلق تحقیق کی جا چکی ہے تو نتیجہ زاید از ضرورت ہے، اور اگر زید کے متعلق تحقیق نہیں کی گئی ہے تو ہم کو مقدمہ کبریٰ کے ایجاب کا کوئی حق نہیں پس نتیجہ یا تو زاید از ضرورت ہے یا غیر صحیح۔"

اس اعتراض پر بحث کرو

۶ ذیل کے بیان پر اپنی رائے لکھو، اور عملی مثالوں سے اپنے جواب کی توضیح کرو:۔
"جنس نوع کا ایک جزو ہوتی ہے اور نوع جنس کا"

۷ قیاس شرطیہ سے کیا مراد ہے۔ مقدمات ذیل کو قیاس شرطیہ کی شکل میں ظاہر کرو، اور اس سے صحیح نتیجہ اخذ کرو:۔
(ا) تمام خوش آواز پرندے خوش رنگ ہوتے ہیں
(ب) کوئی بڑے پرندے شہد کھا کر زندگی بسر نہیں کرتے
(ج) جو پرندے شہد پر زندگی بسر نہیں کرتے وہ بدرنگ ہوتے ہیں

۸ ذیل کے دلائل میں کیا مغالطہ ہے، ہر مغالطہ کا نام لو، اور اس کی ماہیت بتاؤ،
(ا) جو خود عیبی ہوں وہ دوسروں کی عیب جوئی کیوں کریں
(ب) آج کل کے تعلیم یافتہ دستی محنت کو عار سمجھتے ہیں اس لئے اگر تعلیم عام ہو جائے تو صنعت و حرفت کا خاتمہ ہو جائے
(ج) عورتوں کو پردہ میں جکڑ رکھنا سخت ناانصافی ہے، اس لئے کہ ان میں بڑی بڑی مشہور رانیاں گذری ہیں
(د) سب تعلیم یافتہ لوگ صحیح املاء پر قادر نہیں ہیں،

اس لئے کہ ایف۔ اے کے جوابی پرچوں میں کثرت سے املا کی غلطیاں ہوتی ہیں۔

(۷) دنیا میں تقریباً ہر روز غیر معمولی واقعات ہوتے رہتے ہیں، اور چونکہ جو واقعات روز ہوتے ہیں وہ معمولی کہے جاتے ہیں، اس لئے ہر غیر معمولی واقعہ معمولی ہوتا ہے۔

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبۂ فنون ۱۳۴۷ف م ۱۹۲۸ء

۱۰ تیر ۲ تا ۵ ساعت

منطق پرچۂ دوم نشانات

ہدایت۔ حصۂ اول میں سے صرف چار سوالوں کا جواب دیا جائے
حصۂ دوم لازمی ہے

حصۂ اول

(۱) وہ تعلق جو عموماً علت اور معلول کے نام سے موسوم ہے در اصل کچھ نہیں بلکہ علت اور معلول دونوں ایک ہی ہیں اون میں کوئی فرق نہیں۔ اِس پر بحث کرو۔ (۱۵)

(۲) طریقۂ طرد میں جو نقائص ہیں اُنکی وضاحت کرو اور مثالیں دو۔ (۱۵)

(۳) جب ہم کہیں کہ اختبار سے غرض صرف یہی ہے کہ تقدیرات کی جانچ ہو تو کیا یہ بیان صحیح ہے۔ (۱۵)

(۴) توجیہ اور محض بیان میں کیا فرق ہے؟ (۱۵)

(۵) اختبار کرنے والے کا اہم فرض یہ ہے کہ اگر توجیہ طلب واقعہ موجود نہ ہو تو ایسے حالات پیدا کرے کہ اُسکی صحیح علت معلوم ہو سکے"۔ اِس سے کیا مطلب ہے؟ (۱۵)

(۶) "ذہنی اختبار" کے کیا معنی ہیں۔ کیا ان الفاظ سے مفہوم صحیح طور ادا ہو جاتا ہے؟ (۱۵)

(۷) "صنف" کا خیال صرف افراد کا اوسط معلوم ہوتا ہے۔ کیا یہ صحیح ہے، اگر نہیں تو اصطفاف سے کیا مراد ہے؟ (۱۵)

(۸) کیا تقدیرات قائم کرنے کے کوئی اُصول ہو سکتے ہیں؟ (۱۵)

حصہ دوم

(۹) مکانات پر ٹکس فی صدی پچیس بڑھا دیا گیا۔ بتاؤ کہ اسکے اثرات کے معلوم کرنے کے لئے کونسا طریقہ استقرا یا کونسے طریقے استعمال میں لائے جائیں گے۔ (۲۰)

(۱۰) حسب ذیل اشعار کی منطقی نقطۂ نظر سے جانچ کرو۔

قید حیات و بند غم اصل میں دونوں ایک ہیں
موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں

نہ خدا ہی ملا نہ وصال صنم
نہ اِدھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے (۲۰)

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبہ فنون ۱۳۳۷ف مطابق ۱۹۲۸ء

۱۶ر تیر ۱۰ تا ایک ساعت

نفسیات۔ پرچہ اول نشانات (۱۰۰)

سب سوالات کے نشانات برابر ہیں۔ صرف پانچ سوالوں کے جواب لکھو۔

(۱) نفسیات کی تعریف کرو۔ اس علم کے نقطۂ نظر، طریقہ اور موضوع کو واضح طور پر بیان کرو۔

(۲) نظام عصبی کو حرکات ارادی اور غیرارادی سے کیا تعلق ہے؟ عادات کسطرح بنتی ہیں اور کسطرح راسخ ہوتی ہیں؟ اس پر مفصل بحث کرو۔

(۳) توجہ سے کیا مراد ہے؟ توجہ کو جبلت اور ارادہ سے کیا تعلق ہے؟ توجہ کی اقسام اور طریقۂ عمل کی تفصیل کرو۔ عدم توجہ کے کیا وجوہ ہوسکتے ہیں؟

(۴) ادراک کو استدلال سے کیا تعلق ہے۔ احساس، تصور اور تصدیق سے استدلال میں کسطرح کام لیا جاتا ہے؟ مثالیں دیکر واضح کرو۔

(۵) کسی اندھے کو رنگ کے متعلق گفتگو کرتے کبھی سنا ہوگا اس کے علم اور ایک بینا کے علم میں کیا فرق ہوتا ہے، اس فرق کی بنیاد کیا ہے؟

(۶) تلازم کی تمام صورتوں پر مفصل بحث کرو۔ مثالیں دو۔ کسی چیز کی جستجو میں تلازم اور حافظہ کسطرح کام کرتا ہے۔ مثالیں دو۔

(۷) آنکھ کی بناوٹ اور اس کے وظیفہ کی پوری تشریح کرو، ایک آنکھ اور

۲

دونوں آنکھوں سے ایک چیز ایک ہی دکھائی دیتی ہے۔ وجہ بیان کرو۔

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبۂ فنون ۱۳۳۷ف مطابق ۱۹۲۸ء

۱۶ تیر، ۲ تا ۵ ساعت

نفسیات پرچہ دوم — نشانات (۱۰۰)

نوٹ :- صرف پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں -

(۱) "حصول لذّت کے لئے اس کو بھلا دینا لازمی ہے"
اس مقولہ کو پیش نظر رکھکر تم حسیّت اور وقوف میں کوئی تعلق معلوم کر سکتے ہو؟ نفسیاتی حیثیت سے یہ کہاں تک صحیح ہے؟

(۲) تلازم کے قوانین پر مفصل بحث کرو -

(۳) شناخت کے نفسی پہلو کو واضح کرکے اس میں اور حافظہ میں تعلق دریافت کرو -

(۴) استخراج اور استقرا کا نفسیاتی نقطۂ نظر سے مقابلہ کرو -

(۵) خوف کو تم جبلت کہو گے یا جذبہ؟ اس کی ماہیّت و اسباب ذرا تفصیل کے ساتھ واضح کرو -

(۶) اس پر بحث کرو کہ "حرکات پہلے سے موجود ہوتی ہیں - ارادہ ان میں نظم و ترتیب پیدا کرتا ہے -"

(۷) عمل تصور کی ماہیت پر مفصل بحث کرکے تصور اور تمثال کا تعلق معلوم کرو -

(۸) بعض ماہرین نفسیات جبلت اور عقل کو ایک دوسرے کی ضد سمجھتے

ہیں۔ تم ان کی تائید یا تردید میں کچھ کہہ سکتے ہو؟

(۹) اقبال کا ایک شعر ہے :-

"لگی نہ میری طبیعت ریاضِ جنت میں ٭ پیا شعور کا جب جام اولیں میں نے"

"شعور" سے "شعور ذات" مراد لیکر اس شعر کی نفسیاتی صحت یا غلطی پر بحث کرو۔

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبہ فنون ۱۳۴۷ف م ۱۹۲۸ء

۹ ستیر ۱۰ تا ایک

طبیعیات پرچہ اول نشانات ۷۵

ہدایت :- (۱) صرف سات سوال حل کئے جائیں، چار حصۂ اول میں سے اور تین حصۂ دوم میں سے۔
(۲)- امیدواروں کو ریاضی کی جدولیں استعمال کرنے کی اجازت ہے۔

حصۂ اول

۱ سادہ رقاص کے وقت دوران کے لئے ایک ضابطہ اخذ کرو۔ سادہ رقاص کی وساطت سے یہ امر کس طرح ثابت کروگے کہ سطح زمین کے اوپر مختلف مقامات پر ایک ہی جسم کا وزن مختلف ہوتا ہے۔ ۱۱

۲ سیفن بارپیما (Siphon Barometer) کی تشریح کرو۔ کیا اس سے فارٹن (Fortin) کے بارپیما کی بہ نسبت ہوا کے دباؤ کی زیادہ صحیح تعیین ہوسکتی ہے ؟ اپنے جواب کی تائید میں وجوہات بیان کرو۔
ہوا کے دباؤ کی صحیح تخمین میں مختلف خطاؤں اور ان کی تصحیح کے متعلق مفصل بحث کرو۔ ۱۱

۳ رگڑ کی تعریف کرو۔ دو ٹھوس اجسام کے درمیان جو سکونی رگڑ

پیدا ہوتی ہے، اس کی تخمین کے لئے ضابطہ حاصل کرو۔
ایک تختہ ۰۰ سم لمبا اس طور سے جھکا ہے کہ ایک سرا دوسرے سرے سے ۰۴ سم بلند تر ہے۔ لکڑی کا ایک کندا جس کا وزن ۵ کلوگرام ہے، اس تختہ پر رکھا ہے۔ دریافت کرو کہ کس قدر قوت کندے کو اس سطح مائل کے اوپر حرکت دینے کے لئے کافی ہوگی جب کہ تختہ اور کندے کے درمیان رگڑ کا انتہائی زاویہ (Limiting Angle) ۲۱ درجہ ہے۔ ۱۰

۴ (الف) ہوا کی مساوی کمیتیں دو کھوکھلے کروں میں، جن کے نصف قطر علی الترتیب r_1 اور r_2 سم ہیں، بھری ہیں۔ دونوں کروں کے اندر ہوا کے دباؤ کا مقابلہ کرو۔
(ب) سطح سمندر کے نیچے ایک کلومیٹر کی گہرائی پر دباؤ کیا ہے جب کہ سمندر کے پانی کی کثافت اضافی ۱٫۰۲۵ ہے؟ کس گہرائی پر یہ دباؤ دو کرہ ہوائی کے برابر ہوگا جب کہ ایک کرہ ہوائی کا دباؤ دس لاکھ ڈائن فی مربع سم ہے؟
[اسراع بہ جاذبہ ارض کی قیمت ۹۸۱ سم فی ثانیہ فی ثانیہ مان لی جائے]
۵ ارگن نلی (Organ Pipe) سے جب آواز نکلتی ہے تو اس کے اندر ہوا کس طرح مرتعش ہوتی ہے بیان کرو۔ تپش کی تبدیلی سے اس کے امتداد پر کیا اثر پڑتا ہے؟
۴۵ سم لمبی کھلے منہ کی ارگن نلی (Organ Pipe) کے بنیادی سُر کا تعدد ارتعاش، جب کہ یہ کاربانک ایسڈ گیس سے بھر کر بجائی جاتی ہے، ۲۹۰ فی ثانیہ ہے۔ کاربانک ایسڈ گیس میں آواز کی رفتار

دریافت کرو۔ ۱۰

۶ کھچے ہوئے تار کے عرضی ارتعاش کا تعداد کن امور پر منحصر ہوتا ہے؟

۶۰ سمر لمبے اور ۵ء۰ ممر قطر والے فولادی تار کے بنیادی سر کا تعداد ارتعاش جب کہ یہ ایک معین وزن سے کھچا ہوتا ہے، ۲۴۰ فی ثانیہ ہے۔ دوسرا فولادی تار جو کہ اسی وزن سے کھچا ہے، ۴۰ سمر لمبا اور ۶ء۰ ممر قطر والا ہے۔ موخرالذکر کے بنیادی سر کا وقت دوران دریافت کرو۔ ۱۱

حصہ دوم

۷ مستقل حجم کے ہوائی تپش پیما کی تشریح کرو۔ اور بتاؤ کہ اس کے ذریعہ تپش کے صفر مطلق کی کس طرح توضیح ہو سکتی ہے۔ ۱۱

۸ پانی کی اعظم کثافت کی تپش صحت کے ساتھ دریافت کرنے کا کوئی تجربہ بیان کرو۔ ۱۰

۹ اضافی مرطوبیت (Relative Humidity) اور نقطۂ شبنم (Dew Point) کی تعریف کرو۔ اور اول الذکر کی تعیین کا کوئی طریقہ بیان کرو۔ ۱۰

۱۰ حرارت کے میکانی معادل سے کیا مراد ہے؟ اس کی تخمین کیلئے کوئی سادہ تجربہ بیان کرو۔

۱۰ گرام برف کو جس کی تپش منفی پانچ درجہ مئی ہے، ۱۰۰ درجۂ مئی پر بھاپ میں بدلنے سے کافی حرارت پہنچانے میں کس قدر کام کرنا پڑیگا؟

برف کی نوعی حرارت = ۵ء۰

پانی کی حرارتِ مخفی = ۸۰

۴

بھاپ کی حرارتِ مخفی = ۵۳۷

حرارت کا عملی معادل = ۴٫۲ × ۱۰^{۷} ارگ فی حرارہ

وہ ایک کاگ کے ٹکرے کے ذریعے (جسکی اضافی کثافت ۲۴ءہے) جو پورا پانی کے اندر ڈوبا ہوا ہے پانی میں اس طرح ساکن رہ سکتا ہے کہ اس کا سر عین پانی کے باہر ہوتا ہے۔ اگر اسکے سر کا حجم اسکے کل حجم کا $\frac{1}{16}$ ہو تو کاگ کا حجم دریافت کرو۔

۱۱۔ ہوا بھرنے کے پمپ کا اصول بیان کرو اور ہوا بھرنے کے عمل میں، پمپ کی ہر ضرب (Stroke) میں دباؤ کا جو اضافہ ہوتا ہے اسے دریافت کرو۔

ایک موٹر کار کی ٹیوب کا حجم ۹۲۰ مکعب انچ ہے، اور اس میں ہوا بالکل نہیں ہے۔ اہمیں ہوا ایک پمپ کے ذریعہ بھری جاتی ہے جسکی نالی کا اندرونی حجم ۲۸ مکعب انچ ہے۔ بتاؤ کہ کتنی ضربوں میں ٹیوب کا دباؤ ۵۵ پونڈ ہو جائیگا۔ ایک کرۂ ہوائی کا دباؤ ۱۵ پونڈ ہے۔

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبۂ فنون۔ ۱۳۳۷ف م ۱۹۲۸ء

۹ تیر ۲ تا ۵ ساعت

طبیعیات۔ پرچۂ دوم نشانات (۷۵)

ہدایات:۔ صرف سات سوال حل کئے جائیں۔ تین حصہ اول سے۔ چار حصہ دوم سے۔ ہر سوال کے نشان مساوی ہیں۔

حصۂ اول

(۱) کسی چراغ کی "بتی طاقت" سے کیا مراد ہے؟ کسی مبدا، نور کی بتی طاقت دریافت کرنے کیلئے کوئی سے دو مستند طریقے بیان کرو۔

ایک پردے کے دونوں جانب ایک ایک چراغ رکھا ہوا ہے اور اُن کے فاصلے اُس طرح مرتب ہیں کہ پردے کے دونوں رُخ یکساں روشن ہیں۔ اگر ان چراغوں میں سے ایک چراغ کے گرد ایک نیم شفاف فانوس رکھ کر اس کی تنویر اس قدر گھٹا دی جاتی ہے کہ پردے کے دونوں رُخوں کو یکساں منور کرنے کے لئے اب دوسرے چراغ کے فاصلے کو اس کے پہلے فاصلہ کا دوچند کرنا پڑتا ہے بتلاؤ کہ فانوس مذکور نور کا کتنا حصہ جذب کر لیتا ہے۔

(۲) مشتری (Jupiter) کے چاندوں پر مشاہدات کرکے نور کی رفتار کس طرح دریافت کی گئی ہے مفصل بیان کرو۔

(۳) کسی شے کے "انعطاف نما" کی تعریف کرو۔ ایک ایسا ضابطہ حاصل کرو

جس سے زاویۂ انحراف اقل منشور کے انعطافی زاویہ اور اس کے انعطاف نما کا باہمی تعلق معلوم ہو جائے۔

(۴) پتلے محدب عدسہ کے متعلق کوئی ایسی مساوات مرتب کرو جو عدسہ سے شخص اور خیال کے فاصلوں اور اس کے طولِ ماسکہ کا باہمی رشتہ ظاہر کرے۔

ایک آدمی کی رویت واضح کا فاصلہ پانچ انچ ہے وہ اگر پندرہ فٹ کے فاصلہ پر رکھی ہوئی نوشت کو پڑھنا چاہے تو اسے کس قسم اور کتنے طولِ ماسکہ کی عینک استعمال کرنا چاہیئے؟

حصۂ دوم

(۵) مندرجۂ ذیل اصطلاحات کی تشریح کرو:۔

مقناطیسی قطب کی طاقت۔ مقناطیسی معیارِ اثر۔ کسی نقطہ پر مقناطیسی میدان کی حدت۔

۴ سم طول کے ایک سلاخی مقناطیس کا محور ۳۶ء۰ ڈائین کی حدت کے مقناطیسی میدان کے علی القوائم رکھا ہوا ہے۔ اگر مقناطیس کے ہر قطب کی طاقت (۱۵۰) س۔گ۔ث اکائیاں ہو تو مقناطیس مذکور پر اثر کرنے والا جُفت کیا ہے؟

(۶) وہ مقناطیسی عناصر کیا ہیں جن کے مشاہدات سے بالعموم کسی مقام کا ارضی مقناطیسی میدان پورے طور سے دریافت ہو جاتا ہے؟ ان میں سے کسی ایک عنصر کے معلوم کرنے کا طریقہ بتاؤ۔

(۷) یہ کس طرح ثابت کیا جا سکتا ہے کہ ذیل کی صورتوں میں مثبت اور منفی برقی بار (Electric Charges) مساوی تعدادوں میں پیدا

ہوتے ہیں :-

(ا) رگڑ سے

(ب) امالہ سے

کسی برقی سکونی امالی مشین کی بناوٹ بیان کرو اور اس کے طریق عمل کی توضیح کرو۔

(۸) کلیہ اوم (Ohm) کیا ہے؟ وٹسٹون (Wheatstone) کے پُل کے ذریعہ تار کے دو لچھوں کی برقی مزاحمتوں کا مقابلہ کس طرح کروگے مفصل بیان کرو۔ جو ضابطہ استعمال کیا جائے اس کا ثبوت بھی لکھو۔

(۹) برق پاشیدگی کے متعلق فیرڈے (Faraday) کے کلیات کیا ہیں؟

پانچ ہمسلسلہ خانے جن میں سے ہر ایک کی اندرونی مزاحمت اور ق م ب علی الترتیب ۰٫۰۴ اوم اور ۲ وولٹ ہیں، پلاٹینم کے برقیروں کے درمیان ہلکائے ہوئے گندمک کے تُرشہ میں سے رَو پیدا کرنے کے لئے استعمال کئے گئے ہیں۔ اگر برقیروں کے درمیان کے تُرشہ کی مزاحمت چار اوم اور تقطیبی محرکۂ برق ۱٫۵ وولٹ تصور کئے جائیں تو بتاؤ کہ ایک گھنٹہ میں کتنا پانی تحلیل ہوگا۔

[ہائیڈروجن کا برقی کیمیائی معادل = ۰۰۰۰۱ء گرام فی ایمپیر فی ثانیہ]

(۱۰) جُول کا کُلیہ (Joule's Law) بیان کرو جو برقی رَو تفاوت قوہ اور اُن سے پیدا ہونے والی حرارت کے مابین تعلق بتاتا ہے۔

ایک مورچہ کا محرکۂ برق ۱۸ وولٹ اور اندرونی مزاحمت ۳ اوم ہے جب اس مورچہ کے قطب کو ایک تار ۲ کے ذریعہ سے جوڑتے ہیں تو قطبین کے

درمیان تفاوتِ قوہ کی قیمت ۱۵ وولٹ ہو جاتی ہے اور جب بجائے تار ا کے کوئی دُوسرا تار ب استعمال کیا جاتا ہے تو تفاوتِ قوہ ۱۲ وولٹ تک اُتر آتا ہے۔ اگر دونوں صورتوں میں رَو مساوی مدت تک گزرے تو پیدا شدہ حرارت کی مقداروں کی نسبت کیا ہوگی ؟

امتحان انٹرمیڈیئٹ۔ شعبۂ فنون سنہ ۱۳۳۷ ف سنہ ۱۹۲۸ء

۲۹ ؍ خورداد — ۱۰ تا ایک ساعت

طبیعیات عملی۔ پرچۂ اول — نشانات (۵۰)

ہدایات:۔ (۱) امیدواروں کو چاہیئے کہ ذیل کے سوالوں میں سے کوئی سے چھ سوال [جن میں سے ۳ حصۂ (ا) سے ہوں اور ۳ حصۂ (ب) سے] جن کو وہ حل کرنا نہیں چاہتے قلمزد کردیں۔ باقیماندہ سوالوں میں سے کوئی ایک سوال ان کو حل کرنے کے لئے دیا جائیگا۔

(۲) جوابات کی کتاب میں ہر ایک مشاہدہ ترتیب وار لکھا جائے۔

(۳) جہاں کہیں ضرورت ہو حسابی عمل صفحہ کی پشت پر درج کیا جائے۔

(ا)

(۱) لانما نلی کے ذریعہ دیئے ہوئے تیل کی کثافتِ اضافی دریافت کرو۔

(۲) کثافتِ اضافی کی بوتل سے ریت کی کثافتِ اضافی دریافت کرو۔

(۳) دیئے ہوئے آلہ کے ذریعہ سے قوتوں کے متوازی الاضلاع کا کلیہ ثابت کرو۔ قوتوں کے مابین (ا) ۳۰° (ب) ۴۵° اور (ج) ۶۰° کا زاویہ لیا جائے۔

(۴) طریقۂ آمیزش سے دیئے ہوئے مائع کی حرارتِ نوعی دریافت کرو۔

(۵) دیئے ہوئے مائع کے ظاہری پھیلاؤ کی شرح دریافت کرو۔

(۶) دیئے ہوئے آلہ کے ذریعہ سے کلیۂ معیارِ اثر ثابت کرو۔ اور بیرم کا وزن دریافت کرو۔

(۷) دو سُر کے دو شاخے دئے جاتے ہیں جن کے تعدد قریب مساوی ہیں۔ گمک کی نلی کے ذریعہ یا کسی اور طریقہ کو کام میں لاکر اُن کے تعددوں کی نسبت دریافت کرو۔

(۸) صوت پیما کے تار کی کمیت معلوم کرو جبکہ وہ کسی معلوم تعدد کے دو شاخہ سے گمک دے رہا ہو۔

(ب)

(۹) حساس قطب نما اور نقشہ کشی کا کاغذ دیا جاتا ہے۔ دئے ہوئے مقناطیسی نظام کے مقناطیسی میدان کا نقشہ کھینچو۔ کیا کہیں تعدیلی نقطے بھی موجود ہیں؟

(۱۰) برقیاشیدگی کا آلہ استعمال کرکے دئے ہوئے مماسی رو پیما کا تحویلی جزوِ ضربی معلوم کرو۔

(۱۱) دئے ہوئے برقی خانہ کے م۔ب کو ڈینیل کے برقی خانہ کے م۔ب کی رقموں میں دریافت کرو۔

(۱۲) میٹری پل کے ذریعہ سے دئے ہوئے تار کی مزاحمت نوعی دریافت کرو۔

(۱۳) کلّی داخلی انعکاس کے ذریعہ دئے ہوئے شیشہ کے منشور کا انعطاف نما دریافت کرو۔

(۱۴) کسی مناظری طریقہ سے دئے ہوئے محدّب کروی آئینہ کا نصف قطر انحنا دریافت کرو۔

(۱۵) طیف پیما کے ذریعہ سے دئے ہوئے منشور کا انعطاف نما دریافت کرو۔

امتحان انٹرمیڈیئیٹ شعبۂ فنون ۱۳۳۷ف مطابق ۱۹۲۸ء

---

۲۷ خورداد   ۱۰ تا ایک ساعت

طبیعیات عملی۔ پرچۂ دوم   نشانات (۵۰)

ہدایت :۔ (۱) امیدواروں کو چاہیئے کہ ذیل کے سوالوں میں سے کوئی سے چھ سوال [جن میں سے ۳ حصۂ (ا) سے ہوں اور ۳ حصۂ (ب) سے] جن کو وہ حل کرنا ہیں چاہتے قلمزد کر دیں۔ باقی ماندہ سوالوں میں سے کوئی ایک سوال ان کو حل کرنے کے لئے دیا جائیگا۔

(۲) جوابات کی کتاب میں ہر ایک مشاہدہ ترتیب وار درج کیا جائے۔

(۳) جہاں کہیں ضرورت ہو حسابی عملی صفحہ کی پشت پر درج کیا جائے۔

(ا)

(۱) نکلسنی مائع پیما کے ذریعہ سے دئے ہوئے مائع کی کثافتِ اضافی دریافت کرو۔

(۲) دئے ہوئے مائع کی کثافتِ اضافی کی رقموں میں شیشہ کے ڈاٹ کی کثافتِ اضافی دریافت کرو۔

(۳) قوتوں کے کثیر الاضلاع کے ذریعہ سے دئے ہوئے وزن کی قیمت گراموں میں دریافت کرو۔

(۴) بسیط رقاص کے وقتِ دوران کے مربع اور اس کے طول کے مابین ترسیم کے ذریعہ تعلق ظاہر کرو۔ ج کی قیمت بھی محسوب کرو۔

(۵) بھاپ کی مخفی حرارت کے ذریعہ سے دئے ہوئے معدانی (Mineral) کی حرارتِ نوعی دریافت کرو۔

(۶) دئے ہوئے آلہ سے پانی کی حرارتِ مخفی دریافت کرو۔

(۷) دئے ہوئے سُر کے دوشاخہ کا تعدد ۲۵۶ مان کر گمک کی نلی کے ذریعہ سے آواز کی رفتار ہوا میں صفر درجہ مئی پر دریافت کرو۔

(۸) صوت پیما کے ذریعہ دئے ہوئے دوشاخہ کا تعدد معلوم کرو۔

(ب)

(۹) انصرافی مقناطیسیت پیما کے ذریعہ دئے ہوئے دو مقناطیسوں کے مقناطیسی اثری معیاروں کا مقابلہ کرو۔

(۱۰) ایم پیما کے مظہرہ نشانات کو صحیح مان کر دئے ہوئے رو پیما کا جزوِ تحویلی دریافت کرو۔

(۱۱) مماسی رو پیما اور دی ہوئی مزاحمتوں کے ذریعہ سے مزاحمتوں کی ہمسلسلہ اور ہمتوازی ترتیبوں کا کلیہ ثابت کرو۔

(۱۲) پوسٹ آفس بکس سے دئے ہوئے تار کی برقی موصلیت دریافت کرو۔

(۱۳) مناظری طریقہ سے دئے ہوئے مقعر عدسہ کا ماسکی طول دریافت کرو۔ جن اشیاء کی تمہیں ضرورت ہو طلب کرلو۔

(۱۴) دئے ہوئے پتر کا انعطاف نما دریافت کرو۔

(۱۵) طیف پیما کے ذریعہ سے دئے ہوئے منشور کا انعطافی زاویہ دو طریقوں سے دریافت کرو۔

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبۂ فنون ۱۳۳۷ف ۱۹۲۸ء

۱۰ ارتیر ۱۰ تا ایک ساعت

کیمیا پرچہ اول نشانات (۷۵)

نوٹ ۔ حصہ الف سے چار اور حصہ ب سے تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں ۔ جوابات کے جانچنے میں اختصار اور صفائی کا خاص لحاظ رکھا جائے گا ۔

(الف)

(۱) کن واقعات کی بنا پر ڈالٹن نے نظریۂ جواہر پیش کیا ؟ اس نظریئے کو مختصر بیان کرو ۔ اور بتاؤ کہ اس سے ان واقعات کی کیوں کر توجیہ ہوتی ہے ؟

(۲) وزن معادل ۔ گرام سالمہ اور بخاری کثافت کی تعریف بیان کرو ۔ جست کا وزن معادل کس طرح معلوم کیا جاتا ہے ؟

(۳) افتراق (Dissociation) سے کیا مراد ہے ؟ تحلیل اور افتراق میں کیا فرق ہے ؟

۵ء گرام امونیم کلورائیڈ بخارات میں تبدیل کیا گیا اور بخارات کا حجم ط ۔ ت ۔ د پر ۳۰۰ مکعب سمر پایا گیا ۔ بتاؤ کہ اس تجربے میں نمک کے کس قدر حصے کا افتراق واقع ہوا ؟

(۴) احتراق اور آکسیڈیشن میں کیا فرق ہے ؟ لکڑی کے جلنے کی توضیح کرو ۔

بنسنی شُعلے کی ساخت اور تنویر کے متعلق جو کچھ تمھیں معلوم ہے بیان کرو۔

(۵) کُلیۂ ادوارِ عناصر بیان کرو۔ اُس کلیّے سے عناصر کی خاصیتوں میں کیا رشتہ قائم ہوتا ہے؟ کون سے عناصر اس کلیّے سے مستثنیٰ معلوم ہوتے ہیں؟ اس کلیّے سے نئے عناصر کے انکشاف میں کیا مدد ملتی ہے؟

(ب)

(۶) تجارتی پیمانے پر الکوہل تیار کرنے کا کوئی مروّجہ قاعدہ بیان کرو۔ تصحیح شدہ (Rectified) روحِ شراب کسے کہتے ہیں؟ کسی شراب میں الکوہل کا تناسب کس طرح معلوم کیا جاتا ہے؟

(۷) میتھین (Methane) سے آغاز کر کے ایسیٹ الڈیہائیڈ (Acetaldehyde) کس طرح حاصل کیا جا سکتا ہے؟ الڈیہائیڈز اور کیٹونز میں بلحاظِ خواص کیا فرق ہے؟

(۸)۔(۱) تجارتی اور (۲) تالیفی قاعدے سے آکسیلک (Oxalic) ترشہ کس طرح تیار کیا جاتا ہے؟ اس کا ساخت نما ضابطہ اور اہم خاصیتیں لکھو۔

(۹) یوریا (Urea) کا ساخت نما ضابطہ کیا ہے؟ یہ کس طرح تیار کیا جاتا ہے؟ اس کے اہم تعاملات کیا کیا ہیں؟

(۱۰) فینول (Phenol) اور بنزوئک (Benzoic) ترشے کے ساخت نما ضابطے لکھو۔ ان کے خواص کا علی الترتیب ایتھل الکوہل اور ایسیٹک (Acetic) ترشے کے خواص سے مقابلہ کرو۔

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبۂ فنون ۱۳۳۷ف م ۱۹۲۸ء

---

۱۰ ار تیر | ۲ تا ۵ ساعت

کیمیا پرچہ دوم | نشانات (۷۵)

انتباہ :- صرف سات سوالوں کے جوابات مطلوب ہیں؛ تمام سوالوں کے نشانات مساوی ہیں۔

(۱) چند ایسے تعاملات کا ذکر کرو جن میں اوزون پیدا ہوتی ہے۔ تجربہ خانہ میں اوزون کی تیاری کا بہترین طریقہ کیا ہے؟ اوزون کو کس طرح شناخت کیا جاتا ہے؟

(۲) آیوڈین کے قدرتی ماخذ کیا ہیں؟ ان ماخذوں سے آیوڈین کس طرح حاصل کی جاتی ہے؟ اس عنصر کے کیمیائی خواص اور مصرف بیان کرو۔

(۳) مندرجہ ذیل اشیا کیسے حاصل کی جاتی ہیں۔

(ا) آیوڈک ترشہ۔ (ب) نائٹروجن ٹرائی کلورائیڈ۔ (ج) فاسفین

(د) کاربن ڈائی سلفائیڈ۔ (ھ) کاربورنڈم

(۴) کاربن کی قلمی اور نقلی شکلوں کی اہم خصوصیات بیان کرو۔ نقلی کاربن کو قلمی شکل میں تبدیل کرنے کے لئے کونسا طریقہ اختیار کیا جاتا ہے؟

(۵) مندرجہ ذیل اشیا پر پانی کا کیا عمل ہے؟ ہر عمل کو مساوات سے واضح کرو۔

(ا) کیلسیم فاسفائیڈ۔ (ب) کیلسیم کاربائیڈ۔ (ج) بسمتھ کلورائیڈ۔

(د) میٹا فاسفورک ترشہ۔ (ھ) فاسفورس ٹرائی کلورائیڈ۔ (و) انٹیمونی کلورائیڈ۔

(۶) سوڈیم کلورائیڈ سے وسیع پیمانہ پر کاوی سوڈا کس طرح حاصل کیا جاتا ہے؟ اس قاعدہ کا ضمنی حاصل کیا ہے؟ کاوی سوڈے کے اہم خواص اور مصرف کیا ہیں؟

(۷) پارے کے قدرتی ماخذ کیا ہیں؟ قدرتی ماخذ سے دھاتی پارا خالص حالت میں کس طرح حاصل کیا جاتا ہے؟ مرکیورس کلورائیڈ کی تیاری کا طریقہ اور اس کے اہم خواص بیان کرو۔

(۸) ناخالص چاندی سے خالص چاندی حاصل کرنے کے لئے تم کونسا طریقہ اختیار کروگے؟ سلور کلورائیڈ کے اہم خواص بیان کرو۔ اس مرکب پر امونیا اور سوڈیم تھائیو سلفیٹ کا کیا عمل ہے؟

(۹) ہڈیوں کی راکھ سے سفید فاسفورس حاصل کرنے کا طریقہ بیان کرو۔ فاسفورس کی تابش کے متعلق تمھیں جو کچھ معلوم ہے بیان کرو۔

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبہ فنون سنہ ۱۳۳۷ف م سنہ ۱۹۲۸ء

۲۰ خرداد   ۱۰ تا ۲ ساعت

عملی کیمیا - پرچہ اول - نشانات (۵۰)

ہدایت:- صرف دو سوالوں کے جواب مطلوب ہیں جن میں سے ایک پہلا سوال ہو - باقی چار سوالوں میں سے ان تین پر جو تم حل کرنا چاہتے ہو نشان لگاؤ اور پھر ان میں سے جو سوال ممتحن انتخاب کریں اسکو حل کرو -

(۱) دئے ہوئے سادہ نمک کی کیفی تشریح کرو

(۲) دئے ہوئے فیرس نمک میں لوہے کا فیصدی تناسب حجمی تشریح سے دریافت کرو۔

(۳) دئے ہوئے مرکب کا ضابطہ Na_2CO_3, xH_2O ہے - حجمی تشریح سے x کی قیمت دریافت کرو -

(۴) میگنیشیم کا کیمیائی معادل دریافت کرو -

(۵) قلمی کاپر سلفیٹ میں سالمات آب کی تعداد دریافت کرو -

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبۂ فنون ۱۳۳۷ف مطابق ۱۹۲۸ء

۲۹ خورداد | ۱۰ تا ۲ ساعت

عملی کیمیا - پرچہ دوم | نشانات (۵۰)

ہدایت :- صرف دو سوالوں کے جواب مطلوب ہیں جن میں سے ایک پہلا سوال ہو - باقی چار سوالوں میں سے اُن تین پر جو تم حل کرنا چاہتے ہو نشان لگا دو اور پھر اُن میں سے جو سوال ممتحن انتخاب کریں اس کو حل کرو۔

(۱) دئے ہوئے سادہ نمک کی کیفی تشریح کرو۔

(۲) دئے ہوئے مرکب کا ضابطہ $C_2H_2O_4, xH_2O$ ہے - حجمی تشریح سے x کی قیمت دریافت کرو۔

(۳) دئے ہوئے دھاتی کلورائیڈ میں کلورین کا تناسب حجمی تشریح سے دریافت کرو۔

(۴) تانبے کا کیمیائی معادل دریافت کرو۔

(۵) قلمی فیرس سلفیٹ میں سالماتِ آب کی تعداد دریافت کرو۔

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبہ فنون ۱۳۳۷ف م ۱۹۲۸ء

۱۱ تیر   ۱۰ تا ۱۲ ساعت

ریاضی۔جبر و مقابلہ   نشانات (۵۰)

اطلاع۔ صرف پانچ سوال حل کئے جائیں۔

۱۔(۱) اگر $\frac{ا_۱}{ب_۱}$ ، $\frac{ا_۲}{ب_۲}$ ، $\frac{ا_۳}{ب_۳}$ ...... $\frac{ا_ن}{ب_ن}$ نامساوی ن کسریں ہوں جنکے نسب نماسب ایک ہی علامت کے ہیں تو کسر

$$\frac{ا_۱ + ا_۲ + ... + ا_ن}{ب_۱ + ب_۲ + ... + ب_ن}$$

مقدار کے لحاظ سے سب سے بڑی اور سب سے چھوٹی کسر کے درمیان واقع ہوگی۔

(۲) نور کے مبدا سے روشنی کسی مقام پر اس مقام کے فاصلہ کے مربع کے بالعکس بدلتی ہے۔ایک کتاب ایک بتی سے ۳ انچ کے فاصلے پر ہے بتاؤ کہ اسے اور کتنا پیچھے ہٹا دیا جائے کہ کتاب پر روشنی آدھی رہ جائے۔

۲۔سلسلہ حسابیہ میں ن رقمیں ہیں، ان کا مجموعہ دریافت کرو۔

م حسابی سلسلے ہیں۔جن میں سے ہر ایک میں ن رقمیں ہیں۔ ان کی پہلی رقمیں بالترتیب ہیں ۱،۲،۳ ...م اور مشترک فرق

۱، ۳، ۵، ...... (۲م-۱) اور ان سلسلوں کے مجموعے

س_1، س_2، ...، $\text{س}_\text{م}$ ہیں ثابت کرو کہ $\text{س}_1 + \text{س}_2 + \dots + \text{س}_\text{م}$

$= \frac{1}{2}\,\text{م ن}\,(\text{م ن} + 1)$

ثابت کرو کہ ا اور ب کی موسیقی اور ہندسی اوسطوں کے درمیان

حسابی اوسط ہے $\frac{\sqrt{\text{اب}}\,(\sqrt{\text{ا}} + \sqrt{\text{ب}})^2}{2\,(\text{ا} + \text{ب})}$

۳ — مساوات $\text{ا لا}^2 + \text{ب لا} + \text{ج} = 0$ کی اصلیں ع، یہ ہیں، $\text{ع}^2 + \text{یہ}^2$

اور $\text{ع}^3 + \text{یہ}^3$ کی قیمتیں دریافت کرو۔

اگر $2\,\text{لا}^2 - 3\,\text{لا} - 7 = 0$ کی اصلوں کے مربعوں کا مجموعہ، $\text{لا}^2 - \text{لا} - \text{ج} = 0$

کی اصلوں کے مکعبوں کے مجموعہ کے مساوی ہو تو ج کی قیمت دریافت کرو۔

۴ — (۱) اگر لا حقیقی ہو تو ثابت کرو کہ $\frac{\text{لا}^2 + 34\,\text{لا} - 71}{\text{لا}^2 + 2\,\text{لا} - 7}$ کی کوئی قیمت ۵ اور ۹

کے درمیان واقع نہیں ہو سکتی۔

(۲) $\frac{\sqrt{\text{لا}^2 - 1}}{\text{لا} - \sqrt{\text{لا}^2 - 1}}$ کی قیمت معلوم کرو جبکہ $2\,\text{لا} = \sqrt{\text{ا}} + \frac{1}{\sqrt{\text{ا}}}$

۵ — ثابت کرو کہ $1^3 + 2^3 + 3^3 + \dots + \text{ن}^3 = (1 + 2 + 3 + \dots + \text{ن})^2$

ثابت کرو کہ سلسلہ $(1+2) + (3+4+5+6)$

$+ (7+8+9+10+11+12) + \dots$ کی ن ویں رقم

$\text{ن}\,(2\,\text{ن}^2 + 1)$ ہے۔

۶ — ن غیر مشابہ اشیا میں سے ر، ر اشیا کے اجتماعوں کی تعداد دریافت کرو۔

دس آدمی ٹینس کھیلنے کے لئے جمع ہوتے ہیں۔ بتاؤ کہ ان میں سے
چار چار کھلاڑیوں کے دو سیٹ (Set) کتنی طرح سے ترتیب پا سکتے ہیں۔

۷۔ کسی قوت نما کی صورت میں مسئلہ ثنائی کو بغیر ثبوت کے بیان کرو۔ اور بتاؤ کہ
کن شرائط کے ماتحت مختلف صورتوں میں پھیلاؤ درست ہیں۔

ثابت کرو کہ $(۱ + لا)^{۲ن}$ کے پھیلاؤ میں درمیانی رقم ہے

$$\frac{۱ \times ۳ \times ۵ \times ...... (۲ن - ۱)}{ن!} ۲^{ن} لا^{ن}$$

اگر لا اتنا چھوٹا ہو کہ اس کا مربع اور اعلیٰ قوتیں نظر انداز کی جا سکیں تو

$$\frac{(۸ + ۳لا)^{\frac{۲}{۳}}}{(۲ + ۳لا)\sqrt{۴ - ۵لا}}$$ کی قیمت دریافت کرو۔

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبہ فنون ۱۳۳۷ف م ۱۹۲۸ء

(۱)

الثیر ۲ تا ۴ ساعت

ریاضی علم مثلث نشانات (۵۰)

اطلاع - صرف چھ سوال حل کیے جائیں

۱ - ہمقطری زاویہ کی تعریف کرو اور ثابت کرو کہ یہ زاویہ مستقل ہے۔
یہ مانکر کہ زمین کا نصف قطر سورج کے فاصلہ پر ۸٫۷۶" کا زاویہ بناتا ہے۔ اور زمین کی سطح کا ایک میل زمین کے مرکز پر ۱' (ایک منٹ) کا زاویہ بناتا ہے ثابت کرو کہ زمین کا سورج سے فاصلہ تقریباً ۸ کروڑ ۱۰ لاکھ میل ہے نیز زمین کا محیط اور قطر دریافت کرو۔

۲ - جیب التمام کا دور دریافت کرو۔ نیز ان تمام زاویوں کے لئے عام سے عام جملہ دریافت کرو جن کا جیب التمام ایک دی ہوئی مقدار کے مساوی ہے۔ ترسیمی طریقہ پر مساوات لا قط ۲ لا - ۱ = ۰ کی وہ اصلیں دریافت کرو جو -۲π اور +۲π کے درمیان واقع ہیں۔

۳ - ذیل کی متماثلات کو ثابت کرو

(۱) جب ۲۰° جب ۴۰° جب ۶۰° جب ۸۰° + جم ۲۰° جم ۴۰° جم ۶۰° جم ۸۰° = $\frac{۱}{۴}$

(۱۱) جب² $\frac{ا}{۲}$ + جب² $\frac{ب}{۲}$ + جب² $\frac{ج}{۲}$ + ۲ جب $\frac{ا}{۲}$ جب $\frac{ب}{۲}$ جب $\frac{ج}{۲}$ = ۱

جہاں ا + ب + ج = ۱۸۰°

۴۔ کسی مثلث میں نصف زاویوں کی جیبوں کو اضلاع کی رقوم میں بیان کرو
ایک متساوی الساقین قائم الزاویہ مثلث میں مساوی ضلع کے وسطی نقطہ
کو مقابل کے راس سے ملایا گیا ہے۔ ثابت کرو کہ یہ خط زاویہ کو ایسے
دو حصوں میں تقسیم کرتا ہے جن کے مماس اتمام ۲ اور ۳ ہیں

۵۔ ایک مثلث میں ب = ۲۵۰۰ ، ج = ۲۴۰۰ اور زاویہ ب = ۴۸° ۴۴' ۲۸"
جدول کی مدد سے مثلث کو مکمل طور پر حل کرو۔

۶۔ ایک ہوائی جہاز مشرق کی سمت میں مستقل رفتار ۱۰۸ میل فی گھنٹہ
سے مستقل بلندی پر اڑ رہا ہے۔ ایک آدمی کسی آن پر اس کا مشاہدہ
کرتا ہے اور اسے شمال کی سمت میں زاویہ بلندی ۹° ۴۳' پر پاتا ہے۔
۔۔ ثانیہ کے بعد وہ اسے شمال سے ۶۲° مشرق کی جانب پاتا ہے۔
بتاؤ کہ ہوائی جہاز کس بلندی پر اڑ رہا ہے۔ نیز دوسرے مشاہدے کے
وقت زاویہ فراز دریافت کرو۔

۷ (ا) دائرہ کے اندر بنی ہوئی چار ضلعی شکل کا رقبہ ضلعوں کی رقوم
میں دریافت کرو۔
(ب) ثابت کرو کہ

$$(ر_۱ - ر)(ر_۲ - ر)(ر_۳ - ر) = ۴ ر^۲ ر_۰$$

جہاں ر_۰ اور ر مثلث کے بیرونی اور اندرونی دائروں کے
نصف قطر ہیں اور ر_۱، ر_۲، ر_۳ جانبی دائروں کے

۸۔ مقلوب مثلثی تفاعل کی تعریف کرو۔

(ا) نیز ثابت کرو کہ

۳ مس$^{-1}$ $\frac{۱}{۴}$ + مس$^{-1}$ $\frac{۱}{۲۰}$ = $\frac{\pi}{۴}$ − مس$^{-1}$ $\frac{۱}{۱۹۸۵}$

(ب) مساوات جب$^{-1}$ لا + جب$^{-1}$ ۲ لا = $\frac{\pi}{۳}$ کو لا کے لئے حل کرو۔

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبۂ فنون سنہ ۱۳۳۷ف م سنہ ۱۹۲۸ع

(۲)

۱۲ تیر — ۱۰ تا ایک ساعت

ریاضی ہندسہ مخروطات — نشانات (۱۰۰)

ھدایت:— حصہ الف میں سے چار سوال، حصہ ب میں سے دو سوال، حصہ ج میں سے دو سوال حل کرو۔

حصہ (الف)

۱— اگر مثلث کے رأسی زاویہ کو داخلاً یا خارجاً تنصیف کیا جائے تو تنصیف کرنے والا خط (منصف) قاعدہ کو داخلاً یا خارجاً ایسے حصوں میں تقسیم کرتا ہے جن کی نسبت باقی اضلاع کی نسبت کے مساوی ہوتی ہے۔

مثلث کا قاعدہ، رأسی زاویہ اور باقی اضلاع کی نسبت تینوں معلوم ہیں، مثلث بناؤ۔

۲— دیئے ہوئے ضلع پر ایک شکل کھینچو جو ایک اور معلومہ شکل کے متشابہ ہو اور ثابت کرو کہ ان اشکال کے رقبے ان کے متناظر اضلاع کے مربعوں کے متناسب ہیں۔

ضلع ۵ سنٹی میٹر پر منتظم مسدس ا ب ج د ع ف بناؤ اور اس کے اندر ایک مربع بناؤ جس کے دو ضلعے ا ب اور د ع کے متوازی ہوں اور اس کے راس مسدس کے باقی اضلاع پر واقع ہوں۔

۳— مثلث ا ب ج بناؤ جس میں ب ج = ۴٫۲"، ا ب = ۲٫۹"،

∠ ج = ۹۰° ثابت کرو کہ اس مثلث کے اضلاع کے وسطی نقطے، اسکے عمودوں کے پائے اور راسوں کو عمودی مرکز کے ساتھ ملانے والے خطوط کے وسطی نقطے تمام ایک دائرہ کے محیط پر واقع ہوتے ہیں۔
نیز ثابت کرو کہ اس دائرہ کا قطر مثلث ا ب ج کے بیرونی دائرہ کے نصف قطر کے مساوی ہے اور اس کا مرکز، مثلث کے عمودی مرکز اور اس کے بیرونی دائرہ کے مرکز کے ملانے والے خط کی تنصیف کرتا ہے۔
۴۔ دائرہ کھینچو جو ایک نقطہ معلومہ ن میں سے گزرے اور دو سیدھے خطوط ا ب، ا ج کو مس کرے۔
دائرہ کے دو متقاطع مماس دئے گئے ہیں، محدب قوس کا مماس کھینچو جو باقی دو مماسوں کے ساتھ مل کر زیادہ سے زیادہ رقبہ والا مثلث بنائے۔
۵۔ بلحاظ دائرہ کے کسی نقطہ کے قطبی خط کی تعریف کرو۔
کسی ثابت نقطہ و میں سے ایک دائرہ کے وتر کھینچے گئے ہیں اور ہر ایک وتر کے سروں پر دائرہ کے مماس کھینچے گئے ہیں، ثابت کرو کہ ان مماسوں کے نقطہ تقاطع کا طریق ایک خط مستقیم ہے جو و کا قطبی ہے۔
دو دائرے ایک دوسرے کو علی القوائم قطع کرتے ہیں، ثابت کرو کہ ہر ایک دائرہ کا مرکز بلحاظ دوسرے دائرہ کے ان کے مشترک وتر کا قطب ہے۔

حصہ (ب)

۶۔ ثابت کرو کہ ایک سہ سطحی زاویہ میں دو طرفی زاویوں کا مجموعہ تیسرے زاویہ سے بڑا ہوتا ہے۔
۷۔ دو خطوط مستقیم متوازی ہیں اور ان میں سے ایک، کسی سطح مستوی پر عمود ہے، ثابت کرو کہ دوسرا خط بھی اسی سطح مستوی پر عمود ہوگا۔

کسی ایسے نقطہ سے جو ایک سطح مستوی پر واقع ہو یا اس کے باہر صرف
ایک ہی مستقیم خط کھینچا جا سکتا ہے جو سطح مستوی پر عمود ہو۔

۸ ـــ قائم مستدیر مخروط کی تعریف کرو اور اسکی سطح اور حجم دریافت کرو۔
ثابت کرو کہ مخروط ناقص کی منحنی سطح = ½ (سروں کے محیط کا مجموعہ)
× مائل موٹائی

حصہ (ج)

۹ ـــ کسی نقطہ بیرونی سے کسی مخروطی تراشش کے دو مماس کھینچنے کا عمل بیان
کرو اور اسے ثابت کرو۔
ثابت کرو کہ کسی مخروطی میں ماسکی وتر کے سروں پر کے مماس ایک دوسرے
کو مرتب پر قطع کرتے ہیں اور مکافی کی صورت میں یہ تقاطع علی القوائم ہے۔

۱۰ ـــ اگر قطع ناقص کے کسی نقطہ ن کا معین ن ل ہو تو

ن ل^2 : ا ل × اَ ل = ج ب^2 : ج ا^2

ثابت کرو کہ وتر خاص، محور اعظم و محور اصغر کا تیسرا متناسب ہے۔

۱۱ ـــ اگر قطع زائد کے کسی نقطہ ن پر مماس اور عماد کھینچے جائیں تو ثابت کرو کہ وہ
اس نقطہ کے ماسکی فاصلوں کے درمیانی زاویہ کے بالترتیب داخلی و خارجی
منصف ہونگے۔
قطع زائد کا ایک ماسکہ معلوم ہے نیز منحنی پر کا ایک نقطہ اور اس نقطہ پر کا
مماس دیا ہوا ہے دوسرے ماسکہ کا طریق دریافت کرو۔

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبۂ فنون سنہ ۱۳۳۷ف م سنہ ۱۹۲۸ء

۱۱ تیر   ۱۰ تا ۱۲½ ساعت

حیوانیات   نشانات (۶۰)

ہدایت۔ صرف چار سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ اپنے جوابوں کو جہاں ممکن ہو شکلیں کھینچکر واضح کرو۔ سب سوالوں کے نشانات مساوی ہیں۔

(۱) مچھر اور جھینگر کے دہن کے حصّوں اور ان کے دورِ زندگی کا پورا پورا حال لکھو۔ اور ان کے اختلافات سے بحث کرو۔

(۲) حیوانات اور نباتات کی امتیازی خصوصیتیں بیان کرو۔

(۳) مینڈک کے اعضائے اخراج کیا ہیں؟ ان کے مختلف حصّوں کے افعال بیان کرو۔

مندرجۂ ذیل جانوروں میں گردوں کے افعال کیونکر انجام پاتے ہیں:۔

امیبا۔ بیر ابیشیم ۔ جھینگرا۔ کیچوا۔

(۴) پرندوں اور میا ملس (Mammals) کے اختلافات کو ایک جدول کی شکل میں بیان کرو۔

(۵) ڈارون کے مسئلہ انتخاب طبعی کے متعلق تمہیں جو کچھ معلوم ہے بیان کرو۔

(۶) غوکچہ اور مینڈک کے تنفسی نظام کا مقابلہ کرو۔ اور بتاؤ کہ یہ اعضا ان ہر دو حالتوں کے طرزِ زندگی کے لحاظ سے کس حد تک موافقت ظاہر کرتے ہیں۔

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبہ فنون ۱۳۳۷ف م ۲۸-۱۹۲۷ء

---

۱۱ تیر ۲تا ۴½ ساعت

نباتیات نشانات ۶۰

ہدایت :- صرف چار سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ کُل سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

۱ جڑ اور تنے کی اندرونی ساخت میں کیا فرق ہے؟
۲ "میوکر" کے دور زندگی کا حال لکھو۔
۳ یہ کس طرح ظاہر کیا جاسکتا ہے کہ پودے بھی سانس لیتے ہیں؟
۴ مکئی کے پھول اور پھل کی مفصل تشریح کرو۔
۵ پودوں میں نباتی تولید کِن کِن طریقوں سے ہوتی ہے؟
۶ نباتی خلیہ کا مفصّل حال لکھو۔

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبہ فنون ۱۳۳۷ف م ۱۹۲۸ء

۳۱ خورداد ۱۰ تا ایک ساعت

حیوانیات عملی پرچہ اول نشانات (۴۰)

ہدایت :- عملی بیاض کے لئے پانچ نشانات محفوظ کر دیے گئے ہیں۔

(۱) دئے ہوئے منظورہ کی تقطیع کرو اور اس کی غذا کی نالی بتاؤ۔ اس کی شکل بتاؤ اور اس کے مختلف حصّوں کے نام لکھو۔ (۱۵)

(۲) دی ہوئی ہڈیوں کی شناخت کرو۔ (۵)

(۳) دئے ہوئے منظوروں کی شناخت کرو۔ (۵)

(۴) دئے ہوئے خوردبینی تختیوں کی شناخت کرو (۱۰)

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبۂ فنون ۱۳۳۷ف م ۱۹۲۸ء

یکم تیر ۱۰ تا ایک ساعت

حیوانیات عملی پرچہ دوم نشانات (۴۰)

ہدایت:- عملی بیاض کے لئے پانچ نشانات محفوظ کر دیے گئے ہیں۔

(۱) دیے ہوئے منظورہ کی تقطیع کرو اور حسب ہدایت شکل کھینچکر مختلف حصے بتاؤ۔ ۱۵

(۲) دی ہوئی چیزوں کی شناخت کرو اور ان کی مختصر تشریح کرو۔ ۵

(۳) دیے ہوئے منظوروں کی شناخت کرو۔ ۵

(۴) دی ہوئی خوردبینی تختیوں کی شناخت کرو اور بتاؤ کہ وہ کن جانوروں سے متعلق ہیں۔ ۱۰

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبۂ فنون ۱۳۳۷ف م ۱۹۲۸ء

یکم تیر — ۲ تا ۵ ساعت

نباتیات عملی پرچہ اوّل — نشانات (۴۰)

اطلاع :- ۵ نشانات عملی بیاض کے لیے محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔

(۱) دیئے ہوئے منظورہ کی عرضی تراش لو۔ خردبین کے ذریعہ امتحان کر کے اس کو شناخت کرو اور اس کی شکل کھینچو۔

(۲) دی ہوئی (۶) خردبینی تختیوں کی شناخت کرو۔

(۳) دیئے ہوئے (۵) منظورے کیا ہیں؟

(۴) دیئے ہوئے (۳) پتّوں اور ایک پھول کی تشریح کرو۔

امتحان انٹرمیڈیٹ شعبۂ فنون ۱۳۳۷ ف م ۱۹۲۸ء

---

۳۱ خورداد   ۲ تا ۵ ساعت

نباتیات عملی پرچۂ دوم   نشانات (۴۰)

اطلاع :- ۵ نشانات عملی بیاض کے لیے محفوظ کر دیے گئے ہیں ۔

(۱) دیے ہوئے منظورہ کی عرضی تراش لو۔ خردبین کے ذریعہ امتحان کر کے اس کو شناخت کرو۔

(۲) دی ہوئی (۶) خردبینی تختیوں کی شناخت کرو۔

(۳) دیے ہوئے (۵) منظورے کیا ہیں ؟

(۴) دیے ہوئے (۳) پھلوں کی تشریح کرو۔

امتحان بی۔ اے شعبۂ فنون ۱۳۳۷ف م ۱۳۲۸ھ

۱۱ر تیر   (۱۱) تا (۲) ساعت

دینیات   نشانات ۱۰۰

ہدایت ۔ صرف سات سوالوں کا جواب دو چوتھا سوال لازمی ہے۔

---

(۱) سائینس کے جدید تحقیقات اور مصنوعات کا مذہب پر کیا اثر پڑا یا پڑ سکتا ہے' ایک محققانہ مضمون اِس کے متعلق سپردِ قلم کرو' نیز مستند علماء سائینس کے اقرار اور مثالوں سے اپنے بیانکی تائید کرو' (۱۵)

(۲) فطرت کے قوانین محسوسہ کا انسان صرف جاننے والا اور شرح کرنے والا ہے' یا اُنکے خالق و موجد ہونے کا بھی وہ مدعی ہو سکتا ہے' نظائر و امثال کے روشنی میں اُسکی تحقیق کرو' (۱۵)

(۳) فلسفہ کی شاخیں ثنویت تصوریت لاادریت کی تشریح کرنیکے بعد بتاؤ کہ پیغمبروں کے پیغام (مذہب) سے اُن کو کیا تعلق ہے۔ (۱۵)

(۴) "مادہ کا اعتقاد صرف ایک جاہلانہ وہم ہے" انسان کے ذرائع علم کو سامنے رکھ کر اِس دعوی کے ہر پہلو کو قوت و وضاحت کے ساتھ مدلل کرو (۱۰)

(۵) "لاشئی سے شئی کا ظاہر ہونا یعنی نیستی سے ہستی کا پیدا ہونا ناقابل تصور ہے" اِس مقدمہ کو ثابت کرنے کے بعد بتاؤ کہ ازلی' اور ہمیشہ رہنے والے خدا کے ماننے پر عقل انسانی بالکل مجبور ہے (۱۵)

(۶) فطرت اور اس کے مرتب و عمیق قوانین کے سرچشمہ کے متعلق تادیمن کو

بغیر دیکھنے، اور جاننے کے یہ وہم و وسوسہ پیدا ہو گیا ہے کہ وہ ہر قسم کے کمال سے معرّا اور مفلس ہے۔ اور پیغمبروں کا بالاتفاق یہ تجربی مشاہدہ ہے کہ وہ غیر محدود کمالات و خوبیوں سے معمور ہے، اب بتاؤ، کہ انسانی عقل کس دعوے کے ماننے پر مضطر و مجبور ہے۔ قانون تناسب و قانون فرع و اصل سے مسئلہ کو حل کرو۔ (۱۵)

(۷) غیبی اُمور اور اَن دیکھی چیزوں کے براہِ راست جاننے کی عام انسانوں میں صلاحیت نہیں ہے یا ماننے اور قبول کرنے کی بھی نہیں ہے۔ بتاؤ کہ ان غیبی حقائق کے متعلق مذہب کس چیز کی تکلیف دیتا ہے علم کی یا ایمان کی؟ (۱۵)

(۸) کیا واقعی کائنات میں بری چیزیں ہیں، یا ہماری کم علمی اور استعمالی غلطی نے انکو شر بنا دیا ہے۔ (۱۵)

(۹) روح اور اسکی قوتوں کے متعلق مذہبی اور تجربی بیانات کی بنیاد پر بحث کرو۔ (۱۵)

(۱۰) مذہب جن غیبی ہستیوں کو ملائکہ جن شیطان وغیرہ الفاظ سے تعبیر کرتا ہے، عقل و فطرت میں انکے ماننے کی کس حد تک گنجائش ہے اور کیا عقلی طور پر ہم ان چیزوں کے نہ ماننے اور انکار کرنے کی جرأت کر سکتے ہیں (۱۵)

(۱۱) واقعات و حالات کی بناء پر ثابت کرو، کہ نبوت محمدیہ (علی صاحبہا الف سلام و تحیہ) کے بعد کسی اور نبوت کا ہونا فضول اور عبث ہے۔ اور یہی نبوت کافۃ للناس (تمام انسانوں) کی فوز و فلاح اصلاح و ہدایت کے لئے کافی ہے۔ (۱۵)

امتحان بی۔ اے شعبہ فنون ۱۳۳۷ف م ۱۹۲۸ء

۱۱ تیر — ۱۱ تا ۲ ساعت

اخلاق — نشانات ۱۰۰

سوالات ذیل میں صرف ۶ کا جواب مطلوب ہے۔ ۱۰ نشانات جوابات کی عام خوبیوں کے لیے ہیں۔ سب سوالوں کے نشانات مساوی ہیں۔

۱ علم اخلاق اور دوسرے علوم میں کیا خاص فرق ہے؟

۲ سیرت کے معنی اور مفہوم کو اچھی طرح سمجھاو۔

۳ انانیت و اخوانیت یا ایثار و خود غرضی یہ دونوں چیزیں اخلاقی زندگی میں کیا جگہ رکھتی ہیں؟

۴ کیا آدمی تمام کام محض اپنے لطف و لذت کے لئے نہین کرتا اگر یہ سچ ہے، تو پھر کیا یہ خیال بے معنی نہیں کہ نیکی نیکی کے لئے کرو؟

۵ تم اچھے برے نیک و بد کا حکم کس چیز پر اور کس نقطہ نظر سے لگاتے ہو؟

۶ ضمیر کا صحیح مفہوم کیا ہے، اور نیکی بدی کا اس سے کس حد تک فیصلہ ہو سکتا ہے؟

۷ قوانین سیاست، قوانین اخلاق اور قوانین فطرت میں کیا فرق ہے؟

۸ کیا انسان کو قانون سے نیک بنایا جا سکتا ہے ؟

۹ دنیا اخلاق میں ترقی کر رہی ہے یا تنزل ؟

۱۰ مشہور ہے کہ "دولت بیوقوفوں کا ساتھ دیتی ہے" خواجہ حافظ کو بھی شکایت تھی کہ "طوق زریں ہمہ در گردن خر می بینم"۔ اخلاقی لحاظ سے اس کی کیا توجیہ ہے ؟

۱۱ مذہب اور اخلاق میں کیا تعلق ہے ؟

امتحان بی اے (شعبۂ فنون دینیات) سنہ ۱۳۳۷ف م ۱۹۲۸ء

(ص)

۱۱ر تیر ۱۱ تا ۲ ساعت

عربی۔ پرچہ پہلا نشانات (۱۰۰)

(۱) ان تین عبارتوں میں سے جن دو کی چاہو اردو میں شرح کرو۔ ۲۰

(الف) فذاکرته بما قیل فیمن الف بین کلمتین ونظم بیتا او بیتین واستنقلت من هذا المقام الذی یحار فیه الفهم ویفرط الوهم ویسبر به غور العقل وتتبین فیه قیمة المرء فی الفضل ویضطر صاحبه الی ان یکون کحاطب لیل او جالب رجل وخیل وقلما سلم مکثار او اقیل له عثار فلما لم یسعف بالاقالة ولا اعفی من المقالة لبیت دعوته تلبیة المطیع وبذلت فی مطاوعته جهد المستطیع وانشأت علی ما اعانیه من قریحة جامدة وفطنة خامدة وروية ناضبة وهموم ناصبة خمسین مقامة۔

(ب) وتلقفت من وصایا الحکماء انه یلزم الادیب اذا دخل البلد الغریب ان یستمیل قاضیه ویستخلص مراضیه لیشتد ظهره عند الخصام ویأمن فی الغربة جور الحکام فاتخذت هذا الادب اماما وجعلته لمصالحی زماما فما دخلت مدینة ولا ولجت عرينة الا وامتزجت بحاکمها امتزاج الماء بالراح وتقویت بعنایته تقوی الاجساد۔

بالارواح فبینما انا عند حاکم الاسکندریة فی عشیة عریة وقد احضر مال الصدقات لیفضه علی ذوی الفاقات۔

(ج) فقال لا قرب الله له نوی ولا کلأه این ثوی فما ذا ولت اشد من نکرة ولا ذقت امر من مکرة ولولا حرمة ادبه لاوغلت فی طلبه الی ان یقع فی یدی فاوقع به وانی لاکره ان تشیع فعلته بمدینة السلام فافتضح بین الانام وتحبط مکانتی عند الامام واصیر ضحکة للخاص والعام فعاهدنی علی ان لا افوه بما اعتمد ما دمت حلا هذا البلد۔ قال حارث بن همام فعاهدته معاهدة من لا یتاول ووفیت له کما وفی السموأل۔

(۲) (۱) پہلے سوال کے حصۂ (الف) میں جو عبارت ہے اس سے قبل کے متن کتاب کا اردو میں خلاصہ لکھو۔ (۵)

(۲) پہلے سوال کے حصۂ (ب) میں جو قصہ شروع ہوا ہے اس کو اردو میں آخر تک بیان کرو۔ (۵)

(۳) پہلے سوال کے حصۂ (ج) میں جن لفظوں پر لکیر کھنچی ہوئی ہے اُن کی تلمیح کو واضح طور پر بیان کرو۔ (۵)

(۳) متن کتاب کے حوالے سے اِس عبارت کی شرح کرو:۔ (۱۲)

وکذالک الترک اصحاب عمد وسکان فیافی وارباب مواشی وھم اعراب العجم کما ان ھذیلا اکراد العرب۔

یا

اس عبارت کا اردو میں ترجمہ کرو:۔

ونحن اصحاب اللحی وارباب النھی واھل الحلم والحجی

واهل الخيانة فی الرأی والبعد فی الطيش ولسنا كجند الشام والمتعرضين للجرم والمنتهكين لكل محرم ونحن ناس لنا امانة وفينا عفة ونحن نجمع بين النزاهة والقناعة والصبر على الخدمة والتجمل عند بعد الشقة ولنا الطبول المهولة والبنود العظام ونحن اصحاب التجافيف والاجراس والبازركند واللبود الطوال والاعمدة المعقفة والشوارب المحفرة والقلانس الشاشية والخيول الشهرية والكافركوبات والطبرزينات فی الاكف والخناجر فی الاوساط۔

(۴) "رسالة فی التربيع والتدوير" یا "کتاب البخلاء" کے موضوع پر بحث کرو۔ (۱۰)

(۵) "رسالة فی الوکلاء" کا خلاصہ اپنی عربی میں لکھو۔ (۱۸)

(۶) الجاحظ کی اہم تصنیفات کے نام بتاؤ۔ اور ہر ایک کے موضوع کو مختصر طور پر بیان کرو۔ (۸)

(۷) (الف) "شعوبیہ تحریک" سے کیا مقصود ہے؟ اس تحریک کو اس زمانہ کی علمی زندگی سے کہاں تک تعلق تھا؟ (۵)

(ب) بنی امیہ کے زمانہ میں عربی نثر نے جو ترقی کی اسے تفصیل کے ساتھ بیان کرو۔ اس زمانے کے مشہور نثار کون کون تھے؟ (۱۲)

امتحان بی۔ اے شعبۂ فنون و دینیات ۳۳۴۷ف مطابق ۱۹۲۸ء

۲۴ اپریل ۱۱ تا ۲ ساعت

عربی نظم و بلاغت و عروض نشانات (۱۰۰)

(۱) زہیر بن ابی سلمی یا عمرو بن کلثوم کے معلقہ پر نوٹ لکھو۔ (۱۵)

(۲) سموئل بن عادیا کے مختصر حالات لکھو اور اسکے مشہور قصیدہ لامیہ کے چند منتخب اشعار قلمبند کرو۔ (۱۰)

(۳) الف۔ ہر اک معلقہ کے اشعار ذیل میں سے دو دو شعر کا مطلب بیان کرو۔ (۱۲)

ب۔ شعبۂ ب ہر باب کے اشعار ذیل میں سے ایک اک شعر اور متنبی کے صرف دو شعر جملہ چھ اشعار کا اردو میں مطلب خیز ترجمہ کرو۔ (۱۲)

الف (۱) ویوم عقرت للعذاری مطیتی فیا عجبا من کورها المتحمل

(۲) ویوم دخلت الخدر خدر عنیزة فقالت لک الویلات انک مرجلی

(۳) فقلت لها سیری وارخی زمامه ولا تبعدینی من جناک المعلل

(۴) علی الذبل جیاش کان اهتزامه اذا جاش فیه حمیه غلی مرجل

(۵) کان ذری رأس المجیمر غدوة من السیل والغثاء فلکة مغزل

(۶) ودرکن فی السوبان یعلون متنه علیهن دل الناعم المتنعم

(۷) فاقسمت بالبیت الذی طاف حوله رجال بنوه من قریش وجرهم

(۸) تدارکتما عبسا وذبیان بعد ما تفانوا ودقوا بینهم عطر منشم

(۹) ذراعی عیطل ادماء بکر هجان اللون لم تقرأ جنینا

(۱۰) عشوزنة اذا انقلبت ارنت تصيح قفا المتقف والجبينا

(۱۱) وردن دوارعا وخرجن شعثا كامثال الرصائع قد بلينا

(۱۲) لبانخالط سهل الارض لو يكدح الصفا به كدحة والموت خزيان ينظر

(۱۳) واذا رميت به الفجاج رأيته يهوي مخارمها هوى الأجدل

(۱۴) قد كنت لي جبلا الوذ بظله فتركتني اضحى باجرد ضاح

(۱۵) ضعائف يقتلن الرجال بلادم فيا عجبا للقاتلات الضعائف

(۱۶) فلوانها المار رمتني رميتها ولكن عهدي بالنضال قديم

(۱۷) فصادف السيف منها ساق متلية جلس فصادف منها ساقها عطبا

(۱۸) تركت السرے خلفي لمن قل ماله وانعلت افراسي بنعمالك عسجدا

(۱۹) فتسفر عنه والسيوف كانما مضاربها مما انفللن ضرائب

(۲۰) هم الناس الا انهم من مكارم يغني بهم حضر ويحدو بهم سفر

(۲۱) اذا كان ما تنويه فعلا مضارعا مضى قبل ان تلقى عليه الجوازم

(۲۲) كان رقاب الناس قالت لسيفه رفيقك قيسي وانت يماني

(۴) شعر نمبر ۱۵ کا عربی میں مطلب بیان کرو۔ (۵)

(۵) الف۔ شعر نمبر ۲ میں بجائے ذبل کے عقب بھی ایک روایت ہے تم دونوں میں سے اگر کسی کو ترجیح دیتے ہو تو کیوں۔ (۴)

ب۔ شعر نمبر ۱۲ یا ۱۳ کا واقعہ متعلقہ لکھو۔ (۵)

ج۔ شعر نمبر ۱۸ کی تنقید کرو۔ (۶)

د۔ اشعار بالا سے صرف تین خط کشیدہ الفاظ کی تحقیق لکھو۔ (۶)

(۶) الف۔ امثلہ ذیل میں سے صرف تین کے متعلق بلاغت کی صراحت کرو۔ (۹)

عالم الغیب والشہادۃ۔ لکل داء دواء۔ انت ما سعیت فی حاجتی

انت الامیر۔ زیدا ضربت۔

ب۔ صرف تین کے امثلہ پیش کرو۔ (۶)

تشبیہ خیالی۔ تشبیہ وہمی۔ تشبیہ ملفوف۔ تشبیہ مفروق۔ تشبیہ تمثیل۔ تشبیہ مجمل۔

ج۔ صرف دو کے اصطلاحی نام بتلاؤ۔ (۲)

ع۔ والشمس کالمرآة فی کف الاشل۔ ضیعت اللبن فی الصیف

ے وبدا الصباح کان غرته ؛ وجه الخلیفه حین یمتدح

ے اخذنا باطراف الاحادیث بیننا ؛ وسالت باعناق المطی الاباطح

د۔ صرف تین کے متعلق امثلہ شعری پیش کرو۔ (۳)

مقابلہ۔ مشاکلہ۔ عکس۔ طی و نشر۔ براعة الطلب حسن التعلیل۔

(۷) الف۔ بحر بتلاؤ ے اذا لم تستطع شیئا فدعه ؛ وجاوزه الی ما تستطیع

ب۔ تقطیع کرو ے فتنتنی بقامة ذات لین ؛ کقضیب علی کثیب بمیل

ج۔ صرف ایک قافیہ کا نام بتلاؤ۔

ع۔ البخل خیر من سوال البخیل۔ ع یا لہ درہما منیعا لو جمد

ع۔ نزلت به الی الحضیض قدمه۔ (۸)

امتحان بی اے ۔ شعبہ فنون و دینیات ۔ سنہ ۱۳۴۰ف مطابق ۱۹۳۱ء

۵ تیر ۔۔۔ ۱۱ تا ۲ ساعت

عربی ۔ پرچہ سوم ۔۔۔ نشانات ۱۰۰

(۱) عربی میں ترجمہ کرو:-

منذر نے رومیوں کے مقابلہ میں بڑی بڑی فتوحات حاصل کیں۔ آخر جب قیصر روم نے مجبور ہوکر مدافعت کا کام عیسائیوں کے بادشاہ حارث بن جبلہ (حارث الاعرج) کے سپرد کیا تو ان دونوں بادشاہوں میں نبرد آزمائیاں و معرکہ آرائیاں ہونے لگیں۔ ایک لڑائی میں منذر نے موقعہ پاکر حارث الاعرج کے بیٹے کو قید کرکے عزہ بت پر قربان کرڈالا مگر اسکے بعد جب پھر لڑائی ہوئی تو وہ مارا گیا۔ یہ واقعہ ۵۵۴ عیسوی کا ہے اور عرب میں یوم حلیمہ کے نام سے مشہور ہے۔ حلیمہ حارث کی بیٹی تھی یہ اس جنگ میں اپنے ہاتھوں سے جانبازوں کے عطر لگاتی تھی تاکہ وہ جوش میں آکر خوب لڑیں اور ہمت نہ ہاریں۔ کہا جاتا ہے کہ حارث نے یہ کہا تھا کہ جو منذر کو قتل کریگا اس سے اپنی لڑکی کا نکاح کردونگا۔ اس بادشاہ کے متعلق روایت مشہور ہے کہ اس کے دو ندیم تھے خالد بن المضلل اور عمرو بن مسعود۔ ایک دن شراب کے نشہ میں ان کو زندہ دفن کرادیا۔ دوسرے دن بہت پچتایا تو اسنے ان کی قبروں پر دو چھوٹے چھوٹے ستون بنوادیے جن کا نام الغریان رکھا گیا۔

سال بھر میں دو دن وہاں جاتا تھا۔ ایک دن کا نام یوم نعیم تھا۔ اس روز جو شخص سب سے پہلے اس کے سامنے آتا تھا اسکو سو سیاہ اونٹ بخشتا تھا۔ دوسرا یوم بوس کہلاتا تھا۔ اس دن سب سے پہلے ملنے والے کو ظربان (بلی کے برابر ایک چھوٹا سا جانور ہوتا ہے) کا سر دیکر قتل کر ڈالتا اور اس کے خون سے غریان کو رنگ دیتا تھا۔ اس قصہ کے سلسلہ میں کہا جاتا ہے کہ عبید بن الابرص عرب کا مشہور شاعر اسی یوم کا شکار ہوا۔

(۴) اردو میں ترجمہ کرو۔

انّا لا نعرف الخطب الّا للعرب والفرس۔ فامّا الهند فانّما لهم معانٍ مدوّنة وكتب مخلدة لا تضاف الى رجل معروف ولا الى عالم موصوف۔ وانّما هى كتب متوارثة وآداب على وجه الدهر سائرة مذكورة وللیونانیین فلسفة وصناعة منطق وكان صاحب المنطق نفسه عيى اللسان غير موصوف بالبيان مع علمه بتمييز الكلام وتفصيله ومعانيه وبخصائصه وهم يزعمون انّ جالينوس كان انطق الناس ولم يذكروه بالخطابة ولا بهذا الجنس من البلاغة۔ وفى الفرس خطباء الّا انّ كلام الفرس وكل معنى لهم فانّما هو عن طول فكرة وعن اجتهاد رأى وعن مشاورة ومعاونة وعن طول التفكر ودراسة الكتب وحكاية الثانى علم الاول وزيادة الثالث فى علم الثانى حتى اجتمعت ثمار تلك الفكر عند آخرهم وكل شیء للعرب فانّما هو بديهة

وارتجال وكانه الهام وليست هناك معاناة ولامكابدة ولا اجالة فكر ولا استعانة وانما هو ان يصرف احدهم وهمه الى الكلام والى رجز يوم الخصام او حين يمتح على راس بئر او يحدو ببعير او عند المقارعة او المناقلة او عند صراع او حرب فما هو الا ان يصرف وهمه الى عمود المذهب والى العمود الذى اليه يقصد فتاتيه المعانى ارسالا وتنثال عليه الالفاظ انثيالا۔

(۳) دوسرے سوال میں جو عربی عبارت درج ہے اسے وكل شيء للعرب سے لے کر آخر تک نقل کر کے اس پر اعراب لگاؤ۔ ۷

(۴) تین سے لیکر ننانوے تک اسمار اعداد کی تمیز کس طرح سے آتی ہے مثالوں کے ساتھ بیان کرو۔ ۷

(۵) لمّا کس فعل پر داخل ہوتا ہے اور کیا عمل کرتا ہے۔ لمّا اور لم میں کیا فرق ہے۔ ۲

امتحان بی۔ اے (شعبہ فنون) ۱۳۴۲ف مطابق ۱۹۳۳ء

۱۲؍ تیر ۱۱ تا ۲ ساعت

فارسی پرچہ اول نشانات ۱۰۰

۱ عبارت ذیل کا مطلب لکھئے تلمیحات کی تشریح کیجئے اور جو صنائع و بدایع مذکور ہوں ان کی توضیح کیجئے :۔ ۱۵

اگر بر رسوم جہانبانی و قواعد گیتی ستانی و ترتیب رزم و بزم و رعایت عزم و جزم کہ آیتی ست در شان او و تشریفی است بر قامت او کما ینبغی قیام و اقدام نماید چہ عجب عجب آنست کہ در ہر فن مثل ساز و خط و تصویر کہ ذو فنونان عصر بمشق بے فرہنگی بر زانوئے جد و جہد نشستہ و منشور ہنر درست نمودہ کلاہ گوشہ تفاخر بر آسمان شکستہ باندک توجہی و در کمتر زمانی علم امتیاز بر افراشتہ و در زبانہا بہ تحسین خود سخنی نگذاشتہ خردہ کار قلمبند نقش پردازیش و عقل رنگ آمیز صد ہزار صورت سازیش بجلا پردازی چشم کور سواد ان بسمل قلم در سرمہ سائی و بہ نبض گیری تار طنبور بہ علاج علیل نہادان در مسیحائی۔

۲ سلیس اردو میں ترجمہ کیجئے :۔ ۱۵

الف چوں جوامع ہمم سلاطین عدالت اتمام (کہ صدر نشینان اراتک عز و اعتلا اند) آنست کہ کافۂ خلایق و جمہور برایا (کہ بدایع و ودائع حضرت صمدیت اند) در مہاد امن و امان بودہ در لوازم عبادات الٰہی و مراسم معاشں خیر خواہی جہد بلیغ نمایند، بنا بر آں دریں مدت در تنسیق و انتظام ایں ممالک وسیع و فسیح کہ مقر سرادقات چندیں سلاطین عالیمقدار و حکام ذوی الاقتدار بود سعی می نمود و بعنایت ایزدی کہ شامل حال ایں نیاز مند درگاہ الٰہی بودہ از سر انجام مہام ایں ممالک فراغ کلی دست داد.

ب ۔ اکنون کہ لشکرہا بر سر دکن تعین شدہ است امیدوارم کہ جوہر ذاتی شما کہ خاطر نشان من است بر ہمگنان ظاہر شود و در ایتلاف و اتفاق با جمہور انام چہ نویسیم کہ آں شیوۂ مرضیہ شماست ۔ خاطر عزیز خانخانان را کہ بغایت گرامی است پاس داشتن ضروری است ۔ امروز وقت آنست کہ نازکیہائے گذشتہ را از خاطر دور نمودہ در محبت افزایند و ہموارہ ہنگامۂ محبت گرم دارند و در افزونی محبت شاہزادہائے اقبالمند کوشند ۔

۳ امام غزالی نے عیوب نفس معلوم کرنیکے لئے کیا تدبیر بتلائی ہے

یا

مرد خسیس کا کردار بیان کرو ۔ ۱۰

۴ تغیر اخلاق کے امکان پر بحث کیجئے۔ علامہ طوسی کی رائے سے اختلاف یا اتفاق کی وجوہ بتائیے ۔ ۱۰

یا

"قناعت تہذیب اخلاق" شریف ترین صناعات کیوں ہے مفصل بحث کیجئے۔

۵ "نفس را دو قوت است یکے ادراک بذات و دیگرے تحریک بالآلات و ہر یکے ازیں دو منشعب شود بدو شعبہ" اس کی تشریح کیجئے۔

۱۰

مندرجۂ ذیل انواع کو کن فضائل کے تحت میں شمار کیا جا سکتا ہے اور کیوں؟

۱- ایثار ۲- قناعت ۳- تحفظ

۴- ثبات ۵- صبر ۶- مروت

۶ شاہ ایران اپنے سفر یورپ سے کیا کیا اثرات لیکر آئے۔ مشرق اور مغرب میں کیا تقابل ہے۔ فارسی زبان میں بیان کیجئے۔

۷

یا

طرز تحریر سفرنامہ پر فارسی میں بحث کیجئے اور یہ بتلائے کہ کس کس قسم کے اجنبی الفاظ نئی فارسی میں داخل کئے جا رہے ہیں۔

۷ رقعات ابوالفضل کے متعلق تاریخی اور ادبی حیثیت سے آپ کی کیا رائے ہے

۸

یا

ظہوری کے طرز تحریر پر بحث کیجئے اور بتائیے کہ اس قسم کی

عبارات زبان کے لئے مفید ہیں یا مضر۔ ہندوستان کی فارسی پر اس طرز تحریر کا کیا اثر ہوا؟

۸ "درحقیقت بنو سامان نے فارسی شاعری کی بنیاد رکھی"۔ اس نکتے پر بحث کیجیے۔ ۱۰

یا

ہخامنشی زمانہ کے ادب کا حال لکھیے۔

۹ غزنوی دور کے شعرا کا حال لکھیے اور ان کے خصوصیات اجمالاً لکھیے ۱۰

یا

ہندوستانی فارسی شعرا کا حال لکھیے اور بتائیے کہ اسی زمانے کے ایرانی شعرا کے مقابلے میں وہ کیسے ہیں؟

۱۰ نظامی عروضی سمرقندی۔ ناصر خسرو علوی۔ امیر خسرو دہلوی۔ حسین واعظ کاشفی۔ ان میں سے صرف ایک پر مختصر نوٹ لکھیے۔ ۵

امتحان بی۔ اے ۱۳۳۷ف م ۱۹۲۸ء

۱۴ اپریل   ۱۱ تا ۲ ساعت

فارسی پرچہ دوم   نشانات (۱۰۰)

۱) صرف تین حصوں کا مطلب اور ان کے لطایف اردو میں لکھیے۔ (۱۸)

۱۔ شاہا خلایق از تو عزیزند و توانگرند   در و شیم سزد که بدست هوان دهد
پوشیده زهره جامهٔ زربفت و مشتری   محتاج خرقه ایست که در طیلسان دهد

۲۔ گیتی طمع نداشت که تو سر در آوری   تا سایه بر سرت فگند افسر کیان
وین هم تو ضعیفت که کردی و گر نه چرخ   داند که مشتری نه بنازد به طیلسان

۳۔ با آنکه در بدایت عمری هزار بار   پا بر سر سپهر معمر نهادهٔ
کس را فراز خویش نه بینی که از علو   مسند فراز گنبد اخضر نهادهٔ

۴۔ گرچه نه جائے کافر و جادو بود بهشت   دیں وجه نزد اهل حقیقت مصورست
رخسار خوب و خرم همچوں بهشت تو   آرامگاه جادو و ماوای کافرست

۲) ظہیر فاریابی کی مختصر سوانحعمری کے ساتھ بتائیے کہ قصیدہ گو طبقہ میں متقدمین شعرا کی نمایاں خصوصیات کلام کیا تھیں، اور کب تک قائم رہیں۔ (۱۰)

یا

سعدی شیرازی کے ضروری سوانح حیات لکھتے ہوئے بیان کیجیے کہ شاعری کے ابتدائی دور میں غزل کی صورت کیا تھی، اور بعد میں غزل کے جو مختلف انداز نکلے اون میں سعدی کا طرز خاص کیا تھا؟

(۳) کسی ایک حصہ کا مطلب اردو میں بیان کیجئے۔ (۸)

۱۔ بزیر خرقہ نہاں بادہ میخورد صوفی — حکیم و عارف و زاہد ہمہ ازیں دستند
جہان و عیش جہاں حرف قاف و سیمرغ است — در حریم فنا زن کہ نیستاں ہستند
تو نخل میوہ فشاں باش و سعدیقہ دہر — کہ کم درخت تو ہی خشک شد کہ نشکستند

۲۔ زگردشہائے چشمش مستی پیمانہ می خیزد — گرہ گیرا بروان میخیزد و شمتانہ می خیزد
چو در روز قیامت ہر کسے خیزد بسودائے — شہید نرگس او از لحد دیوانہ می خیزد
بردنیا و دیں خواہی سرشکے بر جراحت زن — کزیں آب و زمیں صد خرمن از یکدانہ می خیزد

(۴) بحوالہ ماسبق ان اشعار کا خلاصہ مطلب فارسی میں لکھیئے۔ (۲۰)

دریں ہوس کہ خراماں نگار من برسید — بداں صفت کہ برآید زکوہ پیکر خور
فرو گسستہ لعناب عنبریں سنبل — فرو شکستہ بخوشاب بدیں شکر
سرشک نرگس او می نمود بر زلفش — چنانکہ ریختہ بر سبزہ و انہاے گہر
بطعنہ گفت کہ عہد و وفای عاشق بیں — بہ طنز گفت کہ مہر و ہوائے دست نگر
نبود ہیچ گمانے مرا کہ دشمن دار — بدیں مثال بہ بندی بہ ہجر دوست کمر
مجوے ہجر من و شاخ حسن می شکن — متاب رخ زمن و جان خوشدلی مشکر
بجائے ملحم چینی منہ ہوا بالین — بجائے اطلس رومی مکن زمیں بستر
کجا روی تو کہ بے روی من نیابی خواب — کجا روی تو کہ بے روی من نیابی خور

(۵) ۱۔ کنایہ اور مجاز میں کیا فرق ہے۔ (۸)

۲۔ ایسے استعارہ کا کیا نام ہو گا جس میں مستعار لہ اور مستعار منہ ایک دوسرے کے ضد ہوں مع مثال لکھیئے۔

(۶) تصوف کے نقطۂ نظر سے کسی ایک حصہ کی تشریح اردو میں کیجیئے۔

۱۔ علت عاشق ز علتہا جدا است — عشق اصطرلاب اسرار خدا است (۱۰)

عاشقی گر زیں سرو گر زاں سرست | عاقبت ما را بداں شہ رہبرست
ہر چہ گویم عشق را شرح و بیاں | چوں بعشق آیم خجل گردم ازاں
گرچہ تفسیرِ زباں روشنگرست | لیک عشقِ بے زباں روشن ترست

۲- میر سید از دورِ ماندہ بلال | نیست بود وہست بر شکل خیال
نیست وشں باشد خیال اندر جہاں | تو جہانے بر خیالے بیں رواں
بر خیالے صلح شان و جنگ شان | بر خیالے نام شان و ننگ شان
آں خیالاتے کہ دام اولیاست | عکس مہرویان بستان خداست

(۷) ۱- تصوف کی تدوین بصورت فن کب ہوئی اور کس نے کی؟ (۱۲)
۲- سب سے پہلا شاعر جس نے صوفیانہ خیالات نظم میں ادا کیے کون تھا؟
۳- صوفیہ میں بعض "وحدۃ الوجود" کے قائل ہیں اور بعض "وحدۃ الشہود" کے؟ کسی ایک اصطلاح کی تعریف لکھ کر بتائیے کہ ان میں سے مولانائے روم کا مسلک کیا تھا؟ ثبوت میں مثنوی کے ایک دو شعر بھی لکھیے۔

(۸) کاموس اور گیو کی جنگ کا مختصر نقشہ کھینچتے ہوئے بتائیے کہ دوسرے رزم نویسوں پر فردوسی کو کس وجہ سے فوقیت حاصل ہے۔ (۱۴)

امتحان بی۔ اے۔ شعبۂ فنون ۱۳۳۷ھ ۱۹۲۸ء

(ف)

۱۵ تیر ۱۱ تا ۲ ساعت

فارسی۔ پرچۂ سوم نشانات (۱۰۰)

(۱) ذیل کی عبارتوں کا فارسی میں با محاورہ ترجمہ کرو۔ (۳۰)

(الف) عشق و محبت کا جذبہ فطرت انسانی کا خمیر ہے۔ اس لئے تمام دُنیا کی شاعری میں عشقیہ شاعری، اور سب انواع شاعری سے زیادہ متداول اور عام ہے لیکن ایران اس خصوصیت میں تمام دنیا سے بڑھا ہوا ہے۔ ایران کا تمدن کئی ہزار برس کا ہے، معاشرت اور کاروبار زندگی میں ہمیشہ سے تکلف اور نزاکت موجود تھی۔ تین ہزار برس کی متصل عیش و نعمت اور جاہ و ثروت نے نفاست اور لطافت کو انتہا تک پہنچا دیا تھا۔ آب و ہوا، سبزہ زار، آب رواں، لالہ و گل، دماغوں اور طبیعتوں کو ہمہ وقت نشاط انگیز اور ولولہ خیز رکھتے تھے۔ ان سب پر مستزاد یہ کہ حسن و جمال کے لحاظ سے ملک کا ملک یوسفستان تھا، نوشاد، خلخ، فرخار، کشمیر، جو حسن کے چمن زار تھے ایران کے دامن میں تھے، وہاں کی پیداواریں ایران ہی کے بازاروں کو سجاتی تھیں، ان سامانوں کے ساتھ ایران میں غزل گوئی کی ترقی ایک لازمی چیز تھی۔

(ب) ارے روزانہ وہ دقتہ ملاقات کی قسما قسمی ہوکر دن کے ایک بجتے بجتے بمجبوری خواجہ سلطان رخصت ہوئے۔ گھر گئے اور وہی ٹھنڈی روٹی جما ہوا سالن جو

اُن کی تقدیر کا نہا کھا۔ توے کا حقہ پی، پھر جو سوئے تو دو گھڑی دن رہے کی خبر لی۔ جاگے اور پڑے پڑے سر اُٹھا کر چندھی چندھی آنکھوں سے دھوپ کو دیکھا تو گھبرا کر اٹھے اور یہ اُن کے نصیبوں کی دوسری صبح ہوئی۔ اٹھتے کے ساتھ پہلے گھر کی ماما پر خفا ہوئے کہ صبح کا نکلا نکلا دوپہر پیچھے گھر آیا تم کیا جانو کس کام میں تھا ذرا کی ذرا لیٹا بندہ بشر ہے آنکھ لگ گئی تو تم سے اتنا نہ ہو سکا کہ جگا دیتیں مگر تم کو تو سوائے کھانے پکانے کے اور کسی کام کو ہاتھ لگانے کی قسم ہے۔ آواز دینے میں بھی کچھ زبان تھکی جاتی تھی۔

(۲) ذیل کے عنوانوں میں سے کسی ایک پر فارسی میں مضمون لکھو۔ (۴۰)

(ا) "دولتِ جاوید یافت ہر کہ نکو نام زیست"

(ب) جانم بفدای آں کہ او اہل بود ٭ سر در قدمش اگر نہی سہل بود

(ج) فوائد انجمنہاے علمی و اخلاقی و سیاسی۔

(د) احوال سیاحت امیر امان اللہ خاں

(ہ) ملک رانی رضا شاہ پہلوی

(۳) اُردو میں ترجمہ کرو۔ (۱۸)

(الف) الوقتُ علقٌ نفيسٌ وجوهرٌ غالٍ ثمينٌ. فلا تضيعهُ في اللّهوِ والخرافات. واحترز عن صرفه باللغوِ والواهيات. وعليك باستعماله في الضروريات. وضبطِه في كلِ حالات. فان لكلِ وقتٍ شغلٌ معينٌ وعملٌ يختصُّ به. فاذا فاتك الوقتُ فاتك الشغلُ والعملُ بحيث لا يمكنُ تلافيه بالحيل.

(ب) المرءُ باصغريه قلبه ولسانه + عند الامتحان

يُكرِمُ المرءَ اوبِهانُ + لا تكن رطباً فتعصر ولا تكن يابساً فتكسر + لا اُبالى بقول الوشاة والعذال + إنّ قوامي التى استهجنتها كانت تحيينى لكن القرون التى استحسنتها اهلكتنى + تقشعر جلودهم من الخوف +

(۴) (الف) نون اعرابی و نون قطنی کی تعریف لکھو اور مثال پیش کرو۔ (۱۲)

(ب) ایک ہی اسم کی حالت فاعلی، مفعولی، اور اضافی میں کس طرح ور ن کر سکتے ہیں مثال دیکر سمجھاؤ۔

(ج) "قد" اور "سوف" کا محل استعمال بتاؤ۔

(د) الفاظ ذیل کے معانی لکھو اور ان میں سے جو واحد ہے اس کی جمع اور جو جمع ہے اس کا واحد لکھو :-

فواکہ + قریۃ + یتامی + دینار + اغصان

(ہ) "المدینۃ المنورۃ" کیسا مرکب ہے؟

امتحان بی۔اے (شعبۂ فنون) ۱۳۴۷ف م ۱۹۲۸ء

۱۶ تیر ۱۱ تا ۲ ساعت

اُردو۔پرچۂ اوّل۔نشانات ۱۰۰

(۱) ذیل کی عبارتوں کو سادہ لفظوں اور سلیس طرز بیان میں اس طرح لکھو کہ مشکل لفظوں اور تمام محاوروں، اصطلاحوں وغیرہ کی تشریح ہو جائے:- ۲۰

(الف) بھائی میں نہیں جانتا کہ تم کو مجھسے اتنی ارادت اور مجھکو تم سے اتنی محبت کیوں ہے۔ظاہرا معاملۂ عالم ارواح ہے اسباب ظاہری کو اس میں دخل نہیں۔تمھارے خط کا جواب مع اوراق مسودہ روانہ ہو چکا ہے، وقت پر پہنچے گا۔ستر ا بہترا اردو میں ترجمہ پیر خرف کا ہے۔میری تہتر برس کی عمر ہے پس میں اخرف ہوا۔حافظہ گویا کبھی تھا ہی نہیں، سامعہ باطل بہت دن سے تھا۔رفتہ رفتہ وہ بھی حافظے کی مانند معدوم ہو گیا۔اب مہینہ بھر سے یہ حال ہے کہ جو دوست آتے ہیں رسمی پرسش مزاج سے بڑھ کر جو بات ہوتی ہے وہ کاغذ پر لکھ دیتے ہیں۔غذا مفقود ہے۔صبح کو قند اور شیرہ بادام مقشر، دوپہر کو گوشت کا پانی، سر شام تلے ہوئے چار کباب، سوتے وقت پانچ روپئے بھر شراب اور اسی قدر گلاب۔یہ شعر میرے حسب حال ہے

مشہور ہیں عالم میں مگر ہوں بھی کہیں ہم ؛ القصہ نہ درپے ہو ہمارے کہ نہیں ہم

(ب) سبحان اللہ شاہد زیبائے سخن کا حسن بے مثال۔مشاہدہ اسکا نور افزائے نگاہ، تصور اُس کا انجمن افروز خیال۔از روئے لفظ اہل معنی کی نظر میں

آئینۂ عارض جمال، من حیث المعنی بصورت صنعت قلب کلام کا مقلوب یعنی کمال۔ اگر نفس ناطقہ کو حق نے بصورت انسان پیدا کیا ہوتا تو اُس صورت میں ہم کیونکر کہیں کہ کیا ہوتا۔ اس لعبت دلفریب کے نظارگی بے بادہ مست ہو جاتے اور یہ بیکر ہوش ربا دیکھ کر اہل معنی یکقلم صورت پرست ہو جاتے۔ نظم میں اور ہی روپ نثر میں اور ہی ڈھنگ، فارسی میں اور ہی زمزمہ اُردو میں اور ہی آہنگ سیر و تواریخ میں وہ دیکھو جو تم سے سیکڑوں برس پہلے واقع ہوا، فسانہ و داستان میں وہ کچھ سنو کہ کبھی کسی نے دیکھا نہ سنا۔

(۲) غالب کو اپنی تصنیفوں کے چھپوانے اور شائع کرنے کی جو فکر رہا کرتی تھی اور اس خصوص میں جو احتیاط اور تکلف وہ برتا کرتا تھا اُس پر ایک چھوٹا سا مضمون لکھو۔ ۲۰

(۳) شعر میں سادگی، اصلیت اور جوش سے کیا مُراد ہے؟ یہ اعتراض کس حد تک بجا ہے کہ اُردو کی شاعری اصلیت سے خالی ہے؟ ۱۴

(۴) میر تقی میر کی عشقیہ مثنویوں کے متعلق حالی نے (اپنے مقدمے میں) اور آزاد نے ("آب حیات" میں) جو رائے ظاہر کی ہے بیان کرو اور یہ بتاؤ کہ تم کو ان رایوں سے کس حد تک اتفاق ہے۔ ۱۲

یا

میر انیس کے بعض شعروں پر جو اعتراض وارد کئے گئے ہیں انھیں مختصر طور پر بیان کرو اور ہر اعتراض پر اپنی رائے لکھو۔

(۵) اس عبارت کا خلاصہ کرو:— ۱۰

اکبر نے مراد کو روم کی چوٹ پر سلطان مراد بنا کر لشکر عظیم کے ساتھ دکن روانہ کیا۔ آپ پنجاب میں آکر مقام کیا کہ سرحد شمالی کا انتظام مضبوط رہے۔ مراد نے

گجرات میں پہنچ کر چھاؤنی ڈالی اور مہم کا سامان کرنے لگا کہ اکبری اقبال نے اپنی عملداری جاری کی۔ امرائے عادل شاہ فوج لے کر آئے کہ ملک نظام کا انتظام کریں۔ ابراہیم لشکر لے کر اُس کے مقابلہ کو گیا۔ احمد نگر سے چالیس کوس پر دونوں فوجوں کا مقابلہ ہوا اور ابراہیم نے گلے پر تیر کھا کر میدان میں جان دی۔ ملک میں طوائف الملوکی ہو کر عجب ہل چل پڑ گئی۔ انھوں نے مراد کو عرضی بھیجی کہ یہ ملک لاوارث ہو گیا۔ مملکت برباد ہو رہی ہے۔ حضور تشریف لائیں نوخانہ زاد خدمت کو حاضر ہیں

(۶) اُردو پر کن یورپی زبانوں کا اثر کس کس زمانے میں ہوا۔ سوا انگریزی کے جن یورپی زبانوں سے اُردو میں الفاظ داخل ہو گئے ہیں اُن میں سے ہر ایک کے کم سے کم تین لفظ لکھو اور ان کی اصل اور موجودہ صورت سے بحث کرو۔ **۱۵**

(۷) اُردو میں نثر نگاری کی ابتدا کب ہوئی اور شروع سے لے کر میر امّن کے زمانے تک نثر نے ترقی کے کون کون سے درجے طے کیے؟ **۱۰**

امتحان بی اے (شعبۂ فنون) سنہ ۱۳۳۵ف م سنہ ۱۹۲۶ء

۱۷ تیر — ۱۱ تا ۲ ساعت

اردو - پرچہ دوم - نظم - نشانات ۱۰۰

(۱) قصیدہ کی تشریح ایک معقول نوٹ کے ذریعے کرو اور بتاؤ کہ مولانا حالی کے قصائد اور گزشتہ شعرا کے قصائد میں کونسے اہم فرق ہیں۔

یا

متوسط زندگی پر مولانا حالی نے جو ترکیب بند لکھا ہے، اس میں انھوں نے جن دلائل سے متوسط الحال لوگوں کی زندگی کو امرا و فقرا کی زندگی پر ترجیح دی ہے، ان کی شرح بیان کرو۔ ۱۰

(۲) میر کی غزل کی خصوصیات بیان کرو اور میر کے کلام میں سے ایسے پانچ اشعار لکھو جن کو تم نشتر سمجھتے ہو اور ان میں جو خوبیاں ہوں وہ بھی لکھو۔

یا

بتاؤ کہ میر کی معاشرت اور عادات و خصایل پر اس کے کلام سے کیا روشنی پڑتی ہے۔ ۱۵

(۳) اشعار ذیل میں سے (۱۰) کی تشریح کرو۔ ۲۰

یک الف بیش نہیں صیقل آئینہ ہنوز — چاک کرتا ہوں میں جب سے کہ گریباں سمجھا

اصل شہود و شاہد و مشہود ایک ہے — حیراں ہوں پھر مشاہدہ ہے کس حساب میں

غنچہ تا شگفتنہا برگ عافیت معلوم — باوجود دل جمعی خواب گل پریشاں ہے

عالم غبار وادی مجنوں ہے سر بسر — کب تک خیالِ طرۂ لیلیٰ کرے کوئی
مستانہ طے کروں ہوں رہِ وادیٔ خیال — تا بازگشت سے نہ رہے مدعا مجھے
نقش کو اُس کے مصوّر پر بھی کیا کیا ناز ہے — کھینچتا ہے جس قدر اُتنا ہی کھنچتا جائے ہے
دہر جز جلوۂ یکتائی معشوق نہیں — ہم کہاں ہوتے اگر حسن نہ ہوتا خودبیں
لرزتا ہے مرا دل زحمتِ مہرِ درخشاں پر — میں ہوں وہ قطرۂ شبنم کہ ہو خارِ بیاباں پر
کیا آئینہ خانے کا وہ نقشہ تیرے جلوے نے — کرے جو پرتوِ خورشید عالم شبنمستاں کا
متقابل ہے مقابل میرا — رک گیا دیکھ روانی میری
ملتی ہے خوئے یار سے نار التہاب میں — کافر ہوں گر نہ ملتی ہو راحت عذاب میں
کاوِ کاوِ سخت جانی ہائے تنہائی نہ پوچھ — صبح کرنا شام کا لانا ہے جوئے شیر کا
ثابت ہوا ہے گردنِ مینا پہ خونِ خلق — لرزے ہے موجِ مے تری رفتار دیکھ کر
افسوس کہ دنداں کا کیا رزق فلک نے — جن لوگوں کی تھی درخورِ عقدِ گہر انگشت

(۴) غالب کے ایسے چار اشعار لکھو جن کے دو دو معنے شارحین نے بیان کئے ہیں اور اُن کے معنے بھی لکھو۔ ۱۶

(۵) اقبال کا پہلا دورِ شاعری کب تک رہا اور اُس کی خصوصیات کیا ہیں۔ اُسکی نظموں کا حوالہ دیکر بیان کرو۔ ۱۰

(۶) سوال نمبر (۳) کے پہلے شعر کی تقطیع کرو اور بحر بتاؤ۔ ۵

(۷) صنائع لفظی و معنوی میں سے جو سات صنعتیں تمہیں خاصکر پسند ہوں اُنکے نام لو اور مثالوں کے ساتھ اُن کی تشریح کرو۔ ۱۴

(۸) تشبیہ پر ایک معقول نوٹ لکھو اور بیان کرو کہ انیس نے علم بیان کے اِس شعبہ کو کس طریقے سے ترقی کے درجے پر پہنچایا ہے۔ ۱۰

امتحان بی۔ اے (شعبۂ فنون) ۱۳۳۷ف م ۱۹۲۸ء

۸ اسفندار ۱۱ تا ۲ ساعت

اردو پرچہ سوم نشانات ۱۰۰

۱ ہندی بھاشا میں ترجمہ کیجئے۔ ۱۸

راج گڈھ وسط ہند کی ایک چھوٹی سی پہاڑی ریاست ہے، جو ریل سے بہت دور اور بھوپال سے تقریباً سو میل شمال مغرب کی جانب مالوہ کی سرزمین پر واقع ہے۔ راج گڈھ اور نرسنگھ گڈھ ریاستوں کی زمین اس طرح ملی ہوئی ہے کہ جغرافی نقشوں میں وہ الگ الگ نہیں کی جا سکتی۔ پہلے یہ دونوں ریاستیں ایک تھیں، لیکن بعد میں جدا جدا تقسیم ہو گئیں۔

۲ اردو میں ترجمہ کیجئے۔ ۱۲

चारों ओर से सहायता और आश्वासन वाक्य पाकर अहिल्या बाई ने रातोंरात अपनी सेना सजाई और इन्दोर से निकल कर "गड़वारबेदी" नामक स्थान का कटक का पड़ाव डाल युद्ध की

प्रतीक्षा करने लगी, और उसने जिन जिन रजवाड़ों की सेनायें सहायता के लिए आई थीं, उनके भोजन और व्यय आदि का पूरा पूरा प्रबंध कर दिया, क्यों कि उस समय उस का राज भण्डार धन धान्य से परिपूर्ण था.

जतन करत नित उदय को, स्वामी सुखद अनंत।
जलधन धरन बढ़ावतो, कामदार बुधिवंत।।
निज हित चाहत पापमति आलस स्वामी काम।
नासै बित्त बिचार बिन कामदार अघधाम।।

۳ ان دو میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے۔ ۱۰

(۱) نیم حکیم خطرۂ جان، نیم ملّا خطرۂ ایمان۔

(۲) ضرب الامثال۔

امتحان بی۔ اے (شعبہ فنون) ۱۳۴۷ ف م ۱۹۲۸ عیسوی

۱۲ ار تیر ۱۱ تا ۲ ساعت

تاریخ ۔ سیاسیات نشانات (۱۰۰)

ھدایات :۔ صرف چھ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

(۱) ارسطاطالیس کے معین کردہ اقسام حکومت کی مفصل تنقید کرو اور یہ بتاؤ کہ تمھارے نزدیک حکومت کی تقسیم کے صحیح اصول کیا ہونے چاہئیں۔

(۲) مونٹسکیو کو تاریخی طرز استدلال کا بانی کیوں کہا جاتا ہے؟ یہ بھی بتاؤ کہ اوس کے اور اوس کے پیشروؤں کے سیاسی طرز استدلال میں کیا فرق تھا؟

(۳) کیا تمھارے نزدیک ایڈمنڈ برک نے فرانسیسی انقلابیوں کی جو تنقید کی ہے اس میں وہ حق بجانب ہے؟ اپنے جواب کے وجوہ بیان کرو۔

(۴) وہ کون سے اصول ہیں جن کے تحت مرکزی حکومت اپنے بعض اختیارات مقامی ادارات کے سپرد کر دیتی ہے؟

(۵) فردی حکومت اور وفاقیہ کے باہمی فرق کو مدلل واضح کرو۔

(۶) رائے دہی اناث کی مختصر تاریخ بیان کرو اور یہ بتاؤ کہ انگلستان اور ہندوستان میں اس اصول پر کس حد تک عمل ہوتا ہے۔

(۷) ۱۹۲۵ء کے اصلاحات کے بعد جاپان کے دارالامرا نے جو جدید تشکل اختیار کی ہے، اس کا مقابلہ انگلستان کے دارالامرا کی ترکیب سے کرو۔

(۸) آجکل کی انفرادیت پسند حکومتوں پر اشتراکی اصول کا کس حد تک اثر پڑا ہے؟

(۹) اگر تم سے سائمن کمیشن کے سامنے ہندوستان کے سیاسی اصلاحات کی بابت

اپنے خیالات پیش کرنے کے لئے کہا جائے تو تم صوبہ داری حکومتوں میں کسی قسم کی اصلاحات کا خاکہ پیش کروگے؟

(۱۰) آجکل کی حکومتوں میں نمایندگی کے جو طریقے رائج ہیں ان میں سے بعض کی یہ کمزوری بتائی جاتی ہے کہ ان میں اقلیتوں کے حقوق کی حفاظت نہیں ہوتی۔ کیا تم اس کے رفع کرنے کی کوئی تدبیر بتا سکتے ہو؟

(۱۱) برطانوی سوراجی نوآبادیات اور انگلستان کے مابین اب کس قسم کا تعلق باقی رہ گیا ہے؟ "برطانوی دولت عامہ اقوام" کے ان حصوں میں مقتدر اعلیٰ کا تعین کرو جنھیں سوراج حاصل ہوگیا ہے۔

امتحان بی اے شعبہ فنون ۱۳۴۷ف م ۱۹۳۸ء

۱۴ تیر　　　　　　　　۱۱ تا ۲ ساعت

اصول معاشیات　　　　　　　　نشانات ۱۰۰

ہدایت ۔ صرف چھ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

۱　معاشیات کو کس لحاظ سے علم جدید کہتے ہیں ۔ معاشیات اور تہذیب جدید کا قریبی تعلق مثالیں دے کر واضح کرو۔

۲　علوم میں مفروضات کی کیا ضرورت اور اہمیت ہے معاشیات کے چند اساسی مفروضات کی تشریح کرو۔

۳　معاشیات کے مختلف شعبوں میں کس طرح باہمی انحصار قایم ہے ۔ اور اس سے کیا عملی نتائج پیدا ہوتے ہیں مثالیں دے کر مختصر طور پر بیان کرو۔

۴　موجودہ معاشی ترقیات کو کس لئے " اصل شاہی دور " سے تعبیر کرتے ہیں ۔ اصل کے فروغ سے آجکل کیا خاص مسائل پیدا ہو رہے ہیں ۔ تشریح کرو۔

۵　بحیثیت عامل پیدائش زمین میں کیا خصوصیات نظر آتے ہیں ۔ اور ان سے ہندوستان میں کیا خاص نتائج پیدا ہو رہے ہے ۔ مثالیں دے کر واضح کرو۔

۶　کاروباری تنظیم سے کیا مراد ہے ۔ ہندوستان کے کسی

واقعی کاروبار کے حوالے سے اس طریق کی توضیح کرو۔

۷۔ معاشی لگان کی نوعیت واضح کرو۔ گزشتہ پچاس سال کے اندر ہندوستان میں لگان پر کیا اثرات پڑے مختصر طور پر تشریح کرو۔

۸۔ قیمتوں پر وقت کا جو اثر پڑتا ہے۔ اسکی اہمیت اور درست مثالیں دے کر واضح کرو

۹۔ معیار زندگی سے کیا مراد ہے۔ معاشی ترقیات میں اسکی جو اہمیت ہے۔ ہندوستان کے حوالے سے بیان کرو۔

۱۰۔ امور ذیل کی مختصر تشریح کرو۔
قومی دولت۔ افادۂ مختتم۔ اصول بدل۔ زمین کی زرخیزی۔

امتحان بی۔اے شعبہ فنون ۱۳۳۷ف م ۱۹۲۸ء

۱۷۔تیر ۱۱تا۲ساعت

معاشیات ہند نشانات (۱۰۰)

صرف چھ سوالوں کے جواب دئے جائیں۔سوال نمبر(۱) لازمی ہے۔

(۱) ہندوستان میں زراعتی ترقی کی رفتار تیز کرنے کیلئے کیا تدابیر اختیار کرنی چاہئیں ۔بتفصیل لکھو۔ (۲۰)

(۲) مقولہ ذیل پر بحث کرو۔ (۱۶)

"ایک طرف تو یہ کہا جاتا ہے کہ خارجی اصل کا استعمال لازماً ہندوستان کے حق میں مضر ہوگا۔اور دوسرے طرف یہ بیان کیا جاتا ہے کہ خارجی اصل کا ہمیشہ اس ملک پر مفید اثر پڑتا ہے۔"

(۳) "ہندوستان میں فیکٹری کے مزدوروں کی قلت ہے اوران کی کار کردگی ابھی کم ہے" اسکے وجوہ اور نیز اصلاح کے تدابیر پر بحث کرو۔ (۱۶)

(۴) تقریباً سو سال قبل حلقہ پونہ کے ایک گاؤں میں مقبوضہ ارضی کا فی کس اوسط (۱۴) چودہ ایکر تھا اور ۱۹۱۵ء میں (۷) سات ایکر رہ گیا۔اسیطرح ہندوستان کے اکثر حصوں میں مقبوضہ ارضی کا فی کس اوسط گھٹ رہا ہے۔اسکے وجوہ اور معاشی نتائج بیان کرو۔ (۱۶)

(۵) "ہندوستانی روپیہ گویا ایک کرنسی نوٹ ہے چاندی پر چھپا ہوا۔" (۱۶)
اس قول کی وضاحت کرو۔اوراس سے ہندوستانی زر کے جو خصوصیات

ظاہر ہوتے ہیں بیان کرو۔

(۶) روپیہ کی شرح مبادلہ (Rate of Exchange) بجائے ایک (۱۶)
شلنگ چار پنس کے ایک شلنگ چھ پنس قرار دینے سے ہندوستان کے
(ا) فیکٹری کے مصنوعات (ب) زرعتی پیداوار پر کیا اثر پڑتا ہے؟

(۷) ہندوستان کے محصول آمدنی (Income tax) کی مختصر کیفیت لکھو (۱۶)
اور اس سلسلہ میں اصول تنزاید کی ضرورت پر بحث کرو۔

(۸) برطانوی ہند اور ریاست حیدرآباد میں مالگزاری کا جو انتظام ہے۔ اسکا (۱۶)
مقابلہ کرو۔

(۹) اعلی اور ادنی شرح اجرت کا تجارت خارجہ پر کیا اثر پڑتا ہے ہندوستان (۱۶)
کی درآمد و برآمد کی مثالیں دیکر واضح کرو۔

(۱۰) سنہ ۱۹۰۹۔۱۹۱۰ تا ۱۹۱۳۔۱۹۱۴ (اوسط) درآمد ۱۹۸۸۷۰۰۰۰ روپیہ برآمد ۲۲۳۲۵۵۰۰۰۰ روپیہ (۱۶)

۱۹۲۶۔۱۹۲۷ ۲۴۲۴۴۰۰۰۰ روپیہ ۳۱۳۲۵۰۰۰۰ روپیہ

مندرجہ بالا اعداد و شمار سے ظاہر ہے کہ ہندوستانکی تجارت خارجہ میں زیادتی
ہوگئی ہے۔ کیا یہ زیادتی اس امر کا ثبوت ہے کہ ہندوستانکی مرفہ الحالی
میں بھی اضافہ ہوگیا ہے؟ اس مسئلہ کے ہر پہلو پر بحث کرو۔

امتحان بی۔ اے (شعبۂ فنون) ۱۳۴۷ف مطابق ۱۹۲۸ء

۱۵ ارتیر — ۱۱ تا ۲ ساعت

تاریخ ہند۔ عہد قدیم — نشانات (۱۰۰)

ہدایات۔ صرف چھ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ سوال نمبر ۶ لازمی ہے۔

(۱) رگ وید کی شاعری پر ادبی نقطۂ نظر سے تنقید کرو اور اپنی رائے کی وضاحت کے لئے ایک دو اشلوکوں کا صحیح ترجمہ پیش کرو۔ ۱۶

(۲) "رگ وید میں وحدانیت کی تعلیم ہے یا نہیں" اس مسئلہ پر وضاحت سے بحث کرو اور مثالیں دو۔ ۱۶

(۳) رگ وید میں کیا ذات کے امتیاز کا آغاز گورے اور سیاہ رنگ کے مسئلہ سے ہوا تھا۔ لفظ داسیو کے معنی کی تشریح کرکے اس مسئلہ پر روشنی ڈالو۔ ۱۶

(۴) رعیس ڈیوڈز نے ہندوستان کے ابتدائی اقتصادی حالات کے ضمن میں جن پیشہ وروں کا ذکر کیا ہے انھیں مفصل طور سے بیان کرو۔ ۱۶

(۵) پورس کے ساتھ سکندر اعظم کی جنگ کا حال اس طرح سے بیان کرو کہ ممتحن کے ذہن میں واقعات کے علاوہ یونانیوں کی جنگی تدبیر اور ہندوستانیوں کے اسلحۂ جنگ کی کیفیت بھی آجائے۔ ۱۶

[illegible] اشوک کے کتبات سے جو نتایج اس کے طرز حکومت کے متعلق استنباط کئے جاسکتے ہیں مثالیں دیکر ان پر تفصیل سے بحث کرو۔

یا

چندر گپت موریا کی فوجی طاقت اور ملکی انتظامات کے متعلق جو حالات میگاس تھنیس نے بیان کئے ہیں اون کو اجمالی طور سے لکھو۔ ۲۰

(۷) کنشک کے مذہبی عقاید پر بحث کرو اور ساتھ ہی یہ بھی لکھو کہ بدھ مذہب کی اس وقت کیا حالت تھی؟ ۱۶

(۸) سمدرا گپت کے عہد کے واقعات تفصیل سے بیان کرو اور نقشہ کھینچ کر سمجھاؤ کہ اس کی مملکت کی حدود کیا تھیں؟ ۱۶

(۹) پولی کیشن ثانی کے عہد کے واقعات صراحت سے بیان کرو۔ ۱۰

امتحان بی۔اے (شعبۂ فنون) ۱۳۴۷ف مطابق ۱۹۲۸ء

۵ اردی بہشت ۱۱ تا ۲ ساعت

تاریخ ہند۔ عہدِ اسلام۔ نشانات ۱۰۰

صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

(۱) سلطنت دہلی کے استحکام اور تنظیم میں غیاث الدین بلبن نے کیا تدابیر اختیار کیں، تمھاری رائے میں بحیثیت مدبر کے اسمیں کیا خامیاں تھیں؟

(۲) علاءالدین خلجی کی تخت نشینی سے فیروز شاہ تغلق کی وفات تک سلطنت کے انتظامات مالگذاری میں جس قدر تبدیلیاں ہوئیں، انکو اختصار کے ساتھ بیان کرو۔

(۳) سلاطین خلجی کے عہد میں حکام ذیل کے کیا فرائض اور اختیارات تھے: نائب عرض ممالک، نائب دیوان ریاست، صدرالصدور، مقطع، امیرالبحر، امیر شکار۔

(۴) "باری تعالی نے سلطان محمد بن تغلقشاہ کو زمانہ کے عجائبات میں سے پیدا کیا تھا اور اوسکے متضاد اوصاف کا سمجھنا علما کے علم اور عقلا کی عقل سے باہر تھا" (تاریخ فیروز شاہی) سلطان موصوف کے سیاسی اور انتظامی اختراعات کو مدنظر رکھتے ہوئے مذکورۂ بالا عبارت پر بحث کرو۔

(۵) فیروز شاہ تغلق نے اپنی انتظامی قابلیت سے سلطنت دہلی کو کس حد تک زوال سے بچایا۔ مثالیں دیکر جواب کو واضح کرو۔

(۶) سلطان ظہیرالدین بابر نے ابراہیم سوری اور رانا سنگہ کے خلاف جو فتوحات حاصل کیں انھیں تاریخ ہند میں کیا اہمیت حاصل ہے۔

(۷) اکبر نے شاہی فوج اور مالگذاری کے انتظامات کے واسطے کیا تدابیر اختیار کیں، شیر شاہ کے اصلاحات سے ان کا مقابلہ کرو،

(۸) اکبر نے راجپوتانہ میں جو حکمت عملی اختیار کی اُس پر تنقید کرو، اور بتاؤ کہ اُس کا راجپوتوں اور سلطنت مغلیہ پر کیا اثر پڑا۔

(۹) سلطان علاء الدین خلجی یا جلال الدین اکبر کے عہد کے شعرا اور اہل علم میں سے کسی پانچ کے مختصر حالات بیان کرو، جیسیں اُن کی ادبی یا علمی شان کا ذکر بھی آجائے۔

(۱۰) جہانگیر کے نمایاں احکام کو مد نظر رکھتے ہوئے اس امر پر بحث کرو کہ وہ کس حد تک اپنے باپ کے سیاسی اصول کا پابند تھا۔

(۱۱) "اورنگ زیب کا مقصد دکن کی اسلامی سلطنتوں کا الحاق کرنا نہ تھا لیکن اُن کی اندرونی حالت اور دیگر واقعات نے اسے مجبور کردیا۔"
اورنگ زیب کی تخت نشینی کے بعد کے واقعات کو پیش نظر رکھکر اسپر بحث کرو۔

امتحان بی۔ اے شعبۂ فنون ۱۳۳۷ھ ف م ۱۹۲۸ء

۱۵ اتیر ۱۱ تا ۲ ساعت

تاریخ ہند (دور برطانیہ) نشانات (۱۰۰)

ہدایت۔ حصہ اول میں سے تین اور دوم میں سے دو سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ سوال نمبر (۶) لازمی ہے۔

حصۂ اوّل

(۱) بنگال کے جغرافی خصوصیات بیان کرو اور بتاؤ کہ انکا اس عہد کی تاریخ پر کیا اثر پڑا۔

(۲) وارن ہسٹنگز نے بہ حیثیت گورنر کے بنگال میں جو اصلاحات کیں انہیں کمپنی کی تاریخ میں کیا اہمیت حاصل ہے۔

(۳) ہندوستانی ریاستوں میں امن وامان قائم ہو جانیسے برطانوی سلطنت کی طاقت وقوت اور شہرت وعزت کو مزید فروغ حاصل ہوگا اس مقولہ پر بحث کرو اور بتاؤ کہ ویلزلی نے اس اصول کو پیش نظر رکھکر جو مسلک قائم کیا اُس میں اُسے کس حد تک کامیابی حاصل ہوئی۔

(۴) اٹھارہویں صدی کے آخر دس سال میں دکن کی سیاسی حالت کیا تھی واضح طور پر بیان کرو اور بتاؤ کہ سلطنت آصفیہ نے اس زمانہ میں پیشوا اور ٹیپو سلطان کے مقابلے میں انگریزوں کے اتحاد کو کیوں ترجیح دی۔

(۵) مادھوجی سندھیا ایک قابل مدبر اور بے نظیر سپاہی تھا۔ اس مقولہ پر بحث کرو۔

(۶) مندرجۂ ذیل میں سے دو کے مفہوم کو واضح کرو۔

(1) " Russia can have no legitimate ground for extending her political connections to Afghanistan, while we are necessarily interested in the peace and independence of that country, by proximity and position " (Lord Auckland, 1838)

(2) " It is not for me to consider how we came to occupy Sind, but to consider the subject as it now stands " (Sir Charles Napier, 1842.)

(3) " Justice and custom and precedent leave the Government wholly unfettered, to decide as it thinks. Policy alone must decide the question." (Lord Dalhousie regarding Nagpur, 1853).

حصّۂ دُوُم

(۷) ۱۷۶۵ء سے ۱۷۹۳ء تک بندوبست مالگذاری کیلئے بنگال میں جو مختلف انتظامات ہوئے اُنہیں واضح طور پر بیان کرو اور بتاؤ کہ آخری انتظام کس حد تک کامیاب اور حکومت و ملک اور کاشتکاروں کیلئے مفید ثابت ہوا۔

(۸) ۱۷۷۳ء و ۱۸۳۳ء میں کمپنی کے مقبوضات کی تنظیم کیلئے برطانوی پارلیمنٹ نے جو قوانین نافذ کئے اُنسے کیا خرابیاں پیدا ہوئیں اور انکی اصلاح کسطرح عمل میں آئی وضاحت سے بیان کرو۔

(۹) لارڈ ڈلہوزی کے زمانہ تک کمپنی نے ہندوستانیوں کی تعلیم کے لئے جو انتظام کیا اُسے بیان کرو اور اس کے متعلق اپنی رائے ظاہر کرو۔

امتحان بی۔اے (شعبہ فنون) سنہ ۱۳۳۷ف م ۱۹۲۸ء

۱۴ / تیر ۱۱ تا ۲ ساعت

تاریخ دستور انگلستان ۔ نشانات ۱۰۰

ہدایت ۔ صرف چھ سوالوں کا جواب مطلوب ہے۔

(۱) ڈی ٹاک ویل کے اس مقولہ پر بحث کرو کہ "انگلستان میں کسی دستور کا وجود ہی نہیں ہے"۔

(۲) تاج کے قدیم موروثی محاصل کے کیا ذرائع تھے۔ بارھویں صدی سے پندرھویں صدی کے آخر تک ان میں کیا تغیرات واقع ہوئے؟

(۳) زرعی غلامی کی نسبت نظریہ قانونی کیا تھا؟ کن ذریعوں سے غلام آزاد ہو سکتا تھا؟

(۴) عدالت ایوان انجم کی ابتدا اور اُس کے اختیارات اور طریق کارروائی بیان کرو اور بتاؤ کہ کوک اور بیکن کی اس عدالت کی نسبت کیا رائے تھی اور یہ رائے انہوں نے کس بنا پر قائم کی تھی؟

(۵) مجلس کابینہ کے ارتقا کی مختصر تاریخ لکھو۔

(۶) دارالامرا کی موجودہ ترکیب اور اختیارات کو مجملاً بیان کرو۔

(۷) انیسویں صدی عیسوی میں پارلیمنٹ کی اصلاح کیلئے جو مختلف تحریکیں ہوئیں اُن کی مختصر تاریخ لکھو۔

(۸) "پارلیمنٹ کی فرمانروائی" سے کیا مراد ہے صراحت سے بیان کرو۔

(۱۰) مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھو:-

(۱) مسودہ قانون امارت سنہ ۱۹۱۹ء

(۲) قانونِ تخت و تاج سنہ ۱۷۰۱ء

(۳) سول لسٹ

(۴) نیک پارلیمنٹ سنہ ۱۳۷۶ء

امتحان بی اے شعبہ فنون ۱۳۴۷ف م ۱۹۲۸ء

---

۱۸ تیسر   ۱۱ تا ۲ ساعت

تاریخ اسلام   نشانات ۱۰۰

ھدایت :- صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔

۱ اندلس کے اسلامی فنون لطیفہ پر ایک مختصر نوٹ لکھو۔

۲ اسلامی اندلس کی تاریخ کے اسلامی ماخذ کیا ہیں ؟ ان میں سے ہر ایک کی اہمیت کا اندازہ کرو۔

۳ "بحیثیت مجموعی مسلمانوں کا دور حکومت اندلس کے حق میں سراسر رحمت تھا۔" اس بیان پر بحث کرو' اور اس کو ثابت کرو یا رد کرو۔ مسلمانوں نے جن قوتوں سے اندلس میں فتح پائی ان کی تشریح کرو۔

۴ "Of all the Omayyed Princes who reigned in Spain, Abdur Rahman III was unquestionably the greatest."

اس بیان کی تائید یا تردید کرو۔

۵ اسلامی حکومت کے دوران میں اندلس میں عدالتی نظم و نسق کا حال تاریخ سے کتنا اور کیا معلوم ہوتا ہے۔

۶ اندلس کی ادبی تاریخ میں حضرت امام محمدؒ بن حزم کی اہمیت کا اندازہ کرو۔

۷ متصلہ ذیل شہروں پر مختصر نوٹ لکھو:۔ قرطبہ، طلیطلہ، اشبیلیہ۔

۸ جامعۂ قرطبہ کو بالخصوص مدنظر رکھ کر خلافت اموی کے عہد میں اندلس کی اسلامی جامعات کی خصوصیات پر بحث کرو۔

۹ عبدالرحمٰن الداخل کے اندلس میں آنے کے وقت ملک کی سیاسی حالت کا اندازہ کرو، اور بتاؤ کہ اس نے ملک پر قبضہ حاصل کرنے کے لئے کیا وسائل اختیار کئے تھے۔

امتحان بی اے۔ شعبۂ فنون ۱۳۳۷ف م سنہ ۱۹۲۸ع

---

۸ استمبر ۱۱ تا ۲ ساعت

تاریخ روما نشانات (۱۰۰)

ہدایت۔ صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

(۱) دوسری صدی ق م میں دستوری نقطۂ نظر سے مجلس سینات کی کیا حیثیت تھی؟ مجلس عامّہ اور جماعت عاملہ سے اس کے تعلقات کیسے تھے؟

(۲) روما کی دولت عامہ میں فوجی دست درازی روکنے کے لئے کونسے طریقے مروج تھے؟ وہ کیا اسباب تھے جن کی وجہ سے یہ طریقے بالآخر ناکام ثابت ہوئے؟

(۳) جنگ حلفا (سنہ ۹۰ ق م) کے اسباب بیان کرو اور یہ بھی بتاؤ کہ معاملات متنازعہ فیہ کا تصفیہ کس طرح ہوا تھا؟

(۴) قیصر اور پامپی کی خانہ جنگی میں سسرو نے جو رویّہ اختیار کیا اس پر بحث کرو۔

(۵) جنگ منڈا کے بعد جو مسائل جولیس قیصر کی توجہ کے محتاج تھے انھیں وضاحت کے ساتھ بیان کرو۔ یہ بھی بتاؤ کہ انھیں اسنے کس طرح سے حل کرنے کی کوشش کی اور اسے کس حد تک کامیابی نصیب ہوئی؟

(۶) پامپی کے زمانے میں جو ممتاز ترین رومن صوبے تھے ان کے نام بتاؤ اور یہ بھی لکھو کہ ان میں کس طریقے پر حکومت کی جاتی تھی؟

(۷) میریس کو بحیثیت سپاہی کے تاریخ روما میں کیا رتبہ حاصل ہے؟

(۸) تاریخی واقعات سے اس رائے کی کس حد تک تائید ہوتی ہے کہ سولا کی وفات سے ہی انقلاب کا آخری دور شروع ہو گیا تھا۔

امتحان بی اے شعبۂ فنون سنہ ۱۳۴۷ف م سنہ ۱۹۳۸ع

۱۸ تیر   ۱۱ تا ۲ ساعت

تاریخ یورپ   نشانات (۱۰۰)

ہدایت - صرف چھ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں - پہلا سوال لازمی ہے -

(۱) مندرجۂ ذیل امور میں سے کسی ایک کو نقشہ کھینچکر واضح کرو :-

(الف) سنہ ۱۷۸۹ع میں اطالیہ کی ملکی تقسیم -

(ب) سنہ ۱۸۰۲ع اور سنہ ۱۸۱۰ع میں فرانس کے حدود کا مقابلہ -

(۲) امیرابو کے خصائل بیان کرو - اس کی حکمت عملی کیا تھی اور اس میں وہ کیوں ناکام رہا ؟

(۳) دستورِ فرانس سنہ ۱۷۹۱ع کو مختصر طور پر بیان کرو اور اس کی خصوصیات واضح کرو -

(۴) وہ کیا مدارج تھے جن کو طے کر کے نپولین آخر کار شہنشاہ بن گیا ؟

(۵) انقلابِ پولینڈ سنہ ۱۷۹۴ع کے اسباب اور نتائج بیان کرو اور اس انقلاب کا فرانسیسی انقلاب سے مقابلہ کرو -

(۶) سنہ ۱۷۹۸ع سے سنہ ۱۸۰۱ع تک مصر میں فرانسیسیوں کی مہم کے حالات بیان کرو -

(۷) پاپائے روما کی نسبت نپولین کی حکمتِ عملی کیا تھی - مثالیں دیکر

جواب دو۔

(۸) انیسویں صدی کے آغاز میں پروشیا میں اسٹائن اور شارن ہورسٹ نے کیا اصلاحات کیں اور ان اصلاحات کی کیا اہمیت ہے؟

(۹) "Nothing is more remarkable in the settlement of Europe by the Congress of Vienna than the entire neglect of the principle of nationality."

مثالیں دیکر اس مقولہ کی تشریح کرو۔

(۱۰) مندرجۂ ذیل امور میں سے کسی تین پر مختصر نوٹ لکھو:۔

باسٹیل کی تسخیر۔ شمال کی غیر جانبدارانہ لیگ۔ ٹلسٹ کا صلحنامہ ۱۸۰۷ء۔ والمی کی لڑائی ۱۷۹۲ء۔ جیکوبن کلب۔

امتحان بی اے شعبۂ فنون ۱۳۴۷ف مطابق ۱۹۲۸ء

---

۱۲ تیر — ۱۱ تا ۲ ساعت

فلسفہ ۔ ماہیت و مذاہب فلسفہ — نشانات (۱۰۰)

نوٹ ۔ جن پانچ سوالوں کے چاہو جواب دو ۔ نشانات مساوی ہیں ۔

(۱) اولیاتی اور بعدیاتی (a priori, a posteriori) اصول میں کیا فرق ہے ؟ اولیاتی اصول کس لحاظ سے تجربے سے ماوراء خیال کئے جاتے ہیں ؟

(۲) نفس اور مادہ یا نفسی اور خارجی (Subjective, Objective) کیفیات میں کیا فرق ہے ؟ تمھارے نزدیک یہ فرق رسمی ہے یا فطری ؟

(۳) مظاہر اور وجودِ حقیقی کے امتیاز کی بنا کیا ہے ؟ اگر خارجی وجود کی نسبت کوئی مطلق صداقت حاصل نہیں ہوسکتی، تو صداقت کا معیار کیا ہے ؟

(۴) اگر تمام مفروضات کو برطرف کرکے یقینیات پر تعمیرِ فکر قائم کرنا چاہو تو تمھارا نقطۂ آغاز کیا ہوگا ؟ اور تم ماہیت وجود کی نسبت اس سے کیا نتائج اخذ کروگے ؟

(۵) ارسطو کہتا ہے کہ فلسفے کا کام یہ ہے کہ ہمارے جبلی اعتقادات کے نظام کو دریافت کرے ۔ تمھارے نزدیک عقلِ نظری اور عقلِ عملی کے اندر کس قسم کے جبلی اعتقادات منکشف ہوتے ہیں ؟

(۶) ذوقِ جمالی کی اساسی خصوصیات کیا ہیں، حیاتیات کا نقطۂ نظر اس کی نسبت کیا ہے؟

(۷) لائبنٹز اور فشنر (Fechner) نے کائنات کی روحیتی توجیہ کی ہے کہ کائنات فقط ارواح پر مشتمل ہے۔ اس نظریہ کو واضح کر کے مادیت سے اس کا مقابلہ کرو۔

(۸) کانٹ، ہیوم کے اس شک کو رفع کرنے میں کہاں تک کامیاب ہوا کہ مظاہر کا لزوم اور ربط ناقابلِ فہم و ثبوت ہے؟

امتحان بی اے شعبہ فنون ۱۳۳۷ ف م ۱۹۲۸ء

---

۱۴ تیر   ۱۱ تا ۲ ساعت

تاریخ فلسفہ   نشانات ۱۰۰

(الف) میں سے ایک (ب) میں سے ایک اور (ج) میں سے ۳ سوالوں کا جواب دو نشانات سب کے مساوی ہیں ۔

(الف)

۱۔ کہا جاتا ہے، کہ جدید فلسفہ میں کوئی ایسا اصولی خیال نہیں موجود، جو کسی نہ کسی حد تک قدیم فلسفہ میں خصوصاً یونانیوں کے ہاں نہ موجود ہو ۔ اس دعوے کی کچھ تاریخی شہادتیں مہیا کرو ۔

۲ ۔ چھٹی صدی عیسوی سے لے کر سولھویں صدی تک کے فلسفہ کی نوعیت اور نمایاں خصوصیات پر ایک سرسری نظر ڈالو ۔

۳ ۔ اگر تم تاریخ فلسفہ کے مطالعہ سے اس نتیجے پر پہنچے ہو کہ زندگی کے انتہائی مسائل فلسفہ سے نہیں حل ہو سکتے تو پھر فلسفہ کی انسانی زندگی میں کیا اہمیت و ضرورت رہ جاتی ہے ؟

(ب)

۱۔ تم روزانہ گھر سے کالج تک آتے ہو، لیکن کیا عقلی طور پر یہ نہیں ماننا پڑتا کہ اگر قیامت تک چلتے رہو، تو بھی گھر سے کالج تک نہیں پہنچ سکتے ؟ یہ تاریخ فلسفہ میں کس نے اور کیوں دعویٰ کیا، اور

اس سے فلسفہ کا کونسا اہم مسلک پیدا ہوتا ہے ؟

۲ - سارا عالم اعداد سے بنا ہے - تاریخ فلسفہ میں یہ کس کا دعویٰ ہے ؟ بعد کے فلسفہ پر اس کا کیا اثر پڑا ؟ اور سالمات اور برق پاروں کے موجودہ نظریہ سے اس پر کیا روشنی پڑتی ہے ؟

(ج)

۱ - مونادیت، سالمیت اور تصوریت میں مقابلہ و موازنہ کرو -

۲ - ہیگل، فلاطون، فشتے اور شیلنگ کی تصوریت میں کیا فرق و تعلق ہے ؟

۳ - برکلے اور ہیوم کو ملا کر کیا تم ہیگل کی تصوریت مطلقہ کا نتیجہ نکال سکتے ہو ؟ کیا تمہارے علم میں کسی مورخ فلسفہ نے ایسا کیا ہے

۴ - فلسفہ انتقادیت کا کیا ماحصل ہے ؟ یورپ میں عام خیالات اور مذہب و سائنس پر اس کا کیا اثر پڑا ہے ؟

۶ - کیا تم سپائنوزا کی وحدۃ الوجود کو کسی طرح ریاضیات کے اسلوب سے ثابت کر سکتے ہو ؟ اور یہ اسلوب تمہارے نزدیک کہاں تک کامیاب ہے ؟

امتحان بی اے۔ شعبۂ فنون ۱۳۴۷ف م ۱۹۲۸ء

---

۱۵ تیر ۱۱ تا ۲ ساعت

فلسفہ۔ برکلے نشانات (۱۰۰)

ہدایت۔ فقط پانچ سوال کیجیے۔ سب سوالات کے نشانات برابر ہیں۔

(۱) برکلے کا مذہب وجودِ باری کے متعلق کیا ہے؟ اس کا اثر برکلے کے نظام فلسفہ پر کیا پڑا؟

(۲) برکلے کا تصوّر مادّہ بیان کرو۔ اور اس کی تنقید کرو۔

(۳) برکلے نے جو دلایل تصور جوہر کے تناقض پر قائم کیے ہیں کیا ان کا اطلاق بعینہا جوہر نفسی یا روحی پر نہیں ہوتا؟

(۴) علت و معلول کا جو تصور برکلے نے پیش کیا ہے اُس کا اثر فلاسفہ مابعد پر کیا پڑا؟

(۵) تصوریت کسے کہتے ہیں اور برکلے کی تصوریت کس نوع کی ہے؟

(۶) برکلے کا فلسفہ کس حد تک تجربی اور کس حد تک عقلی یا قیاسی ہے؟

(۷) کہا جاتا ہے کہ اگر برکلے نہ ہوتا تو ہیوم نہ ہوتا۔ اور اگر ہیوم نہ ہوتا تو کانٹ نہ ہوتا۔ اور اگر کانٹ نہ ہوتا تو ہیگل نہ ہوتا۔ یعنے برکلے کے بغیر عصر جدید کا فلسفہ ناممکن ہوتا۔ یہ کہاں تک صحیح ہے؟ اس پر تنقید کرو۔

امتحان بی۔اے (شعبۂ فنون) سنہ ۱۳۴۷ف مطابق ۱۹۲۸ء

۱۶؍ تیر سنہ ... ۱۱ تا ۲ ساعت

فلسفہ۔ نفسیات نشانات (۱۰۰)

صرف چھ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔

(۱) نفسیات کو فلسفہ کا شعبہ قرار دینا کس اعتبار سے اور کس حدتک صحیح ہے؟ کیا علم نفسیات دوسرے علوم ریاضیات، طبیعیات، وغیرہ سے اصولاً کچھ مختلف ہے؟

(۲) شعوری، تحت الشعوری اور لاشعوری زندگیوں میں کیا فرق ہے؟ اور ان کے باہمی تعلقات کیا ہیں؟

(۳) رُوح کے تخیل کو نفسیات کے مباحث و مسائل سے قریب یا بعید کسی طرح کا تعلق ہے؟

(۴) ایک اُردو شاعر کہتا ہے۔ "آتا ہے لطف جرم تمنا سزا کے بعد" یعنی محبت میں مزا اُسی وقت پیدا ہوتا ہے جب اس کی راہ میں رکاوٹیں پیدا ہوتی ہیں۔ اس تخیل پر نفسیات کی روشنی میں اظہار رائے کرو۔

(۵) خودی کی ماہیت نفسی پر ایک مختصر مگر جامع مضمون تحریر کرو۔

(۶) کہا جاتا ہے کہ جیمس نے نظریۂ جذبات میں ایک انقلاب پیدا کر دیا۔ اس دعوی کے متعلق تمہاری کیا رائے ہے؟

(۷) زمان و مکان کے مسائل پر نفسیات سے کیا روشنی پڑتی ہے؟

۲

(۸) تصور (Idea) اور تمثال (Image) میں کیا فرق ہے؟ مختلف مثالوں سے واضح کرو۔

امتحان بی اے شعبہ فنون ۱۳۴۷ف م ۱۹۲۸ء

۱۷ اپریل   ۱۱ تا ۲ ساعت

فلسفہ۔ اخلاقیات نظری   نشانات ۱۰۰

صرف پانچ سوالوں کے جواب لکھو۔ نشانات سب کے برابر ہیں۔

۱ کانٹ کے نظریۂ اخلاقیات کی توضیح و تنقید کرو۔

۲ اخلاقیات پر نظریۂ ارتقا کے کیا اثرات پڑے اور ان میں سے کون کون سے دیرپا ہیں؟

۳ جب یہ کہا جاتا ہے کہ اخلاقیات کا تعلق نصب العین یا معیار سے ہے۔ تو تم اس سے کیا سمجھتے ہو؟

۴ ہر پہلو سے غور کر کے بتاؤ کہ علم کو عمل سے کیا تعلق ہے؟ کیا یہ لازم ہے کہ ایک عالم نیکوکار بھی ہو۔ اگر نہیں تو کیوں؟

۵ انسان کی کسی ایک خواہش کا اس کی تمام نفسیاتی زندگی اور اس کے ماحول سے کیا تعلق ہے؟ اس تعلق کی حقیقت اخلاقی نقطہ نگاہ سے بیان کرو۔

۶ ایک شخص ایک فعل کو اچھا سمجھتا ہے۔ اُسے کیسے معلوم ہو کہ وہ فعل واقعی صائب ہے یا نہیں؟

۷ اس پر بحث کرو کہ لذت کو نصب العین زندگی کیوں

کہا جائے۔ اگر یہ نصب العین زندگی نہیں ہے تو اس کے معیار اخلاق سمجھے جانے پر کیا اعتراض ہے؟

امتحان بی اے (شعبہ فنون) ۱۳۳۷ف مطابق ۱۹۲۸ء

۱۸ تیر ۱۱ تا ۲ ساعت

فلسفہ - اخلاقیات علمی نشانات (۱۰۰)

نوٹ - جن پانچ سوالات کا چاہو جواب دو - نشانات مساوی ہیں -

(۱) کیا کسی قوم کو یہ حق حاصل ہو سکتا ہے کہ اپنے آپ کو اخلاقاً فائق اور کسی دوسری قوم کو ادنیٰ سمجھکر اس کے خلاف اقدامی جنگ کرے؟

(۲) اخلاقی زندگی کے لئے کنبے (Family) کی کیا اہمیت ہے؟ اسی ضمن میں ایک بیوی یا ایک سے زیادہ بیویاں رکھنے پر انفرادی اور اجتماعی نقطۂ نظر سے بحث کرو -

(۳) مذہبی اور سیاسی رواداری کو تم کس حد تک اخلاقاً لازمی سمجھتے ہو؟ ایک مملکت جو مختلف مذاہب کے لوگوں پر مشتمل ہے، اس کے لئے کہاں تک جائز ہوگا کہ وہ تشریع و تنظیم میں اپنے آپ کو کسی ایک دین کے ساتھ مخصوص کرے؟

(۴) فنون لطیفہ کا اخلاقی زندگی پر بالواسطہ اور بلاواسطہ کیا اثر ہوتا ہے؟

(۵) نوع انسان کی مختلف اقوام میں تقسیم اور وطن پرستی، اختلاف و امتیاز کے احساس پر مبنی ہے جس سے تنگ نظری اور جنگ پیدا ہوتی ہے - اس پر بحث کرو کہ اس جذبے پر عمل کرنا کہاں تک جائز یا ناجائز ہوگا؟

(۶) اشتراکیین قانون اور جبر کے ذریعے سے افرادِ اقوام میں دولت کے لحاظ سے مساوات پیدا کرنا چاہتے ہیں اور سرمایہ داری کے حامی فرقِ مراتب اور خواہشِ ثروت اندوزی کو تہذیب کی بنیاد قرار دیتے ہیں۔ تمھارے نزدیک اخلاقی حیثیت سے نظامِ جماعت کس انداز پر قائم ہونا چاہئے؟

(۷) ایک گروہ کہتا ہے کہ جنگ اقوام میں شجاعت اور ایثار کے جذبات کو قائم رکھتی ہے اور دوسرے گروہ کا یہ خیال ہے کہ اس سے قتل و غارت اور بہیمیت کے اخلاقِ رذیلہ نشو و نما پاتے ہیں۔ ان مختلف نظریات کا موازنہ کرکے اپنے خیالات کا مدلّل اظہار کرو۔

امتحان بی اے شعبۂ فنون ۱۳۳۷ف مطابق ۱۹۲۸ء

۱۲ تیر   ۱۱ تا ۲ ساعت

طبیعیات پرچہ اول   نشانات (۱۰۰)

ہدایت :- صرف سات سوال حل کئے جائیں' چار حصہ اول میں سے اور تین حصہ دوم میں سے۔

حصۂ اوّل

(۱) فولاد کے تار کی استواری کے معیار (Modulus of rigidity) کی تخمین کے لئے میکسویل کی سوئی (Maxwell needle) والا تجربہ بوضاحت بیان کرو۔ ۱۴

(۲) ہموار مقعر کروی آئینہ کے اوپر ایک ٹھوس کروی گولی کی اہتزازی حرکت پر بحث کرو۔ اور آئینہ کے انحنا کے نصف قطر کی تخمین کے لئے گولی کے گردشی نصف قطر' نصف قطر اور ارتعاش کے وقت دوران کی رقموں میں ایک جملہ حاصل کرو۔ ۱۵

(۳) دو سادہ موسیقی حرکتوں کی ترکیب سے جو حرکت منتج ہوتی ہے' اسکے لئے ایک جملہ حاصل کرو جبکہ سادہ موسیقی حرکتیں علی القوائم سمتوں میں ہو رہی ہوں' ان کے حیطۂ ارتعاش مساوی ہوں' انکی ہئیتوں (Phase) میں کچھ اختلاف نہ ہو اور انکے اوقات دوران کی نسبت ۱ : ۲ ہو۔

ہیئتوں (Phase) کے کوئی سے دو اختلافات کے لئے مذکورہ بالا حرکت کی ترسیمی تشریح کرو۔ ۱۴

(۴) سطحی تناؤ کی طبعی ماہیت سمجھاؤ اور شعری نلی کی وساطت سے الکوہل (Alcohol) کے سطحی تناؤ کی تخمین کیلئے ایک جملہ حاصل کرو۔ اس تجربہ میں جو خطائیں سرزد ہوسکتی ہیں ان پر بحث کرو۔ ۱۴

(۵) نیوٹن کے مستقلِ تجاذب مادی کی صحیح تخمین کے لئے کوئی تجربہ بوضاحت بیان کرو۔ ۱۴

(۶) الزوجیت کی ماہیت پر بحث کرو۔ مائع کی الزوجیت کی شرح کی تخمین کس طرح کروگے؟ ۱۴

حصۂ دوم

(۷) یہ فرض کرتے ہوئے کہ ہوا میں آواز کی موجیں بلا تبدیلی شکل پھیلتی ہیں، ہوا میں آواز کی رفتار کے لئے ایک جملہ حاصل کرو۔ ۱۴

(۸) موسیقی سپتکوں (Musical scales) کے حوالہ سے ساوی اتنزاج (Equal temperament) اور لوکارتمی سینکڑوں (Logarithmic cents) کی تشریح کرو۔ ۱۴

(۹) دو شاخہ کے تعدد ارتعاش کی صحیح تخمین کے لئے تجربی تفصیلات کے ساتھ گرنے والی تختی کا طریقہ بوضاحت بیان کرو۔ ۱۴

(۱۰) اجتماعی سرتیوں (Combination tones) پر ایک مفصل مضمون لکھو اور موسیقی میں ضربوں کی اہمیت سمجھاؤ۔ ۱۴

۳

۱۱) فورئے (Fourier) کا مسئلہ بیان کرو اور مرکب سُروں کے تجزیہ کے لئے اس کا استعمال سمجھاؤ۔ ۱۵

امتحان بی ۔ اے ۔ شعبۂ فنون ۱۳۳۷ف مطابق سنہ ۱۹۲۸ء

۱۴ اردی بہشت تیر ۔۔۔ ۱ تا ۴ ساعت

طبیعیات پرچہ دوم ۔۔۔ نشانات (۱۰۰)

ضروری اطلاع ۔ صرف چھ سوال حل کئے جائیں: تین حصۂ اول سے اور تین حصۂ دوم سے ۔ سب سوالوں کے نشانات مساوی ہیں ۔

حصۂ اول

(۱) کسی صحیح پیمائش کے گیسی تپش پیما کی تشریح کرو ۔ شیشہ میں پارے والے تپش پیما پر اس کو کیا فوقیتیں حاصل ہیں ؟

(۲) نقطۂ فاصل کے قریب مائع کے دباؤ ، حجم اور تپش میں جو تغیرات واقع ہوتے ہیں ان کو تفصیل کے ساتھ بیان کرو ۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ کے لئے جو ترسیمیں حاصل ہوئی ہیں انکے حوالہ سے اپنے بیان کی توضیح کرو ۔ فین ڈیر وال (Van der Waal) کی مساوات سے اس نقطہ کی کس طرح توجیہ ہوتی ہے ؟

(۳) اشعاع کے متعلق سٹیفان (Stefan) کا کلیہ بیان کرو ۔ "سیاہ جسم" کے اشعاع کے لئے اس کی کیونکر تصدیق ہوتی ہے ؟

(۴) کسی گیس کے ہم تپشی (Isothermal) اور حرنا گزار (Adiabatic)

استحالوں (Transformations) میں کیا فرق ہے؟
گیس کا جب حرناگزرا استحالہ عمل میں آتا ہے تو اس کے (ا) حجم اور دباؤ اور (ب) حجم اور تپش میں تعلق ظاہر کرنے والے ضابطوں کو ثابت کرو۔
(۵) کارنو کے دَور (Carnot's Cycle) کی تشریح کرو۔
کارنو کا مسئلہ ثابت کرو کہ متعاکس یا انقلاب پذیر (Reversible) حرارت کے انجن کی استعداد (Efficiency) کسی بھی دوسرے حرارت کے انجن کی استعداد سے، جو تپش کے اُن ہی حدود کے درمیان عمل کرتا ہے، زیادہ ہوتی ہے۔

حصۂ دوم

(۶) ایک موٹے عدسہ یا متعدد پتلے ہم محور عدسوں کے نظام کے اساسی نقطوں (Cardinal points) کی تعریف کرو۔
(ا) محدب مستوی اور (ب) مقعر مستوی، موٹے عدسہ کے مناظری مرکز (Optical centre) اور عقدی نقطوں (Nodal points) کا محل معلوم کرنے کے لیے ضابطے اخذ کرو۔
شیشہ کا انعطاف نما ۱٫۵ فرض کر کے مناسب شکلوں کے ذریعہ ان نقطوں کا محل بتاؤ اور چھوٹی قامت کے شخص کا خیال بھی بنا کر بتاؤ۔
(۷) بوہر (Bohr) کے نظریہ سے ہائیڈروجن کے طیفی خطوط کی توجیہ کس طرح ہوتی ہے مختصراً بیان کرو۔
(۸) انکسار نور (Diffraction) سے کیا مراد ہے؟
انکسار نور کے کسی طریقہ سے یک لونی نور (Monochromatic light)

کے طول موج کی تعیین کا کوئی مناسب تجربہ بیان کرو۔

(۹) نور کے موجی نظریہ سے دوہرے انعطاف (Double refraction) کی کس طرح توجیہ کی جاتی ہے؟

نور کی ایک مستوی موج کلسیت (Calcite) کی ایک قلم پر واقع ہوتی ہے، جس کی سطح اور نیز وقوع کے مستوی میں اسکا مناظری محور (Optic axis) واقع ہے۔ شکل بنا کر بتاؤ قلم کے اندر منعطف موجوں کی وضعیں کیا ہونگی۔

اگر طہ م اور طہ غ معمولی اور غیر معمولی شعاعوں کے انعطاف کے زاوئے ہیں اور ھر م اور ھر غ ان سے متعلق انعطاف نما تو ثابت کرو کہ

$$\frac{\text{مس طہ م}}{\text{مس طہ غ}} = \frac{\text{ھر م}}{\text{ھر غ}}$$

(۱۰) رفتارِ نور کی تعیین کا کوئی مستند تجربہ بیان کرو۔ اس رفتار کو محسوب کرنے کے لئے جس ضابطہ کی ضرورت ہو اس کو اخذ کرو۔

امتحان بی۔ اے شعبۂ فنون سنہ ۱۳۳۷ف مطابق سنہ ۱۹۲۸ع

---

۱۵ تیر ۔ ۱۱ تا ۲ ساعت

طبیعیات پرچہ سوم ۔ نشانات (۱۰۰)

ہدایت :۔ صرف سات سوالوں کے جواب لکھے جائیں ۔

(۱) مقناطیسی میلان کے زاویہ کی تعریف کرو ۔ اس کی براہ راست تعیین کا کوئی طریقہ بتاؤ ۔ اس زاویہ کی پیمائش کے لئے ارض امالی آلہ (Earth inductor) کس طرح استعمال کروگے ؟

(۲) تمھیں شیشہ کی ایک تختی دی جاتی ہے ۔ تم اس کی نوعی امالی گنجائش (Specific Inductive Capacity) کیسے دریافت کروگے ؟ جو ضابطہ استعمال ہو اس کا ثبوت دیا جائے ۔

(۳) برق پیما کا اصول سمجھاؤ ۔ آج کل کے مروج برق پیما کس اصول پر مبنی ہیں ؟ کسی ایک آلہ کی ساخت بتاؤ ۔

(۴) ہلم ہولٹس والے رو پیما (Helmholtz's Galvanometer) کے دونوں لچھوں کے مقناطیسی میدان کی حدت دریافت کرو جس میں سوئی حرکت کرتی ہے ۔

(۵) سست گام (Ballistic) اور اندفاعی (Dead beat) رو پیما کہاں استعمال ہوتے ہیں ؟ ان میں کیا فرق ہوتا ہے ؟ تصویر کے ذریعہ کسی اندفاعی رو پیما کی ساخت سمجھاؤ ۔

(۶) ایم پیما (Ammeter) اور وولٹ پیما (Voltmeter) کی ساخت میں کیا فرق ہوتا ہے؟ ام پیما سے وولٹ پیما کا کام کیسے لیا جا سکتا ہے؟ ایک متحرک لچھے والا رو پیما اسوقت پورا منصرف ہوتا ہے جب اس میں سے (۰۰۰۲ء۰) امپیر رو بہتی ہے۔ اس کی مزاحمت ۱۵ اوم ہے۔ اسے ۵ وولٹ کی سعت (Range) کے وولٹ پیما میں کیسے تبدیل کرو گے؟

(۷) ذاتی امالیت (Self-inductance) کی تعریف کرو۔ اور کسی لچھے کی ذاتی امالیت دریافت کرنے کا طریقہ بالتفصیل بیان کرو۔

(۸) نوعی مزاحمت کی تعریف کرو۔ اور مزاحمت کی پیمائش کے طریقے بتاؤ۔ بہت بڑی اور بہت چھوٹی مزاحمتوں کی پیمائش میں کیا مشکلات پیش آتی ہیں؟

(۹) ایک لمبی نلی میں سے ہوا بتدریج خارج کی جاتی ہے۔ اور اس میں برقی اخراج پیدا کیا جاتا ہے۔ تفصیل سے بیان کرو۔ کہ کیا مشاہدات نظر سے گزرتے ہیں۔

(۱۰) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر ایک مختصر مضمون لکھو۔

(ا) لا شعاعیں (X-Rays)

(ب) پلاٹینم کی مزاحمت کے ذریعہ تپش پیمائی۔

(ج) مکثفہ کا اخراج (Discharge of a Condeser)

امتحان بی۔اے شعبۂ فنون ۲۷ سالانہ ۱۹۲۸ء

۱۶ ستمبر — ۱۱ تا ۲ ساعت

طبعیات پرچہ چہارم (ذیلی ریاضی) — نشانات (۱۰۰)

ضروری اطلاع:۔ صرف سات سوال حل کئے جائیں تین حصہ اول سے اور چار حصہ دوم سے۔

حصۂ اول

(۱) لوک (۱ + لا) کو لا کی صعودی قوتوں میں پھیلاؤ اور ثابت کرو کہ وہ مستدق ہے اگر لا کی عددی قیمت ا سے کمتر ہے۔ ۱۴
اگر ما اور ا کوئی سے مثبت عدد ہوں تو بتاؤ کہ سلسلہ

$$\frac{ما - ا}{ما + ا} + \frac{۱}{۳}\left(\frac{ما - ا}{ما + ا}\right)^{۳} + \frac{۱}{۵}\left(\frac{ما - ا}{ما + ا}\right)^{۵} + \ldots\ldots$$

مستدق ہے اور اس سلسلہ کا حاصل جمع دریافت کرو۔
لوک$_{ہ}$ ۲ کو اعشاریہ کے چار مقاموں تک محسوب کرو۔

(۲) ملتف (Complex) عدد کی تعریف کرو اور ثابت کرو کہ علی العموم متعدد ملتف عددوں کا حاصل ضرب ایک ملتف عدد ہوتا ہے۔ ۱۴
ثابت کرو کہ اگر لا = جم طہ + خ جب طہ تو

۲ جم ن طہ = لاَ^ن + لاَ^ن اور ۲ خ جب ن طہ = لاَ^ن - لاَ^ن

اور اس کے ذریعہ ثابت کرو کہ

۶۴ جم^۷ طہ = جم ۷ طہ + ۷ جم ۵ طہ + ۲۱ جم ۳ طہ + ۳۵ جم طہ

(۳) تیسرے درجہ کی مثال لیکر ثابت کرو کہ اگر کسی مقطعہ کی دو صفیں ۱۴
(یا قطاریں) باہدیگر تبدیل کر دی جائیں تو مقطعہ کی علامت
تبدیل ہو جاتی ہے۔

ثابت کرو کہ

ا + ب	ب + ج	ج + ا	= ۲	ا	ب	ج
ب + ج	ج + ا	ا + ب		ب	ج	ا
ج + ا	ا + ب	ب + ج		ج	ا	ب

(۴) عام سے عام صورت میں دائرہ کی قطبی مساوات معلوم کرو۔ ۱۴
اگر خط مستقیم ا لا + ب ما = ۱ دائرہ ر = ک جم طہ کو مس
کرے تو اس کے لئے شرط دریافت کرو۔

(۵) ثابت کرو کہ قطع ناقص کے مزدوج قطروں کے سروں میں سے ۱۴
خطوط مماس کھینچنے سے جو متوازی الاضلاع بنتا ہے اس کا رقبہ
مستقل اور ۴ اَ بَ کے مساوی ہوتا ہے۔
قطع زائد کے لئے اس کے متناظر مسئلہ بیان کرو اور اسے ثابت کرو

(۶) ثابت کرو کہ ایسے دائرے کے مرکز کا طریق (Locus) ۱۴
جو کہ ایک ثابت نقطہ میں سے گزرتا ہے اور ایک ثابت
خط مستقیم کو مس کرتا ہے قطع مکافی ہے۔

حصہ دوم

(۷) (ا) تفرق کرو (i) $\frac{\text{لا}}{\text{لو}}$ کو بلحاظ سالا کے ۱۴

(ii) مس$^{-1}$ ($\frac{\text{ب}}{\text{ا}}$ مس لا) کو بلحاظ لا کے

(ب) اگر ما = ک جم (لوک لا) + ل جب (لوک لا)

$$\text{تو } \text{لا}^2 \frac{\text{فر}^2 \text{ما}}{\text{فر لا}^2} + \text{لا} \frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}} + \text{ما} = 0$$

(۸) جزوی تفرق اور مجموعی تفرق میں کیا فرق ہے؟ ۱۴
موزوں مثالیں دی جائیں۔
اگر ی = لوک (مس لا + مس ما) تو ثابت کرو کہ

$$\text{جب } 2 \text{ لا} \frac{\text{جف ی}}{\text{جف لا}} + \text{جب } 2 \text{ ما} \frac{\text{جف ی}}{\text{جف ما}} = 2$$

(۹) منحنی ما = (لا + ۴)^2 (لا - ۳) کے اعظم اور اقل معیّنوں ۱۴
کی قیمتیں معلوم کرو۔ اور نیز اس منحنی پر نقطہ عطف کا مقام
دریافت کرو۔

(۱۰) مندرجہ ذیل محدود (Definite) تکملوں کی قیمتیں محسوب کرو۔ ۱۴

(ا) $\int_0^{\text{ا}} \frac{\text{ا}^2 - \text{لا}^2}{(\text{ا}^2 + \text{لا}^2)^2} \text{ فرلا}$

(ب) $\int_0^{\frac{\pi}{2}} \frac{\text{فرلا}}{4 + 5 \text{ جب لا}}$

(۱۱) (ا) $\int \frac{(\text{لا}^2 + 8\,\text{لا} + 3)\,\text{فرلا}}{\text{لا}^3 + 2\,\text{لا}^2 - \text{لا} - 2}$ کی قیمت دریافت کرو۔ ۱۵

(ب) تکمل بالحصص کا قاعدہ ثابت کرو اور اس کے ذریعہ

$\int_0^{\frac{\pi}{2}} \text{جب}^{2\text{ک}}\,\text{لا}\ \text{فرلا}$ اور $\int_0^{\frac{\pi}{2}} \text{جب}^{2\text{ک}+1}\,\text{لا}\ \text{فرلا}$ کو محسوب کرو۔

(۱۲) گردشی مجسم کے حجم کی تعیین کا ضابطہ اخذ کرو۔ ۱۴

خط تدویر $\text{لا} = \text{ص}\,(\text{طہ} - \text{جب طہ})$، $\text{ما} = \text{ص}\,(1 - \text{جم طہ})$

لا کے محور پر گردش کرنے سے جو مجسم شکل بنتی ہے اس کا حجم دریافت کرو۔

(۱۳) مندرجہ ذیل مساواتوں کو تکمل کرو۔ ۱۴

(ا) $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} = \frac{2\,\text{لا} + \text{ما} - 2}{3\,\text{لا} + \text{ما} - 3}$

(ب) $\frac{\text{فری}}{\text{فرلا}} + \frac{\text{ی}}{\text{لا}}\,\text{لوک ی} = \frac{\text{ی}}{\text{لا}^2}\,(\text{لوک ی})^2$

[بذریعہ ابدال $\text{لوک ی} = \frac{1}{\text{ما}}$]

(۱۴) (ا) ایک منحنی کے لئے تفرقی مساوات $\text{ما} = \left(\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}\right)^2 \left(\text{لا} - \frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}\right)$ ۱۵

صادق آتی ہے اور نیز $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} = 0$ جبکہ $\text{لا} = \frac{1}{2}$

اس کی مساوات دریافت کرو۔

(ب) حل کرو $\frac{\text{فر}^2\text{ما}}{\text{فرلا}^2} - 3\,\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + 2\,\text{ما} = 5\,\text{ھ}^{\text{لا}}$

جہاں $ل_{۱}^{۲} + ل_{۲}^{۲} + ل_{۳}^{۲} = ۱$ وغیرہ وغیرہ

اور $ل_{۱}م_{۱} + ل_{۲}م_{۲} + ل_{۳}م_{۳} = ۰$ وغیرہ وغیرہ۔

(۳)

$$\begin{vmatrix} ۰ & ا & ب & ج & د \\ -ا & ۰ & ع & ف & گ \\ -ب & -ع & ۰ & ح & ک \\ -ج & -ف & -ح & ۰ & ل \\ -د & -گ & -ک & -ل & ۰ \end{vmatrix}$$

حصہ چہارم

(۱۱) پہلے رتبے کی تفرقی مساوات کے نادر حلوں کا نظریہ واضح طور پر بیان کرو اور اس کی تشریح ذیل کی مساوات سے کرو

$$لا \left(\frac{ور\, ما}{ور\, لا}\right)^{۲} - (لا - ا)^{۲} = ۰$$

(۱۲) ذیل کی مساواتوں کا کامل ابتدائی حاصل کرو

(۱) $$\frac{ور^{۴} ما}{ور\, لا^{۴}} + ۴\, ما = جب\, ۲\, لا$$

(۲) $$لا^{۲} \frac{ور^{۲} ما}{ور\, لا^{۲}} - (۲م - ۱)\, لا \frac{ور\, ما}{ور\, لا} + (م^{۲} + ن^{۲})\, ما = ن^{۲} لا^{م}\, لوگ\, لا$$

(۳) $$لا \frac{ور\, ما}{ور\, لا} - ما = (لا - ۱)\left(\frac{ور^{۲} ما}{ور\, لا^{۲}} - لا + ۱\right)$$

(۱۳) بیسل (Bessel) کی تفرقی مساوات

$$لا^2 \frac{فر^2 ما}{فر لا^2} + لا \frac{فر ما}{فر لا} + (لا^2 - ن^2) ما = ۰$$

کو حل کرو جہاں ن ایک حقیقی عدد ہے مگر صحیح نہیں ہے۔
ثابت کرو کہ اگر بجن اس مساوات کا ایک خاص حل ہو تو

$$بج_{ن-۱} + بج_{ن+۱} = \frac{2}{لا} ن بج_ن$$

(۱۴) (۱) $پ \frac{جف ی}{جف لا} + ق \frac{جف ی}{جف ما} = ر$

کے تکمل کا طریقہ بیان کرو۔ جہاں پ، ق، ر متغیر لا، ما، ی کے تفاعل ہیں۔

(۲) مساوات ذیل کا تکمل شارپی (Charpit) کے طریقۂ عمل سے کرو۔

$$\left(\frac{جف ی}{جف لا}\right)^2 \frac{جف ی}{جف ما} + \frac{جف ی}{جف لا} ما + \frac{جف ی}{جف ما} لا + لا^2 + ما^2 = ۰$$

(۱۵) ذیل کی مساواتوں کو تکمل کرو

(۱) $لا^2 \frac{جف^2 ی}{جف لا^2} - ما^2 \frac{جف^2 ی}{جف ما^2} = ۰$

(۲) $\frac{جف^2 ی}{جف لا^2} + ۳ \frac{جف^2 ی}{جف لا جف ما} + ۲ \frac{جف^2 ی}{جف ما^2} = لا + ما$

امتحان بی۔ اے۔ شعبۂ فنون ۱۳۳۷ف مطابق ۱۹۲۸ء

۲۵ خورداد   ۸ تا ۱۱ ساعت

طبیعیات پرچۂ پنجم (عملی)   نشانات (۱۰۰)

ہدایت:۔ (۱) امیدواروں کو چاہیئے کہ وہ ہر حصہ میں سے کوئی سے دو سوالوں پر نشان ڈالدیں جن کو وہ حل کرنا چاہتے ہیں۔ ایسے چھ نشان زدہ سوالوں میں سے کوئی ایک سوال ان کو حل کرنے کے لیئے دیا جائیگا۔

(۲) جوابات کی کتاب میں ہر ایک مشاہدہ کا ترتیب وار داخلہ مناسب جدول کی شکل میں ہونا چاہیئے۔

حصۂ اول

(۱) دی ہوئی شعری نلی کی اوسط تراشِ عمودی پارے کے چھوٹے ڈورے کے ذریعہ دریافت کرو۔ اور اسی نلی کو استعمال کرکے دئے ہوئے مائع کی لزوجت کی قدر معلوم کرو۔

(۲) شعری چڑھاؤ کی پیمائش سے کمرہ کی تپش پر دئے ہوئے مائع کا سطحی تناؤ معلوم کرو۔

(۳) مختلف اوزان کے تحت دی ہوئی سلاخ کے وسطی نقطہ کے جھکاؤ کی پیمائش سے اس کے مادہ کے ینگ کا معیارِ لچک دریافت کرو۔

(۴) دئے ہوئے تار کے مادہ کا معیار استواری مروڑی ارتعاشوں کے

مشاہدات کے ذریعہ معلوم کرو۔

حصۂ دوم

(۵) دیئے ہوئے صوت پیما کے تار کے ایسے طول دریافت کرو جو چند دیئے ہوئے دوشاخوں کے ساتھ گمک دیتے ہیں اور ان مشاہدات کے ذریعہ "تار کی طولی کثافت دریافت کرو۔

(۶) ہوائی اسطوانہ کے ارتعاشات کا مشاہدہ کرکے دی ہوئی سلاخ کے ینگ کا معیارِ لچک دریافت کرو۔

(۷) دی ہوئی ڈوری کے عرضی ارتعاشوں کا مشاہدہ کرو۔ اور اُن کے ذریعہ ڈوری کی کمیت فی میٹر معلوم کرو۔ [معلوم تعدد کے دوشاخے کو دونوں معیاری صورتوں میں استعمال کرنا چاہیئے]

حصۂ سوم

(۸) دیئے ہوئے مائع کی حرارتِ نوعی بھاپ گزار کر معلوم کرو۔

[بھاپ کی مخفی حرارت ۵۳۶ مان لی جائے]

(۹) دی ہوئی اسطوانی سلاخ کی موصلیت حرارت کی شرح دریافت کرو۔

(۱۰) کثافتِ اضافی کی بوتل کے ذریعہ دیئے ہوئے مائع کے حجمی پھیلاؤ کی اوسط ظاہری شرح تپش کے مندرجۂ ذیل حدود میں معلوم کرو۔

(ا) °۰م تا °۳۰م (ب) °۳۰م تا °۶۰م (ج) °۶۰م تا °۹۰م۔

(۱۱) ہوا کی دی ہوئی مقدار کے ہم تپشی اور ہرناگزار استحالوں کا مشاہدہ کرکے ہوا کی نوعی حرارتوں کی نسبت دریافت کرو۔

امتحان بی۔ اے شعبۂ فنون ۱۳۳۷ف م ۱۹۲۸ء

۲۶ خورداد ۸ تا ۱۱ ساعت

طبیعیات پرچۂ ششم (عملی) نشانات (۱۰۰)

ہدایت:۔ (۱) امیدواروں کو چاہیئے کہ وہ حصۂ اول میں سے کوئی سے دو اور حصۂ دوم میں سے کوئی سے چار سوالوں پر نشان لگادیں جن کو وہ حل کرنا چاہتے ہیں ایسے چھ نشان زدہ سوالوں میں سے اُنہیں کوئی ایک سوال حل کرنے کے لیئے دیا جائیگا۔

(۲) جوابات کی کتاب میں ہر ایک مشاہدہ کا ترتیب وار داخلہ مناسب جدول کی شکل میں ہونا چاہیئے۔

حصۂ اوّل

(۱) محض مناظری طریقہ سے دئے ہوئے عدسہ کے مادّہ کا انعطاف نما (مہ) دریافت کرو۔

(۲) طیف پیما کے ذریعہ دئے ہوئے مائع کا انعطاف نما دریافت کرو۔

(۳) انکساری جالی کے ذریعہ دی ہوئی گیس کے دو واضح طیفی خطوط کے طولِ موج معلوم کرو۔

حصۂ دوّم

(۴) وولٹا پیما (Volta meter) کے ذریعہ دئے ہوئے مماسی رَوپیما کا مستقل ۵۰ چکروں کے لئے دریافت کرو۔

[زمین کے اُفقی مقناطیسی میدان کی حدت ۰٫۳۶ ڈائن فرض کیجائے]

(۵) دئے ہوئے آلات کے ذریعہ زمین کے اُفقی مقناطیسی میدان کی حدت معلوم کرو۔

(۶) قوہ پیما کے ذریعہ دئے ہوئے دو تاروں کی نوعی مزاحمتیں دریافت کرو۔

(۷) دئے ہوئے آلات کے ذریعہ دے ہوئے ایم پیما کے کوئی چار نشانوں کی تعییر کرو۔

(۸) ایک ایسا منحنی تیار کرو جو دئے ہوئے رو پیما کے سروں کے تفاوت قوہ اور نشان نور (Spot of light) کے انصراف کے مابین تعلق بتائے اور اسی منحنی کے ذریعہ ۵۰ سمر انصراف کے لئے جو تفاوتِ قوہ درکار ہے اس کو دریافت کرو۔

(۹) برقی طریقہ سے "جو" (J) کی قیمت دریافت کرو۔

(۱۰) دئے ہوئے سلاخی مقناطیس کے گرد اس کے طول کے مختلف مقامات پر مقناطیسی نفاذ (Flux) کا تغیر ظاہر کرنے کے لئے ایک منحنی تیار کرو۔

امتحان بی۔اے شعبہ فنون ۱۳۳۷ف م ۱۹۲۸ء

۱۲ تیر　　　　　　　　　　۱۱ تا ۲ ساعت

کیمیا پرچہ اول　　　　　　　　نشانات ۱۰۰

انتباہ :۔ صرف چھ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ نشانات سب کے مساوی ہیں۔

۱　دُہنی سلسلے کے ہائیڈرآکسی تُرشے کس طرح تیار کئے جاتے ہیں؟ ان کے اہم خواص بیان کرو۔ حرارت کا ان پر کیا اثر ہوتا ہے؟

۲　الف۔ اصطلاح "حرکی ہم ترکیبی" سے کیا مُراد ہے؟ توضیح کے لئے دو مثالیں درج کرو۔

ب۔ خامرہ (Enzyme) کسے کہتے ہیں؟ مشہور مشہور خامروں کے نام لکھو اور جو تغیرات وہ پیدا کر سکتے ہیں اُن کو بیان کرو۔

۳　(ا) پیشاب اور (ب) غیر نامیاتی اشیا سے تم یُوریا کس طرح بناؤ گے؟ پیشاب میں یوریا کی تخمین کا کوئی قاعدہ بیان کرو۔

۴　تجارتی پیمانے پر گلسرول کیوں کر تیار کیا جاتا ہے؟ اس کے طبیعی اور کیمیائی خواص بیان کرو۔ گلسرول سے کیا کیا کار آمد اشیا بن سکتی ہیں؟

۵　(ا) ایسیٹک تُرشے کو سکسنک تُرشے میں (ب) ایتھل الکوحل

کو ایتھل مرکپٹان میں (ج) ایتھل مرکپٹان کو ایتھل سلفانک ترشے میں (د) بنزین کو بنزوئل کلورائیڈ میں (ہ) نائیٹرو بنزین کو کلورو بنزین میں اور (و) ٹولوئین کو بنزل ایمین میں تم کس طرح تبدیل کروگے ؟

۶ الف - فینولز کے قدرتی ماخذ کیا کیا ہیں ؟ ان کو نامیاتی ترشوں سے جدا کرنے کا طریقہ بیان کرو -

ب - کون سے تعاملات فینولز کے لئے مخصوص ہیں ؟

۷ الف - بنزین سے الکل اینیلینز (Alkyl anilines) کس طرح حاصل ہو سکتی ہیں ؟ گرم کرنے پر ان میں کیا تغیر واقع ہوتا ہے ؟

ب - نائیٹرس ترشے سے دہنی اور عطری ایمینز کے تعامل کا مقابلہ کرو -

۸ ان مختلف مرکبات کے نام اور ترسیمی ضابطے درج کرو جو ضابطہ C_7H_7Cl سے تعبیر کئے جاتے ہیں - ہر ایک کی تیاری کا ایک ایک قاعدہ بیان کرو - ان مرکبات کو ایک دوسرے سے کس طرح شناخت کیا جاتا ہے ؟

۹ نیفتھیلین (Naphthalene) کے ساخت نما ضابطے سے بالتفصیل بحث کرو -

امتحان بی اے شعبہ فنون ۳۳۷ف م ۱۹۲۸ء

۱۴ ستمبر ۱۱ تا ۲ ساعت

کیمیا پرچہ دوم نشانات ۱۰۰

انتباہ ۔ صرف چھ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں ۔

۱ مندرجہ ذیل اشیاء صنعتی پیمانہ پر کس طرح تیار کی جاتی ہیں مجملاً بیان کرو ۔

(ا) نائیٹرک ترشہ

(ب) کاربونل کلورائیڈ

(ج) امونیا

۲ کیفی تشریح میں آرسینک ۔ سنتھ اور پارے کو پورے طور پر جدا کرنے کے لئے کیا طریقے استعمال کئے جاتے ہیں ؟ علیحدگی کے بعد ان کے خالص ہونے کا امتحان کس طرح کیا جا سکتا ہے ؟

۳ آئیوڈین کا اہم قدرتی ماخذ کیا ہے ؟ اس ماخذ سے آئیوڈین کو کس طرح حاصل کیا جاتا ہے ۔

آئیوڈین کون سے لونجنوں کے ساتھ ترکیب کھا کر کیا کیا مرکبات پیدا کرتی ہے ؟

آئیوڈین کے آکسی ترشوں کا مختصر حال بیان کرو ۔

۴ پیچیدہ مرکبات سے کیا مراد ہے ۔ ان مرکبات اور معمولی

کیمیائی مرکبات میں کس طرح تمیز کی جاتی ہے ؟

۵ پوٹاسیئم پرمینگینٹ کس طرح تیار کیا جاتا ہے ؟ اس کے اہم مصرف کیا ہیں۔ مفصلہ ذیل اشیا پر اس کا کیا عمل ہوتا ہے ؟

(۱) ہائیڈروجن پر آکسائیڈ - (۲) آکسیلک ترشہ

۶ نظام دوری کا ایک مختصر سا خاکہ پیش کرو اور اس میں مینگینز اور ریڈیم کے مقام سے بحث کرو۔

۷ ڈھلواں لوہے کی تیاری میں بھٹی کے اندر جو کیمیائی تغیرات واقع ہوتے ہیں انھیں بالتفصیل بیان کرو۔

جرمن کچ دھاتوں سے فولاد تیار کرنے کے لئے کونسا طریقہ اختیار کیا جاتا ہے ؟ اور اس طریقہ میں کونسی چیز ضمنی طور پر حاصل ہوتی ہے ؟

۸ کاربن کی بہروپی شکلوں کے متعلق تمہیں کیا معلوم ہے ؟ بہروپی شکلیں اور کن عناصر میں عام طور پر پائی جاتی ہیں -

کوئلے سے ہیرا بنانے کے لئے مواساں (Moissan) نے کیا تدبیر اختیار کی تھی ؟

۹ قلوی دھاتوں اور ان کے مرکبات کے طبیعی اور کیمیائی خواص میں جو تدرج پایا جاتا ہے اس سے مفصل بحث کرو۔

امتحان بی اے شعبہ فنون ۳۷ء ۱۳۳۶ف م ۱۹۲۸ء

۱۵ تیر ۱۱ تا ۲ ساعت

کیمیا پرچہ سوم نشانات ۱۰۰

صرف چھ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں :-

۱ یک سالمی۔ دو سالمی اور سہ سالمی کیمیائی تعاملات کو مثالوں سے واضح کرو۔

ان تعاملات کی رفتاروں اور متعامل اشیاء کے ارتکازات میں جو رشتہ پایا جاتا ہے اسے بیان کرو۔

۲ رفتارِ تعامل پر ارتکاز کے علاوہ اور کن شرائطِ تجربہ کا اثر پڑتا ہے ؟ مفصل بیان کرو۔

۳ اونچے دباؤ پر گیسیں بائل کے کلیہ سے کیوں انحراف ظاہر کرتی ہیں ؟

معمولی گیسوں اور کامل گیس میں کیا فرق ہے ؟ اس سلسلہ میں وان ڈر والز کی مساوات سے بحث کرو۔

۴ جول۔ٹامسن کے اثر سے کیا مراد ہے ؟

گیسوں کی اماعت میں اس واقعہ سے کس طرح فائدہ اٹھایا جاتا ہے ؟

۵ کسی محلِّل کے نقطۂ انجماد کی پستی اور حل شدہ چیز کے سالمی

ارتکاز میں کیا رشتہ پایا جاتا ہے ؟

ایک تجربہ میں ۷۰ گرام پانی میں انگوری شکر کے X گرام حل کرنے سے پانی کے نقطۂ انجماد میں ۳ء ۰° کی پستی واقع ہوتی ہے ، بتاؤ کہ X کی قیمت کیا ہونی چاہیئے ۔ پانی کے لئے راؤل کے مستقل کی قیمت ۱۸٫۶ ہے ۔

۶ حل شدہ چیز کے سالموں اور رروانوں کے توازن پر اساسی کلیہ توازن کے اطلاق سے کیا رشتہ حاصل ہوتا ہے اور اس رشتہ سے کیا نتائج اخذ کئے جا سکتے ہیں ؟

۷ لسونتی اور معمولی محلولوں کے طبیعی خواص میں جو اختلاف پایا جاتا ہے اُسے مثالوں سے واضح کرو ۔ اس اختلاف کی وجہ کیا ہے ؟

۸ لسونتی نظاموں کی "بستگی" کس طرح عمل میں آتی ہے ۔ "محافظ برق پاشیدوں" اور محافظِ لسونتیوں سے کیا مراد ہے ؟ ان چیزوں کا عمل مثالوں سے واضح کرو ۔

۹ تحقیق جدید کے اعتبار سے "عنصر" کی تعریف کیا ہونی چاہیئے ۔

جدید نظریہ جواہر کے رُو سے ہیلیم کے جواہر کی ساخت کیا ہے ؟

امتحان بی۔اے شعبۂ فنون ۱۳۴۷ف مطابق ۱۹۲۸ء

۱۶ ستمبر   ۱۱ تا ۲ ساعت

کیمیا پرچہ چہارم طبیعیات فزیکلی   نشانات (۱۰۰)

ہدایت ۔ کل چھ سوالوں کے جوابات مطلوب ہیں ۔

(۱) اشیاء کے نقطۂ اماعت پر دباؤ کا کیا اثر ہوتا ہے؟ پانی کی مثال لیکر اصول حرحرکیات کی رو سے جواب کی توضیح کرو۔

(۲) پارے کے حقیقی حجمی پھیلاؤ کی شرح دریافت کرنے کا ایک طریقہ بیان کرو۔

(۳) اشیاء کی نوعی حرارت اور اوزانِ جوہر و اوزان سالمہ میں جو رشتے پائے جاتے ہیں مثالوں کے ساتھ انکی توضیح کرو۔

(۴) حرارتی انجن کی استعداد سے کیا مراد ہے؟ کسی انجن کی استعداد اور اس کے ماخذ اور مکثفہ کی تپش میں کیا رشتہ پایا جاتا ہے۔ نظری طور پر یہ رشتہ کیونکر اخذ کیا جاتا ہے۔

(۵) تقطیب پیما کی ساخت اور اس کا عمل بیان کرو۔ اس آلہ سے کیمیائی تشریح میں کیا مدد ملتی ہے؟

(۶) اگر تمھیں کسی پتلے عدسہ کا انعطاف نما اور اس کی کروی سطحوں کے انحنا معلوم ہوں تو اس سے موجی نظریہ کی بنا پر طول ماسکہ کا ضابطہ حاصل کرو۔

(۷) کسی برقی پاشیدہ کی نوعی مزاحمت دریافت کرنے کا کوئی آسان قاعدہ بیان کرو۔ اس تجربہ میں کیا احتیاط ملحوظ رکھی جاتی ہے؟

(۸) امالی لچھے کی ساخت بیان کرو۔ اور اس کے طریق عمل کو سمجھاؤ۔ اوّلی اور ثانوی لچھوں کی رو میں کیا فرق ہے؟

(۹) حر برقی قوتوں کے متعلق تمھیں جو کچھ معلوم ہو بیان کرو۔ ٹامسن (Thomson) کے اثر اور پالٹیئے (Peltier) کے اثر سے کیا مراد ہے؟

امتحان بی۔ اے۔ شعبۂ فنون ۱۳۳۷ف مطابق ۱۹۲۸ء

۲۵ خورداد — ۸ تا ایک ساعت

کیمیا پرچۂ پنجم (عملی) نشانات (۱۰۰)

نوٹ۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ دوسرے اور تیسرے میں سے کسی ایک کا انتخاب کیا جاسکتا ہے۔

۱۔ دئے ہوئے آمیزہ میں دو مثبت اور دو منفی اصلیے معلوم کرو۔

۲۔ تمہیں ایک نامعلوم نمک دیا جاتا ہے جس میں ایلومینیم موجود ہے۔ اس نمک میں ایلومینیم کی فیصد مقدار ثقلی قاعدے سے معلوم کرو۔

۳۔ تمھیں ایک محلول دیا جاتا ہے جس میں کلورین کے رواں موجود ہیں۔ اس محلول میں کلورین کے روانوں کی فیصد مقدار ثقلی قاعدے سے معلوم کرو۔

امتحان بی۔اے (شعبۂ فنون) ۱۳۳۷ف سنہ ۱۹۲۸ء

۲۶ خورداد ۸ تا ایک ساعت

کیمیا پرچہ ششم (عملی) نشانات ۱۰۰

نوٹ ۔ پہلا سوال لازمی ہے ۔ دوسرے اور تیسرے میں سے کسی ایک کا انتخاب کیا جا سکتا ہے ۔

(۱) آئیوڈو فارم کو قلمی حالت میں تیار کرو اور اسکا نقطۂ ماعت معلوم کرو ۔

(۲) تمھیں فیرس سلفیٹ دیا جاتا ہے ۔ اس نمک میں فیرس اور فیرک لوہے کا تناسب حجمی قاعدہ سے معلوم کرو ۔

(۳) تمھیں ایک نمک دیا جاتا ہے جسمیں سوڈیم کا کوئی کاربونیٹ موجود ہے اس نمک کی نوعیت حجمی طریقہ سے معلوم کرو ۔

امتحان بی اے شعبۂ فنون ۱۳۳۵ف م ۱۹۲۶ء

(۴)

۱۲ تیر	۱۱ تا ۲ ساعت

ریاضی پرچہ اول	نشانات ۱۰۰

صرف سات سوال حل کئے جائیں۔

(۱) بتاؤ کہ مستدق، متسع اور اہتزازی سلسلون سے کیا مراد ہے۔ ہر ایک کی ایک مثال دو۔

ذیل کے دو سلسلون کے استدقاق پر غور کرو۔

(الف) $لا + \frac{۱}{۲}\,\frac{لا^{۳}}{۳} + \frac{۱}{۲} \times \frac{۳}{۴} \times \frac{لا^{۵}}{۵} + \frac{۱}{۲} \times \frac{۳}{۴} \times \frac{۵}{۶} \times \frac{لا^{۷}}{۷} + \dots$

(ب) $\frac{۱}{۲\ لوگ\ ۲} + \frac{۱}{۳\ لوگ\ ۳} + \frac{۱}{۴\ لوگ\ ۴} + \dots$

۲۔ متوالی سلسلے کی تعریف کرو۔ نیز اس کا حاصل جمع دریافت کرو۔
ثابت کرو کہ طبعی اعداد کے مکعبون سے ایک متوالی سلسلہ بنتا ہے
اس طریقے سے ابتدائی ن طبعی اعداد کے مکعبون کا مجموعہ دریافت کرو۔

۳۔ $\sqrt{۱۳۰}$ کو سادہ کسر مسلسل کے طور پر پھیلاؤ۔
ثابت کرو کہ اگر $لا = ۱ + \frac{۱}{۱+}\,\frac{۱}{۱+}\,\frac{۱}{۱+} \dots$

تو $لا^{۲} = ۳ - \frac{۱}{۳-}\,\frac{۱}{۳-} \dots \dots$

۴ - $\frac{1}{(لا-۱)^2 (لا-۲)(لا+۳)}$ کو جزوی کسور میں تحویل کرو۔
نیز اس کسر کو سلسلہ ا + ب لا + ج $لا^2$ + .. کی شکل میں پھیلاؤ۔
لا کی کس قیمت کے لئے یہ پھیلاؤ مستدق ہے۔

۵ - ثابت کرو کہ مقطعہ کی قیمت میں کوئی فرق نہیں آتا اگر کسی سطر یا کالم کے اجزاء میں کسی دوسری سطر یا کالم کے تناظر اجزاء کے مساوی ضعف جمع کر دیئے جائیں۔

مقطعہ
$$\begin{vmatrix} ا & ب & ا & ا \\ ا & ب & ب & ب \\ ب & ب & ب & ا \\ ا & ا & ب & ا \end{vmatrix}$$
کی قیمت دریافت کرو

۶ - ثابت کرو کہ اگر ط + خ ص کسی حقیقی سروں والی جبریہ مساوات کا ایک حل ہو تو ط - خ ص بھی اس مساوات کی اصل ہوگی۔
اُن شرائط کو دریافت کرو کہ تین درجی مساوات $لا^3$ + ب لا + ج = ۰ کی اصلیں (i) تمام حقیقی (ii) ایک حقیقی اور دو مختلف اور (iii) دو مساوی ہوں۔

۷ - اگر مساوات ۳ $لا^3$ - لا + ۱ = ۰ کی اصلیں ل، م، ن ہوں تو وہ مساوات دریافت کرو جس کی اصلیں $\frac{1}{ل^2} + \frac{1}{م^2}$ ، $\frac{1}{م^2} + \frac{1}{ن^2}$ ، $\frac{1}{ن^2} + \frac{1}{ل^2}$ ہیں۔

۸ - کسی طریقہ سے مساوات $لا^4$ - ۴ $لا^3$ + ۱۲ $لا^2$ - ۵ لا + ۳۰ = ۰ کو حل کرو۔

۹۔ ثلثی تفاعل جم لا کو لا کی صعودی قوتوں میں پھیلاؤ۔

نیز ثابت کرو کہ جم لا جمز لا = ۱ − (۲^۲ لا^۴) / |۴ + (۲^۴ لا^۸) / |۸ − ......

۱۰۔ ذیل کے سلسلوں کے حاصل جمع دریافت کرو۔

(ا) ۱ + لا جم طہ + (لا^۲ / |۲) جم ۲ طہ + (لا^۳ / |۳) جم ۳ طہ + ...

(ب) جب عہ + لا جب (عہ + بہ) + (لا^۲ / |۲) جب (عہ + ۲ بہ)

+ (لا^۳ / |۳) جب (عہ + ۳ بہ) + ...

۱۱۔ ڈی مورسے کے مسئلہ کی مدد سے (√۳ + √−۱)^(۱/۴) کی تمام قیمتیں دریافت کرو۔ نیز ان قیمتوں کو آرگینڈ کی شکل کے ذریعہ دکھاؤ

اگر (۱ + خ لا/ا) (۱ + خ لا/ب) (۱ + خ لا/ج) .... = ا + خ ب

تو ثابت کرو کہ

مس^−۱ (ب/ا) = مس^−۱ (لا/ا) + مس^−۱ (لا/ب) + مس^−۱ (لا/ج) + .

۱۲۔ ثابت کرو کہ (مس^−۱ لا)^۲ = لا^۲ − ۱/۲ (۱ + ۱/۳) لا^۴ + ۱/۳ (۱ + ۱/۳ + ۱/۵) لا^۶ ....

جہاں لا^۲ < ۱

امتحان بی۔اے شعبہ فنون ۱۳۴۷ف م ۱۹۲۸ء

۴ اپریل — ۱۱ تا ۲ ساعت

ریاضی پرچہ دوم — نشانات (۱۰۰)

ہدایت۔ صرف سات سوال حل کئے جائیں۔ کسی حصہ سے چار سے زیادہ نہوں۔

۱۔ ایسی شرط معلوم کرو کہ درجہ دوم کی عام سے عام مساوات دو خطوط مستقیم کو تعبیر کرے۔

اگر ا لا^{2} + ۲ ھ لا ما + ب ما^{2} + ۲ گ لا + ۲ ف ما + ج = ۰ دو خطوط مستقیم ہوں تو ثابت کرو کہ ان کے نقطہ تقاطع سے مبدا کے فاصلے کا مربع $\frac{\text{ج (ا + ب) - ف}^{2}\text{ - گ}^{2}}{\text{اب - ھ}^{2}}$ ہے۔

۲۔ دو دائروں کے بنیادی محور کی مساوات معلوم کرو اور ثابت کرو کہ بنیادی محور مرکزوں کے ملانے والے خط پر عمود ہے۔

نقطہ (ا، ب) سے دائرہ لا^{2} + ما^{2} = ر^{2} کے مماسوں کا جوڑا کھینچا گیا ہے، ثابت کرو کہ جو مثلث ان مماسوں اور (ا، ب) کے قطبی سے بنتا ہے اُس کا رقبہ $\frac{\text{ر (ا}^{2}\text{ + ب}^{2}\text{ - ر}^{2})^{3/2}}{\text{ا}^{2}\text{ + ب}^{2}}$ ہے۔

۳۔ مکافی ما^{2} = ۴ ا لا کے عماد کی مساوات اس شکل ما = م لا - ۲ ا م - ا م^{3}

امتحان بی۔ اے شعبہ فنون ۱۳۳۷ف م ۱۹۲۸ء

۱۴ اتیر	۱۱ تا ۲ ساعت

ریاضی پرچہ دوم	نشانات (۱۰۰)

ہدایت۔ صرف سات سوال حل کئے جائیں۔ کسی حصہ سے چار سے زیادہ نہوں۔

۱۔ ایسی شرط معلوم کرو کہ درجہ دوم کی عام سے عام مساوات دو خطوط مستقیم کو تعبیر کرے۔

اگر ا لا + ۲ ھ لا ما + ب ما^۲ + ۲ گ لا + ۲ ف ما + ج = ۰ دو خطوط مستقیم ہوں تو ثابت کرو کہ ان کے نقطہ تقاطع سے مبدا کے فاصلے کا مربع

$$\frac{ج(ا + ب) - ف^۲ - گ^۲}{ا ب - ھ^۲}$$ ہے۔

۲۔ دو دائروں کے بنیادی محور کی مساوات معلوم کرو اور ثابت کرو کہ بنیادی محور مرکزوں کے ملانے والے خط پر عمود ہے۔

نقطہ (ا، ب) سے دائرہ لا^۲ + ما^۲ = ر^۲ کے مماسوں کا جوڑا کھینچا گیا ہے، ثابت کرو کہ جو مثلث ان مماسوں اور (ا، ب) کے قطبی سے بنتا ہے اُس کا رقبہ

$$\frac{ر(ا^۲ + ب^۲ - ر^۲)^{\frac{۳}{۲}}}{ا^۲ + ب^۲}$$ ہے۔

۳۔ مکافی ما^۲ = ۴ ا لا کے عماد کی مساوات اس شکل ما = م لا - ۲ ا م - ا م^۳

امتحان بی-اے سنہ ۱۳۳۷ف م ۱۹۲۸ء

۵ اسفند ۱۱ تا ۲ ساعت

ریاضی پرچہ سوم نشانات (۱۰۰)

اطلاع - صرف سات سوال حل کئے جائیں۔

۱- محدود تکملہ کی تعریف سے ثابت کرو کہ یہ ایک مجموعہ کی انتہا ہے تکملہ $\int_{ع}^{ب}$ جم لا فرلا کی قیمت دریافت کرو۔

$$\frac{ن}{ن^{۲}+۱^{۲}}+\frac{ن}{ن^{۲}+۲^{۲}}+\frac{ن}{ن^{۲}+۳^{۲}}+\cdots+\frac{ن}{ن^{۲}+ن^{۲}}$$

کی انتہائی قیمت دریافت کرو جبکہ ن لاتناہی کی طرف مائل ہو۔

۲- سادہ تکملہ کی صورت میں، ضروری شرائط کے ماتحت متغیر کو بدلنے کا ضابطہ قائم کرو۔ ذیل کے تکملوں کی قیمتیں دریافت کرو۔

$$\int_{0}^{\frac{ط}{۲}} \frac{فرلا}{۴+۵\,جم\,لا} \quad ، \quad \int_{0}^{۲ا} \sqrt{۲ا\,لا-لا^{۲}}\ فرلا \quad ، \quad \int_{0}^{\frac{ط}{۲}} \sqrt{ظم\,ط}\ فرط$$

۳- تکمل بالحصص کا ضابطہ قائم کرو۔

$\int$ جب^{م} لا جم^{ن} لا فرلا کے لئے تحویلی ضابطہ حاصل کرو اور م، ن کی مثبت صحیح قیمتوں کے لئے $\int_{0}^{\frac{ط}{۲}}$ جب^{م} لا جم^{ن} لا فرلا کی قیمت معلوم کرو۔

$\int$ لا^۲ ا^۲ – لا^۲ / ب ا^۲ + لا^۲ فرلا کو محسوب کرو [ابدال لا^۲ = ا^۲ جم ۲ طه]

۴— ذیل کے تکملوں کی قیمتیں محسوب کرو $\int$ لو^{لا} جم (ب لا + ج) فرلا

$\int$ فرلا / (لا + ۱) ا لا^۲ + ۱ ، $\int$ لا^۲ + ۱ / لا^۴ + ۱ فرلا

۵— معمولی ترقیم کے موافق ثابت کرو کہ فر ا / فرلا = ف (لا) جہاں ا وہ رقبہ ہے جو ف (لا) کی ترسیم محور لا اور دو معینوں کے درمیان گھرا ہوا ہے

ما^۲ (۱ – لا) = لا^۲ (۱ + لا) کو مرتسم کرو اور (۱) اسکے حلقہ کا رقبہ معلوم کرو۔

(۲) نیز منحنی اور متقارب کے درمیان کا رقبہ دریافت کرو۔

۶— ثابت کرو کہ اس قطاعی رقبہ کے مرکز ثقل کے محدد جو ر = ف (طه) اور سمتی قطروں طه = ع، طه = بہ کے درمیان گھرا ہوا ہے۔ یہ ہیں

لا = ۲/۳ $\int_ع^{بہ}$ ر^۳ جم طه فرطه / $\int_ع^{بہ}$ ر^۲ فرطه ، ما = ۲/۳ $\int_ع^{بہ}$ ر^۳ جب طه فرطه / $\int_ع^{بہ}$ ر^۲ فرطه

ثابت کرو کہ صنوبری ر = ا (۱ – جم طه) کا مرکز ثقل ابتدائی خط پر واقع ہے جو مبدأ سے ۵ا/۶ فاصلہ پر ہے

۷— تفرقی مساوات کے درجہ اور رتبہ میں تمیز کرو۔ تفرقی مساوات حاصل کرو جس کا ابتدائی حسب ذیل ہے۔

$$\text{ما} = \text{قو}^{\frac{\text{ک}}{۲}\text{لا}} \left(\text{ا} \ \text{جم ن لا} + \text{ب} \ \text{حب ن لا} \right)$$

اس میں ا اور ب اختیاری مستقل ہیں

اُن تمام دائروں کی تفرقی مساوات معلوم کرو جو محور لا کو مبدأ پر مس کرتے ہیں۔

۸— ذیل کی کسی دو مساواتوں کو تکمل کرو

(۱) $\left(۱ - \text{لا}^۲\right) \frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \text{لا ما} = \text{ا لا}$

(۲) $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} = \frac{۶\text{لا} + ۵\text{ما} - ۷}{۲\text{لا} + ۱۸\text{ما} - ۴}$

(۳) $\text{ما} = \left(\text{ع} + \text{ع}^۲\right)\text{لا} + \frac{۱}{\text{ع}}$ جہاں $\text{ع} = \frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}$

۹— مستقل سروں والی خطی تفرقی مساوات کے حل کی نوعیت پر بحث کرو۔ اور مثالوں کے ساتھ اپنے جواب کی توضیح کرو۔

ذیل کی تفرقی مساواتوں کو حل کرو۔

(۱) $\frac{\text{فر}^۲\text{لا}}{\text{فرت}^۲} - \frac{\text{فرلا}}{\text{فرت}} - ۶\text{لا} = ۵ \ \text{جم} ۲\text{ت} + ۷ \ \text{قو}^{۳\text{ت}}$

(۲) $\frac{\text{فر}^۲\text{ما}}{\text{فرلا}^۲} - ۶ \frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + ۱۳ \ \text{ما} = \text{لا}^۲$

۱۰— مساوات۔ $\text{لا}^{\text{ن}} \frac{\text{فر}^{\text{ن}}\text{ما}}{\text{فرلا}^{\text{ن}}} + \text{ا}_۱ \text{لا}^{\text{ن}-۱} \frac{\text{فر}^{\text{ن}-۱}\text{ما}}{\text{فرلا}^{\text{ن}-۱}} + \text{ا}_۲ \text{لا}^{\text{ن}-۲} \frac{\text{فر}^{\text{ن}-۲}\text{ما}}{\text{فرلا}^{\text{ن}-۲}} + \ldots \ldots + \text{ا}_{\text{ن}} \text{ما} = \text{و}$

کو جہاں $ا_۱$، $ا_۲$، ... مستقل ہیں اور و، لا کا تفاعل ہے ایسی شکل میں تحویل کرو جس میں سر مستقل ہوں۔

ذیل کی تفرقی مساوات کو حل کرو۔

$$\text{لا}^{۳} \frac{\text{فر}^{۳}\text{ما}}{\text{فرلا}^{۳}} + ۲\,\text{لا}^{۲} \frac{\text{فر}^{۲}\text{ما}}{\text{فرلا}^{۲}} - \text{لا} \frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \text{ما} = \text{لا} + \text{لا}^{۳}$$

امتحان بی۔اے (شعبہ فنون) ۱۳۴۷ف م سنہ ۱۹۲۸ء

۱۹ تیر ۱۱ تا ۲ ساعت

ریاضی پرچہ چہارم نشانات (۱۰۰)

صرف سات سوال حل کئے جائیں۔ کسی حصہ سے چار سے زیادہ نہ ہوں۔

حصہ اول

۱۔ مستوی سطح میں ایک نقطہ پر بہت سی قوتیں عمل کر رہی ہیں۔ سمت اور مقدار میں ان کے حاصل دریافت کرنے کا کوئی طریقہ بیان کرو۔

ایک نقطہ پر ۲۰ گرام وزن کی قوت مشرق کی سمت میں، ۲۵ گرام وزن کی قوت شمال سے ۶۰° مشرق کی طرف اور ۳۰ گرام وزن کی قوت شمال سے ۶۰° مغرب کی طرف، ۳۵ گرام وزن کی قوت جنوب مغرب اور ۲۵ گرام وزن جنوب مشرق کی سمت میں عمل کر رہی ہے۔ مربع دار کاغذ پر ترسیمی طریقہ سے ان کا حاصل دریافت کرو۔ نیز اس حاصل کے شمال مشرق اور جنوب کی سمت میں اجزا تحلیلی بتاؤ۔

۲۔ ثابت کرو کہ تعادل کے لئے ضروری اور کافی ہے کہ ایک جسم پر عمل کرنیوالی ہم مستوی متعدد قوتوں کے معیار اثروں کا جبریہ مجموعہ تین نقاط کے گرد (جو ایک خط میں نہیں ہیں) علیحدہ علیحدہ صفر ہو۔

دو ہلکی سلاخیں ا ب اور ا ج چار چار فٹ لمبی ہیں اور ا پر جوڑ کر انتصابی مستوی میں اس طرح رکھ دی گئی ہیں کہ سرے ب اور ج

چکنے افقی مستوی پر جھکے ہوئے ہیں۔ ب اور ج کو ۴ فٹ لمبی ڈوری سے باندھ دیا جاتا ہے۔ اگر وزن و سلاخ ا ج کے ایسے نقطہ د پر بندھا ہوا ہو جو افقی مستوی سے ۵ فٹ کی بلندی پر ہو تو ثابت کرو کہ ڈوری کا تناؤ $\frac{وھ}{۱۲}$ ہے۔

۳۔(ا) قائم اور غیر قائم توازن کی تعریف کرو اور بتاؤ کہ یہ مرکز ثقل کی بلندی پر کس طرح منحصر ہے۔ ایک چکنی منحنی سطح دوسری چکنی منحنی ثابت سطح پر ٹکی ہوئی ہے۔ قائم توازن کی شرط دریافت کرو۔

ایک ٹھوس استوانہ کے قاعدہ کا نصف قطر ۶ انچ ہے۔ اس کے قاعدہ پر مساوی نصف قطر کا ایک ٹھوس نصف کرہ اس طرح چسپاں کر دیا گیا ہے کہ نصف کرہ کی مستوی سطح قاعدہ پر منطبق ہوتی ہے۔ استوانہ کی بڑی سے بڑی بلندی دریافت کرو۔ تاکہ اس مرکب جسم کی کروی سطح افقی مستوی پر قائم توازن میں ٹک سکے۔

۴۔ پیچ کی گھائی سے کیا مراد ہے؟ چکنے پیچ میں قوت اور مزاحمت میں رشتہ دریافت کرو۔ نیز فرقی پیچ کا عمل بیان کرو۔

ایک پیچ والے جیک (Jack) کی گھائی $\frac{۱}{۲}$ انچ ہے اور قوت لگانے کے ہتھے کا طول ۲۰ انچ ہے۔ بتاؤ کہ موٹر کے پہیے اٹھانے میں جس پر $\frac{۱}{۲}$ ٹن کا وزن ہے کس قدر قوت لگانی پڑیگی جبکہ کام کا $\frac{۱}{۳}$ رگڑ کے خلاف میں ضایع ہو جاتا ہے۔

۵۔ ایک استوانہ جس کا طول ب ہے اور قاعدہ کا قطر ا ایک کھردری مائل سطح پر رکھا ہوا ہے سطح کا میلان ع ہے اور رگڑ کا قدر مہ۔ پھسلنے سے پہلے لڑھکنے کی شرط دریافت کرو۔

ایک ۲۰ فٹ لمبے زینے کا وزن ۶۰ پونڈ ہے اور یہ ایک چکنی دیوار پر اور کھردری افقی سطح پر افق سے ط زاویہ بناتا ہوا ٹکا ہے۔ اگر اس کا مرکز ثقل نچلے سرے سے ۸ فٹ کے فاصلہ پر ہو اور زینہ اور زمین کے درمیان رگڑ کی قدر ½ ہو تو بتاؤ کہ ط کی کم از کم قیمت کیا ہونی چاہیئے کہ ۱۴۰ پونڈ وزنی آدمی زینہ پر اوپر تک چڑھ سکے۔

حصہ دوم

۶۔ مستقل اسراع سے حرکت کرنے والے ذرہ کے لئے فاصلہ اور وقت میں رشتہ دریافت کرو۔

ایک ڈاک گاڑی کو چھوٹے اسٹیشن پر ایک منٹ کے لئے ٹھہرنا پڑتا ہے۔ یہ فرض کرکے کہ سکون سے پوری رفتار ۵۰ میل فی گھنٹہ حاصل کرنے میں ایک میل فاصلہ طے ہوتا ہے اور روکنے میں ½ میل، بتاؤ کہ کل کس قدر وقت ضائع ہوا۔

۷۔ قوت کی تعریف کرو۔ اور نیوٹن کے دوسرے قانون سے اس کی پیمائش کی اکائیاں دریافت کرو۔

ایک پنجرہ جس کا مجموعی وزن ۳ ٹن ہے ایک کان میں سے تار کے ذریعے (جو چرخی پر سے گزرتا ہے) کھینچا جارہا ہے اگر کھینچنے کی قوت مستقل ہو اور ۶ ثانیہ اٹھنے کے بعد پنجرے کی رفتار ۱۲ فٹ فی ثانیہ ہو جائے تو تار کا تناؤ دریافت کرو۔ نیز اگر پنجرہ میں آدمیوں کا وزن ۲۰ ۳ سٹون ہو تو پنجرہ کے فرش پر دباؤ دریافت کرو۔

۸۔ توانائی بالفعل اور توانائی بالقوہ کی تعریفیں کرو۔ نیز ان کے لئے جملے دریافت کرو۔ اصول بقار توانائی کی تشریح کرو۔ اور حرکیاتی مثالوں سے

اس کی توضیح کرو۔

ایک پہیہ کا وزن ۱۰۸۰۰ پونڈ ہے اور یہ سارا وزن پہیہ کے کنارے میں جس کا قطر ۱۵ فٹ ہے اکٹھا ہے۔ اگر پہیہ ایک منٹ میں ۸۰ چکر لگاتا ہے تو کنارہ کے ذرہ کی رفتار دریافت کرو۔ نیز پہیہ کی توانائی بالفعل حاصل کرو۔ اگر ۶ ہنڈرڈویٹ وزن کی یکساں مزاحمتی قوت کنارہ کے ایک نقطہ پر لگائی جائے تو بتاؤ کہ ایک چکر میں یہ کتنا کام کریگی۔ نیز ٹھہر جانے سے پہلے پہیہ کتنے چکر لگائیگا۔

۹۔ (ا) دو وزن ا = ۴ پونڈ اور ب = ۸ پونڈ ایک چکنی چرخی پر سے رسی کے ذریعہ بندھے ہوئے ہیں۔ ان کو اس طرح پکڑے ہوئے ہیں کہ دونوں وزن زمین سے ۴ فٹ کی بلندی پر ہیں جبکہ رسی تنی ہوئی ہے۔ اگر وزن ب بے لچک ہے اور زمین سے اچھلتا نہیں ہے تو بتاؤ (۱) کہ کتنی دیر ڈوری ڈھیلی رہیگی (۲) کس رفتار سے ب اوپر کی طرف جھٹکے سے زمین سے اٹھیگا (۳) اور وزن ب نیچے اترنے سے پہلے کتنا اوپر چڑھے گا۔

(ii) اگر ۱۲ گھنٹے میں ۳ انچ پانی پڑا اور اس کی رفتار زمین تک پہنچنے کے وقت ۱۲ فٹ فی ثانیہ ہے تو بارش کے گرنے سے پانی کے وزن کے علاوہ سوہ مربع فٹ پر اوسط دباؤ دریافت کرو۔ ا مکعب فٹ پانی کا وزن (۱۰۰۰) اونس ہے۔

امتحان بی۔اے شعبۂ فنون سنہ ۱۳۳۷ف م سنہ ۱۳۲۸ع

(ث)

۱۰ تیر ۱۱ تا ۲ ساعت

ریاضی پرچہ پنجم نشانات (۱۰۰)

ہدایت۔ صرف سات سوال حل کئے جائیں۔

۱۔ ایک ذرہ ایک مائل سطح کے ایک نقطہ سے ایک دی ہوئی رفتار سے پھینکا گیا ہے، سطح پر پڑے سے بڑا ٹپہ دریافت کرو۔

نقطہ و سے ایک گولہ اس طرح چلایا گیا ہے کہ یہ دو نقطوں ط اور ق میں سے گزرتا ہے۔ ثابت کرو کہ ط سے ق تک جانے کا وقت $\sqrt{\dfrac{\text{۲گ (جس عہ - جس بہ)}}{\text{ج}}}$ ہے۔

جہاں گ، طق کے ظل کی لمبائی ہے جو سطح افقی پر پڑے اور عہ اور بہ وہ زاوئے ہیں جو ط اور ق میں سے گزرنے والے انتصابی خطوط جو و میں سے گزرنے والی سطح افقی تک کھینچے جائیں، نقطہ و پر بناتے ہیں۔ اور ج اسراع بجاذبہ ارض ہے۔

۲۔ ثابت کرو کہ دو کروں کی سیدھی ٹکر کی صورت میں ٹکر سے پہلے اور بعد کی عمادی رفتاروں کا متعلقہ قانون اس طرح بھی بیان کیا جاسکتا ہے کہ کروں کی ٹکر کے دوران میں پچکنے اور ابھرنے کے صدموں کی نسبت مستقل رہتی ہے۔

دو چکنے کرے اس طرح آپس میں ٹکراتے ہیں کہ ان کی حرکت کی سمتیں باہم متبادل ہو جاتی ہیں، ثابت کرو کہ اِن کی حرکتوں کے معیار بھی مقدار میں آپس میں بدل جاتے ہیں۔

۳۔ ایک ذرہ ایک ثابت نقطے سے ایک ہلکی غیر لچکدار رسی کے ذریعہ معلّق ہے اور ایک افقی دائرہ میں گردش کرتا ہے۔ ثابت کرو کہ گردش کا وقت اس طرح بدلتا ہے جس طرح ثابت نقطہ سے نیچے ذرہ کی گہرائی کا جذر۔

ایک ریل گاڑی ۳۰ میل فی گھنٹہ کی رفتار سے ایک گول راستہ پر جا رہی ہے راستہ کا نصف قطر انحنا ۲۵۰ گز ہے۔ اگر پٹریوں کے درمیان فاصلہ ۵۶ً ہو تو بتاؤ کہ بیرونی پٹری کو کسقدر اٹھایا جائے کہ پٹری پر افقی دباؤ نہ پڑے۔

۴۔ ایک ذرہ کسی چکنے منحنی پر پھسل رہا ہے، یہ منحنی انتصابی سطح مستوی میں واقع ہے اگر اس کے دو نقطوں پر رفتاریں ر اور و ہوں تو ثابت کرو کہ $و^۲ - ر^۲ = ۲ ج ی$ جہاں ی نقطوں کے درمیان انتصابی فاصلہ ہے۔

ایک موٹر کار وزنی ایک ٹن، پرانی وضع کے محراب نما پل پر سے چل جا رہی ہے۔ اگر پل کا نصف قطر انحنا ۶۶ فٹ ہو اور موٹر پل کے بلند ترین مقام سے ۳۰ میل فی گھنٹہ کی رفتار سے گزرے تو بتاؤ کہ موٹر کے گزرنے کے وقت پل پر کے کسی نقطہ پر کیا دباؤ پڑ رہا ہے۔ نیز دریافت کرو کہ موٹر کے پہئیے پل سے الگ کب ہو جائنگے۔

۵۔ بسیط موسیقی حرکت کی تعریف کرو اور اسمیں کسی نقطہ پر کی رفتار اور طے شدہ فاصلہ کو وقت کے رقوم میں بیان کرو۔

ایک لچکدار ڈوری سے ایک پونڈ کا وزن لٹکایا جاتا ہے اور اسکی وجہ سے ڈوری ½ ۱" کھنچ جاتی ہے۔ اگر وزن میں ایک پونڈ کا اضافہ یکدم کردیا جائے تو اہتزازی حرکت کا دور دریافت کرو اور ڈوری کے طول میں بڑے سے بڑا اضافہ دریافت کرو۔
لچک کے بارے میں ہک کا کلیہ فرض کرلیا جائے۔

حصہ دوم

۶- ثابت کرو کہ اگر ایک ٹھوس جسم کسی مائع میں ڈوبا ہوا ہو تو ڈوبی ہوئی سطح پر کا حاصل دباؤ ہٹے ہوئے مائع کے وزن کے برابر ہوتا ہے۔ اس سے توازن کی شرطیں اخذ کرو۔
ایک ٹھوس نصف کرہ کو جسکا نصف قطر ۳ انچ ہے پارے کے نیچے تھام کر اس طرح رکھ دیا گیا ہے کہ اسکا قاعدہ انتصابی ہے اور اسکا مرکز پارہ کی سطح سے ۶ انچ نیچے ہے۔ اگر پارے کے ایک مکعب انچ کا وزن $\frac{\text{و}}{۱}$ ہو تو منحنی سطح پر کے حاصل مجموعی دباؤ کی مقدار اور سمت عمل دریافت کرو۔

۷- اگر ایک مثلث مائع میں پورے طور پر ڈوبا ہوا ہو اور اس کا ایک ضلع مائع کی سطح کے متوازی ہو تو ثابت کرو کہ دباؤ کا مرکز ان تین کمیتوں کے مرکز جمود (Centroid) پر ہے جو اضلاع کے نقاط تنصیف پر ہوں اور انکی مقداریں سطح سے نیچے ان کی گہرائیوں کے متناسب ہوں۔
ایک حوض کی ایک دیوار اسکی تہ سے اندر کی طرف مائل ہے۔ زاویہ میلان سمت انتصابی سے ۴۵° ہے اس دیوار میں ایک مستطیلی ترقی دروازہ

اب ج د ہے اور وہ افقی ضلع اب = ۴ فٹ پر قبضوں سے جڑا ہوا ہے۔ اس کا دوسرا ضلع ب ج = ۶ فٹ۔ حوض میں پانی اب تک بھر دیا گیا ہے۔ اگر دروازہ باہر کو کھلتا ہے اور عین کھلنے کے قریب ہے تو دروازہ کا وزن دریافت کرو۔

۸۔ ثابت کرو کہ ایک کامل گیس کی دی ہوئی مقدار کا دباؤ حجم سے معکوس نسبت رکھتا ہے اور تپش مطلق کے متناسب ہے۔ اس کے ثابت کرنے میں جن کلیوں کو تسلیم کرنا پڑتا ہے انہیں واضح طور پر بیان کرو۔
ایک کرہ کے اندر ہوا ہے۔ کرہ کا نصف قطر $\frac{3}{2}$ گنا کر کے اسکی تپش کو ۰° م سے ۱۳۰° م کر دیا گیا ہے۔ اگر ہوا کے پھیلاؤ کی قدر فی درجہ سنٹی گریڈ $\frac{1}{273}$ ہو تو اندر کی ہوا کے دباؤں میں نسبت دریافت کرو۔

۹۔ بارپیما کیا چیز ہے اور کس طرح استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک صحیح اور ایک ناقص بارپیما دو موقعوں پر دیکھے گئے ہیں اور انکی قراتوں میں بالترتیب $ل_1$ اور $ل_2$ انچوں کا فرق پایا گیا، اور صحیح بارپیما میں بلندیاں $ب_1$، $ب_2$ ہیں۔ ناقص بارپیما میں نقص ہوا گھس جانے کی وجہ سے ہے۔ اگر کسی وقت ناقص بارپیما کی بلندی ف ہو تو صحیح بارپیما کی بلندی دریافت کرو۔

۱۰۔ ایک آمیزہ مختلف اشیا کے مفروضہ وزنوں کو باہم ملانے سے بنایا گیا ہے۔ اشیا کی اضافی کثافتیں معلوم ہیں۔ آمیزہ کی کثافت اضافی دریافت کرو۔
ایک شخص کا وزن ۱۶۰ پونڈ ہے اور اسکی اضافی کثافت ۱٫۱ ہے

عام طور پر اسکی تشریح کرو کہ کسی مقام پر سورج گرہن کے شروع ہونے اور ختم ہونے کا وقت کس طرح معلوم کرتے ہیں۔ پورے سورج گرہن کے مشاہدہ کے لئے بہترین حالات بیان کرو اور بتاؤ کہ زیادہ سے زیادہ اسکی مدت کیا ہوسکتی ہے۔

۹۔ ایک منور نقطہ سے جو ایک دائرے کے مستوی میں واقع ہے، شعاعیں مکمل کر دائرے سے منعکس ہوتی ہیں۔ اس انعکاس کے آتشی منحنی (Caustic curve) کی مساوات دریافت کرو۔ بتاؤ کہ اگر منور نقطہ دائرے کے باہر کہیں بھی واقع ہو تو آتشی منحنی دائرے کو دو نقطوں پر مس کرتا ہے۔

۱۰۔ مساوی طول ماسکہ م کے دو عدسے ایک مشترک محور پر ایکدوسرے ۲ ف فاصلہ پر واقع ہیں۔ انکے عین بیچ میں شیشہ کا ایک کرہ رکھا ہوا ہے جس کا نصف قطر ص اور انعطاف نما مر ہے۔ پہلے عدسہ کے پیچھے ج فاصلہ پر کے ایک نقطہ سے شعاعوں کی ایک پتلی پنسل منبسع ہوتی ہے، اور اس عدسہ، کرہ اور دوسرے عدسہ سے منعطف ہوکر دوسرے عدسہ کے ج فاصلہ پیچھے ایک نقطہ پر مستدق ہوتی ہے ثابت کرو کہ

$$\frac{مر ص}{مر - ۱} = \frac{ف ج + ج م + م ف}{ج + م}$$

۱۱۔ ایک محدب عدسہ کی دونوں کروی سطحوں کا نصف قطر ص ہے اور ان سطحوں کے مرکز عدسہ کے باہر واقع ہیں۔ ثابت کرو کہ اگر $مر = \frac{ف}{(ف - ص)}$ تو عدسہ کے صدر نقطوں کے درمیان

فاصلہ ف = ۴م ہے جہاں ف کروی سطحوں کے مرکزوں کا درمیانی فاصلہ ہے اور م عدسہ کا عددی طول ماسکہ ہے ۔

۱۲ ۔ ریمسڈن (Ramsden) کے چشمہ کے دو مدقق عدسوں کے بیچ میں اگر ایک محدب عدسہ اس طرح رکھا جائے کہ ان کا درمیانی فاصلہ ل : ا کی نسبت سے تقسیم ہو جائے تو بتاؤ کہ یہ نظام متوازی شعاعوں کے لئے بے لونی (Achromatic) ہوگا اگر اس تیسرے عدسہ کا طول ماسکہ $\frac{م (ل - ۱)^۲}{۲ (ل + ۱)^۲}$ ہوگا اور تمام عدسے ایک ہی مادے کے بنے ہوئے ہونگے ۔

[نوٹ ۔ ریمسڈن کے چشمہ کے عدسوں کا طول ماسکہ م ہے اور انکا درمیانی فاصلہ $\frac{۲}{۳}$ م ہے ۔]

۱۳ ۔ عبوری دائرہ (Transit circle) کی تشریح کرو اور اسکی ان خطاؤں پر مفصل بحث کرو جنکا اسقاط صحت مشاہدہ کے لئے لازمی ہے ۔

امتحان بی۔ اے شعبۂ فنون ۳۲۷ف م ۱۹۲۸ء

(۵)

۱۸ ستمبر — ۱۱ تا ۲ ساعت

(۰)

ریاضی پرچہ ششم — نشانات (۱۰۰)

اطلاع ۔ صرف سات سوال حل کئے جائیں۔ حصۂ اول سے زیادہ سے زیادہ پانچ ہوں اور حصۂ دوم سے زیادہ سے زیادہ تین ۔

حصۂ اول

۱ ۔ ثابت کرو کہ (۱) کسی مقام کا عرض بلد، افق پر قطب سماوی کے ارتفاع کے مساوی ہوتا ہے۔ (۲) ع = ر ± م جہاں ع عرض بلد ہے م میل اور ر کسی جرم کا نصف النہاری راسی فاصلہ۔

دوپہر کے وقت، سب سے لمبے دن (۲۱ جون) کو ایک انتصابی سلاخ افقی سطح مستوی پر جو سایہ ڈالتی ہے اس کا طول سلاخ کے طول کے مساوی ہوتا ہے۔ مقام کا عرض بلد اور آدھی رات کے وقت سورج کا ارتفاع معلوم کرو۔

۲ ۔ کسی جرم فلکی کے روزانہ اختلاف منظر کی تعریف کرو اور ثابت کرو کہ یہ ایسے بدلتا ہے جیسے ظاہری راسی فاصلہ کی جیب ۔

بتاؤ کہ چاند کا افقی اختلاف منظر نصف النہاری مشاہدات کے ذریعہ کیونکر معلوم کرتے ہیں ۔

چاند کا افقی اختلاف منظر ۵۷ ہے، اس کا زاوی قطر ۳۲ ہے، زمین کے نصف قطر کو ۴۰۰۰ میل مان کر چاند کا نیم قطر میلوں میں معلوم کرو۔

۳۔ کسی ستارہ کا صعود مستقیم معلوم کرنے کے لئے فلیم سٹیڈ کا طریقہ بیان کرو۔

نقطہ راس الحمل کی استقبالی حرکت کی وجہ، اثر اور شرح حرکت پر نوٹ لکھو۔

۴۔ چاند گرہن کی وجہ اور گرہن لگنے کے حالات بیان کرو۔ چاند گرہن لگنے کے (طریق الشمس پر) حدود کیونکر معلوم کئے جاتے ہیں۔

سورج کا نیم قطر س ہے، چاند گرہن کے وقت سورج اور چاند کے افقی اختلاف منظر ح اور خ ہیں، ثابت کرو کہ زمین پر کے مشاہد کے لئے چاند کی دوری پر زمین کے سایہ کا زاوی نیم قطر ح + خ - س ہے اور ظل محض (Penumbra) کا زاوی نیم قطر ح + خ + س ہے۔ زمین کے ظل کا طول بھی دریافت کرو۔

۵۔ کسی دئے ہوئے نصف النہار پر اوسط وقت اور اسکے متناظر کوکبی وقت کے درمیان ذیل کا رشتہ ثابت کرو۔

کوکبی وقت = اوسط وقت + اوسط سورج کا صعود مستقیم

یکم مئی ۱۹۲۴ء کو ۸ بجے شام (اوسط مقامی وقت) کے مماثل حیدرآباد دکن کے لئے کوکبی وقت دریافت کرو۔

حیدرآباد دکن کا طول بلد ۵ گھنٹے ۱۴ منٹ ۴۸٫۹۸ سکنڈ

گرین وچ پر اوسط دوپہر کا کوکبی وقت یکم مئی ۱۹۲۴ء کو ۲ گھنٹے ۳۶ منٹ ۲۲٫۷۰ سکنڈ

۶۔ سیاروں کے کوکبی اور اقترانی دوروں کے درمیان رشتہ معلوم کرو۔

مشتری کا اقترانی دور ۳۹۹ دن ہے، اگر زمین کا اوسط فاصلہ سورج سے ۹۲۰ لاکھ میل ہو تو مشتری کا فاصلہ سورج سے تقریباً دریافت کرو۔

۷ — ذیل کے کسی تین مضامین پر مختصر نوٹ لکھو۔

ہیئتی انعطاف۔ عرض بلد کا دریافت کرنا۔ دوری دمدار تارے مجموعہ جبار، سدیم (Nebulæ)، دوہرے ستارے، چاند کے پہاڑ۔

حصہ دوم

۸ — داغہائے شمسی پر ایک مختصر مضمون لکھو۔ طیف نما کے ذریعہ کس طرح دریافت ہوا ہے کہ ان کے اندر مقناطیسی میدان ہوتے ہیں جو آفتاب کے عام مقناطیسی میدان سے مختلف ہیں۔

۹ — ستاروں کی روشنی کی نسبت (Light ratio) اور ان کی قدر (Magnitude) میں کیا تعلق ہے؟

پہلی اور دوسری قدر کے تین ستاروں کے نام لکھو۔ شعریٰ اور آفتاب کی اسی پیمانہ پر کیا قدریں ہونگی؟

α قنطورس (α Centauri) دوہرا ستارہ ہے، اس کے اجزاء کی قدریں ۰٫۳۳ اور ۱٫۷۰ ہیں۔ جب خالی آنکھ کو وہ بشکل ایک ہی ستارہ کے دکھائی دیتا ہے تو دریافت کرو اس کی کیا قدر ہے۔

۱۰ — طیف (Spectrum) کے لحاظ سے ستاروں کی درجہ بندی کیونکر کی جاتی ہے؟ طیف کی ہر قسم کے لئے مناسب ستاروں کی مثالیں بھی پیش کی جائیں۔

۱۱۔ تغیر پذیر (Variable) ستاروں کی مختلف اقسام پر ایک مختصر مضمون لکھو۔ بیسویں صدی عیسوی میں کون کونسے نئے ستارے (Novæ) دکھائی دئے ہیں؟ اِن نئے ستاروں کی رویت کے متعلق سب سے زیادہ مسلّم نظریہ بیان کرو۔

۱۲۔ تداخل پیما (Interferometer) کے ذریعہ سے بعض ستاروں کا قطر کس طرح ناپا گیا ہے۔ جواب تفصیل کے ساتھ ادا ہو۔ الدبران (Aldebaran) اور ابط الجوزا (Betelgeuse) کے قطر کے متعلق اِس طریقہ سے کیا معلومات حاصل ہوئی ہیں؟

۱۳۔ نصف النہاری دائرہ (Meridian circle) کی ساخت، اجزا کی ترتیب اور استعمال بیان کرو، اِس آلہ میں کیا کیا خطائیں واقع ہو سکتی ہیں اور ان کا دفعیہ کیونکر کیا جاتا ہے۔

امتحان ایم۔اے (شعبۂ فنون) ۱۳۳۶ف م ۱۹۲۸ء

ہفتم پرچہ — ۱۱ تا ۲ ساعت

نظم اردو — نشانات (۱۰۰)

(۱) ولی کی شاعری پر مندرجۂ ذیل حیثیتوں سے نظر ڈالو:—
(الف) زبان (ب) گرامر (ج) صنایع بدایع (د) خیالات — ۱۶

(۲) سودا کی ہجویہ نظموں پر ایک تنقیدی نوٹ لکھو اور اس صنفِ کلام میں اُس کے شاعرانہ تخیل پر بحث کرو۔ — ۱۰

(۳) میر کی مثنویات پر ذیل کے نقطہ ہائے نظر کا لحاظ کرکے اپنی رائے قلمبند کرو:—
(الف) میر کی زندگی و عادات (ب) میر کے زمانہ کا ماحول (ج) طرزِ بیان کی خصوصیات (د) میر کی خاص رائیں اور خیالات۔ — ۱۶

(۴) انیس کی شاعری پر مندرجۂ ذیل پہلوؤں سے نظر ڈالو:—
(الف) مرثیوں کے چہرے اور تمہیدیں (ب) مختلف واقعات میں ربط کے موقعے (ج) قصہ کی توسیع تخیل کی مدد سے (د) نظم کی شگفتہ زمینوں کی ایجاد۔ — ۱۶

(۵) مسدس حالی کی شاعری پر مذہبی، تاریخی، سیاسی اور ادبی پہلو سے بحث کرو۔ — ۱۶

(۶) ولایت سے آنے کے بعد اقبال کی شاعری میں جو تغیر ہوا، اُس کی تشریح کرو

اور خاص خاص نظموں کا حوالہ دو۔ ۱۰

(۷) میر حسن کی مثنوی پر مندرجۂ ذیل پہلوؤں سے بحث کرو:—
(الف) شاعری کا داخلی پہلو (ب) شاعری کا مقامی رنگ (ج) قصّہ کے خاص کیرکٹر (د) اندازِ بیان کا امتیاز۔ ۱۶

امتحان ایم اے (شعبۂ فنون) ۱۳۳۷ف م ۱۹۲۸ء

۸ تیر ۱۱ تا ۲ ساعت

اُردو نثر نشانات (۱۰۰)

[کل پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں]

(۱) غالب کے خطوط سے اون کی عادات و خصائل پر کیا روشنی پڑتی ہے؟

(۲) غالب کے رقعات اور دیباچوں کی زبان میں کیا فرق ہے؟

(۳) داستان امیر حمزہ کے تخیل کی بعض خصوصیات بیان کیجیے؟

(۴) داستان امیر حمزہ کے حسب ذیل اشخاص میں سے صرف ایک پر دلچسپ نوٹ لکھیے :-

(۱) عمرو عیار (۲) نوشیروان

(۵) سرسید کی ترقی کے اسباب کیا تھے؟

(۶) حسب ذیل میں سے صرف دو پر محققانہ نوٹ لکھیے :-

(۱) رسالہ اسباب بغاوت ہند (۲) ورنیکلر یونیورسٹی کے لئے سرسید کی تحریک (۳) سرسید کا سفر لندن

(۷) مولوی حالی کے اس بیان پر بحث کیجیے: "مگر خود اون (سرسید) کا یہ بیان تھا کہ جیسا تصنیف و تالیف میں میرا جی لگتا ہے ویسا اور کسی کام میں نہیں لگتا۔"

امتحان ایم اے شعبۂ فنون سنہ ۱۳۳۷ف سنہ ۱۹۲۸ء

---

۹ ر تیر ۱۱ تا ۲ ساعت

اُردو۔ تاریخ زبان وادب نشانات (۱۰۰)

---

(۱) کسی زبان میں دخیل الفاظ کے آنے کے کیا اسباب ہوتے ہیں؟ اُردو زبان میں دخیل الفاظ کی کیا نوعیت اور خصوصیت ہے، اپنے قول کی تائید میں مثالیں بھی پیش کیجئے۔

(۲) ازروئے لسانیات بولی اور زبان میں کیا فرق ہے؟ اس لحاظ سے اُردو کا تعلق کس خاندان سے اور اُس کی کس شاخ سے ہے؟ اُس شاخ کے تحت میں اور کون کون سی بڑی بڑی بولیاں یا زبانیں ہیں؟ مقابلہ کرکے بتاؤ کہ ان میں اور اُردو کی ساخت میں عام فرق کیا ہے؟

(۳) اُردو میں مثنوی کے ارتقاء پر بحث کیجئے۔ ان خاص خاص مثنویوں کا ذکر کیجئے جن کا اُردو ادب پر اثر پڑا ہے۔ اور ان کی خصوصیتیں بیان کیجئے۔

(۴) قومی یا وطنی شاعری کب سے شروع ہوئی اور اب تک اس شاعری نے کیا کیا رنگ پیدا کئے۔

امتحان ایم۔ اے۔ شعبۂ فنون ۱۳۴۷ف م ۱۹۲۸ء

۱۰ اتیر ۱۱ تا ۲ ساعت

اردو مضمون نویسی۔ نشانات ۱۰۰

عنوانات ذیل کے ماتحت کسی ایک مبحث پر مضمون لکھئے:۔

۱ موت ہے عیش جاودان ذوقِ طلب اگر نہ ہو۔

۲ اردو کا مستقبل پنجاب و دکن سے وابستہ ہے، نہ کہ صوبجات متحدہ سے۔

۳ موجودہ زمانے کے اردو رسالوں کے متعلق آپ کی کیا رائے ہے اور ان کا اردو ادب پر کیا اثر پڑا ہے؟

امتحان ایم ۔ اے شعبہ فنون ۱۳۳۷ف م ۱۹۲۸ء

اا رتیر   اا تا ۲ ساعت

ہندی بھاشا   نشانات ۱۰۰

۱ اشعار ذیل میں سے صرف چار کا ترجمہ اردو میں کیجئے اور یہ بتائے کہ یہ اشعار کس موقع پر کہے گئے ہیں اور انکی بحریں کیا ہیں۔ ۲۵

उचित तोहि भूपति यही, जन्म पौर कुल पाय।
जनमैगो तो घर सुवन, गुनी चक्कवे आय ॥१॥
रथ देखि मतङ्ग डस्योवनको यह माँहि तपोवन
आवत है। पग लंगर बेलि बनायमतो हरि
नानके झुंड भगावत है॥ तपको बनि मूरति
बिघ्न किधों बलसों तरुतोरत धावत है। मुख
मोरि निहारत पाछें जबै रथ कंधसो एक लगा
बत है॥२॥ त्यागि नगर याहूने दीनो। आश्रम
आय बास अब लीनो॥ करि पालन परजा
अपनी को। संचय करत यह तपही को॥
ऋषि पदवी पावन असि नीको। पहुँच्यो सुर
पुर याहु जती को॥ चारनवृन्द ताहि तहँ गावें।

आगे राजशब्द एकलावें ॥३॥ परघर को
धन धाय, पठे ताहि घर पीयखे। आज बिमल
मन होय, फेरि धरोहरि जिमि दई ॥४॥ एक
समय सब सहित समाजा। राजसभा रघु
राज बिराजा ॥ सकल सुकृत मूरति नरनाहू।
राम सुजस सुनि अतिहि उछाहू ॥ नृप सबर
हहिं कृपा अभिलाखे। लोकप करहिं प्रीति
रुख राखे ॥ त्रिभुवन तीनि कालजग माहीं
भूरि भाग दसरथ सम नाहीं ॥५॥

۲ سوال اول میں جن الفاظ کے نیچے نشان لگا ہوا ہے
ان کی ترکیب نحوی ہندی میں کیجیے اور الفاظ ذیل
کی اصل شکلیں لکھیے۔ ۲۰

गात, दाम, सुवन, चक्कवे, परजा, उछा,
हू, मग, रुख, अचरज, तिप.

۳ عبارت ذیل کا مطلب اردو میں لکھیے اور ہر ایک کا
موقع ومحل بھی بتائیے۔ ۱۵

इन मक्खियों को तो भला आपने यहांसे
दूर किया अब सुन्दर बृक्षों की छाया
में इस शिलापर बैठिये ॥१॥ हे सुन्दरी!

प्रार्थना तौ दोनों ओर समान है परन्तु
अनुग्रह सब भाँति तुम्ही पर है ॥२॥

۴ ہندی کہاں سے نکلی ہے اور اُس کی کتنی قسمیں ہیں ۔ ۱۵

۵ مندرجہ ذیل شاعروں میں سے صرف دو کی سوانح عمری ہندی میں لکھیے ۱۰

तानसैन, कबीर, तुलसीदास और
केशवदास ।

۶ پریم ودا کا کردار اُردو میں لکھیے اور شکنتلا ناٹک کا مختصر پلاٹ بھی بتائیے ۔ ۱۵

امتحان ایم۔اے (شعبۂ فنون) ۱۳۴۳ف م ۱۹۲۵ء

۱۲ تیر — ۱۱ تا ۲ ساعت

فارسی نظم ـ نشانات ۱۰۰

(۱) اشعار ذیل کے معانی لکھو اور ان میں جو تاریخی اشارے ہیں اُن کو واضح کرو:— ۱۵

نبی ار پاس ادب موجب نبودی گفتمی — ذوالفقار مرتضیٰ جا در دل کافر گرفت

ذوالفقار مرتضیٰ (دارای دین) دانی چه کرد — گه روان از عمر بستد گه سر از عنتر گرفت

گاه کشت آنگونه مرحب را که از حیرت نبی — مرحبا گویان لب انگشت جان پرور گرفت

گاه در صفین و گه در نهروان گاهی جمل — قلب از قالب دل از بر روح از پیکر گرفت

بر شد از دوزخ خروش قد کفانی بر سپهر — بسکه در بدر و احد از کافران کیفر گرفت

(۲) اشعار ذیل کا مطلب سلیس فارسی میں ادا کرو:— ۱۵

گرچه از زن سیرتان کارم چو خنثی مشکل است — حامل است از جان مردان خاطر عذرای من

گر بهفت اقلیم گوید کس بمثل این دو بیت — کافرم در القیامه مسجد اقصای من

شاعران را گرچه غاوون خوانده در قرآن خدای — هم از ایشان بود ظاهر وجه استهزای من

از مصاف بولهب فعلان به پیچانم عنان — چون رکاب مصطفیٰ شد مقصد و ملجای من

قاسم رحمت ابوالقاسم رسول الله که هست — در ولای او خدیو عقل و جان مولای من

۳ قاآنی اور خاقانی کے قصائد کا تنقیدی اصول کے ساتھ باہمی موازنہ کرو۔ ۱۰

(۴) اشعارِ ذیل کی مکمل طور پر تشریح کرو:— ۱۵

باچنیں ہنگامہ دہ وحدت نمی گنجد دوئی	مردہ را از خویش دریا بر کران انداختہ
رالفضی کش پویۂ دشت خیالت در دلست	وہم در شبگیر وستش بر عنان انداختہ
کاتبی کش نشأ وصف جلالت در سرست	لرزہ در تحریر کلکش از بنان انداختہ
نرد بانی بستہ با دیوار کاخی ور منظر	انتعاشی در نہاد این و آن انداختہ
رفتہ ہر کس تا قدمگاہی وز انجا خویش را	پایہ پایہ از فراز نرد بان انداختہ

(۵) اشعارِ ذیل کے مطالب کو واضح کرو:— ۱۵

علت عاشق ز علتہا جدا است	عشق اصطرلاب اسرارِ خدا است
عاشقی گر زین سر و گر زآں سرست	عاقبت ما را بداں سر رہبرست
ہرچہ گویم عشق را شرح و بیان	چوں بعشق آیم خجل باشم ازآن
گرچہ تفسیر زباں روشن گرست	لیک عشق بی زباں روشن ترست
چوں قلم اندر نوشتن می شتافت	چوں بعشق آمد قلم بر خود شگافت
عقل در شرحش چو خر در گل بخفت	شرحِ عشق و عاشقی ہم عشق گفت
آفتاب آمد دلیل آفتاب	گر دلیلت باید ازوی رو متاب

(۶) یہ جو مثنوی مولانا روم کے متعلق کہا جاتا ہے کہ "ہست قرآں در زبانِ پہلوی" کیا تم اس بیان کی تصویب کر سکتے ہو؟ اور یہ بھی بتاؤ کہ یہاں "زبانِ پہلوی" سے کیا مراد ہے؟ ۱۵

(۷) اشعارِ ذیل کا مطلب اُردو میں لکھو:— ۱۵

عزلی گرچہ ہست ما را نز وجانا عیب نیست	عاشقان را پیش خوباں خوار بودن ہم خوش است
جنگہائے او خوشست ار آشتی را جا بود	وز عتاب ناز در آزار بودن ہم خوش است
باخبر بودن خوشست اندر مقام زاہداں	بی خبر در خانہ خمار بودن ہم خوش است

۳

خواب نماند خلق را در همه شهر گر ز غمت — دور شنیده میشود در دل شب فغان من

هیچ عبارت از درون می نپذیرد سکون — گرچه شد آب جمله خون در تن ناتوان من

خشم کنان بیا که ما صلح کنیم یک دگر — جان و دلِ من آنِ تو رنج و غم تو آنِ من

امتحان ایم۔ اے (شعبۂ فنون) ۱۳۴۷ھ مطابق ۱۹۲۸ء

۱۴؍ اپریل ۱۱ تا ۲ ساعت

فارسی نثر نشانات (۱۰۰)

(۱) عبارت ذیل کا مطلب مع شرح سلیس اُردو میں لکھو اور الفاظ خط کشیدہ پر مختصر نوٹ تحریر کرو۔ ۴۰

(الف) تا محرر اعجازش بہ تحریر دفتر فرقان نہ نشست نسق دار الملک اعمال بظہور نہ پیوست، و از راست مزگی آواز نقش مخالف در عراق نشست و از بلند صدائی ساز آہنگ نیشاپور بحجاز پیوست، و مطالعہ اشارات ابروئش علیل فہمان بر مسند شفا دانی و بمذاکرہ قانون نگاہش تزولیدہ بیانان نظر یافتہ قواعد خوانی۔

(ب) ہر دل کہ حرص دنیا و شہوات معاصی در وی متمکن شود بدرجۂ رین و طبع رسد و ایں شایستگی در وی باطل شود و از عموم ایں شایستگی حق تعالیٰ خبر داد بدیں عبارت الست بربکم قالوا بلیٰ، و سود از عطارد خیزد کہ او را با مریخ مشاکلہ افتد تا محمود تا آنگاہ کہ عطارد بمقارنہ سعدین یا بہ تثلیث ایشان نرسد حال باصلاح نیاید۔

(ج) البتہ نگذاردکہ ہیچ غباری در فضاء مکاتبت از ہواء مراسلت بر دامن حرمتِ مخدوم او نشیند و در سیاقت سخن آں طریق گیرد کہ الفاظ متابع معانی آید و سخن کوتاہ تر گردد کہ فصحاء عرب گفتہ اند خیر الکلام ما قل و دل زیراکہ ہرگاہ کہ معانی متابع الفاظ افتد سخن دراز شود و کاتب را مکثار خوانند و المکثار مہذار۔

(۲) ان میں سے کسی ۵ پر نوٹ قلمبند کرو:- ۱۵

عالم خلق و عالم امر۔ تشبیہ و تعطیل۔ مباحیان و سطوقان۔ ہفت کشور۔ امہات عالم سفلی۔ کورنش۔ شاخ نبات۔ ملطفہ۔ قصیدۂ داغگاہ۔

(۳) بلحاظ سیاق و سباق عبارت کسی چار کا حل لکھو:۔ ۱۶

(الف) دیگری رالنصیب ازیں واقعہ پیش ازیں نبود کہ گوید او دست جنبانید پس کردار اندک نماز را تباہ نکند۔

(ب) اکنوں مرا از شامی باید گریخت یا نشمار از من۔

(ج) دانست کہ اگر ایں بار پا سواران خارا شگاف دست بہ تیغ آیدار کنند آتش لعل بدخشاں بخاک یکی خواہد شد۔

(د) باآنکہ رہش ہزار طولی دارد بہشت ست منازلش چو باغات بہشت

(ہ) بی موزہ پای در رکاب خنگ نوبتی آورد و روی بہ بخارا نہاد۔

(و) عمارت رباط چاہ از آں مال است۔

(ز) گور من در موضعی باشد کہ ہر بہاری شمال بر او گل افشاں کند۔

(۴) مندرجۂ (الف) (ب) (ج) میں سے کسی دو دو کے متعلق جو کچھ تم جانتے ہو لکھو:۔ ۱۲

(الف) اسکافی۔ عمر خیام۔ معلم اول۔ بہرام چوبیں۔ مسعود سعد سلمان علاء الدین جہانسوز۔

(ب) مقامات حمید۔ کتاب التفہیم۔ مجسطی۔ حکمت العین۔ قاموس۔ خفی علائی۔

(ج) غور۔ ری۔ تبریز۔ ارم۔ غزنیں۔ پیر پنجال۔

(۵) (الف) طبیب اور منجم کے متعلق امام غزالی اور نظامی عروضی کے خیالات کا مقابلہ کرو۔ ۱۵

